پانچ سو (۵۰۰) سے زائد اصطلاحات کا بیان

# اصطلاحات فقہ

باعتبار حروف تہجی



SABIYA
VIRTUAL PUBLICATION

محمد ندیم عطاری المدنی

پانچ سو(۵۰۰) سے زائد اصطلاحات کا بیان

# اصطلاحات

# فقہ

باعتبار حروف تہجی

محمد ندیم عطاری المدنی

SABIYA
VIRTUAL PUBLICATION

# تفصیلات

نـــــــــــــام:

## اصطلاحات فقہ

از قــــلـــــم:

ابنِ جاوید ابو ادب محمد ندیم عطاری مدنی

سَنَہ اشـــــاعت:

شعبان المعظم ۱۴۴۴ھ

MARCH 2023

صـــفحات:

186

OUR DESIGNING PARTNER

PURE SUNNI GRAPHICS

PUBLISHER

SABIYA VIRTUAL PUBLICATION

SABIYA VIRTUAL PUBLICATION

AMO

POWERED BY ABDE MUSTAFA OFFICIAL

info@abdemustafa.com

© 2023 All Rights Reserved.

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان، رحمت والا ہے۔

# Contents

ناشر کی طرف سے کچھ اہم باتیں ... 23
(آ) ........................... 25
1)آب جاری: ................ 25
2)آفاقی: ..................... 25
3)آئسہ: ...................... 25
4)آجر: ........................ 25
5)آمہ: ........................ 25
(ا) ........................... 26
1)الہام: ...................... 26
2)ارہاص: .................. 26
3)استدراج: ................. 26
4)اہانت: ..................... 26
5)ایمان: ...................... 26
6)اشاعرہ: .................... 27
7)استحاضہ: ................. 27
8)استبراء: ..................... 27
9)اوساط مفصل: ................ 27
10)ادغام: ..................... 27
11)اظہار ..................... 28
12)اخفاء: ..................... 28
13)اعتجار: .................... 28
14)اسبال: ..................... 28
15)المعروف کالمشروط: ........ 28
16)المعہود کالمشروط: ......... 28
17)ایام تشریق: ................ 29
18)اصحاب فرائض: ............ 29
19)استار: ..................... 29
20)اجارہ: ..................... 29
21)اجارہ فاسد: ................ 29
22)ایام منهیه: ................ 30
23)ایام بیض: .................. 30

24)ابنِ سبیل: .................. 30
25)ام ولد: ................... 30
26)اکراہ شرعی: ................. 31
27)اشہرِ حج: ................... 31
28)احرام: .................... 31
29)اضطباع: ................... 31
30)استلام: ................... 32
31)الماء صحیح: ................ 32
32)اجرتِ مثل: ................. 32
33)اخیاضی: .................. 32
34)ارکان بیع: .................. 32
35)استبراء: .................... 33
36)استصناع: ................... 33
37)اصیل: ..................... 33
38)اقالہ: ..................... 33
39)ایجاب وقبول: ................ 33
40)ایلا: ....................... 34
41)ایلائے مؤبد: ............... 34
42)ایلائے مؤقت: .............. 34
43)ابضاع: ................... 34
44)اجارہ باطل: ................. 34
45)اجیر: ...................... 34
46)اجیر مشترک: .............. 35
47)احتکار: ..................... 35
48)ادلۂ اربعہ: ................ 35
49)ارش: ..................... 35
50)استحسان: ................... 35
51)استدانہ: .................. 36
52)اصحاب فرائض: ............ 36
53)اضحیہ: ................... 36
54)اعتکاف: ................... 36
55)اکراہ شرعی: ............... 37

56)اکراہ تام: ................. 37
57)اکراہ ناقص: ................ 37
58)اوقات مکروھه: ........ 38
59)امانت: ................... 38
60)امرد: .................... 38
61)ایام نحر: .................. 39
62)ایداع: ................... 39
**(ب)** ........................40
1)بدعت: ....................40
2)بدعت مذموعہ: ..............40
3)بدعت مکروھه:..........40
4)بدعت حرام: ................40
5)بدعت مستحبہ: ............ 41
6)بدعت جائز(مباح) ........ 41
7)بدعت واجب: ............. 41
8)بیع وفا: ..................... 41
9)بنی ہاشم: .................... 42
10)باب السلام: ............... 42
11)باب الکعبہ: ................ 42
12)بیر زم زم: ................. 42
13)باب الصفا: ................ 43
14)بطن عربہ: .................. 43
15)بدنہ: ...................... 43
16)باب الحزورہ: ............. 43
17)برزخ: ...................... 43
18)بلغار: ...................... 44
19)بیگھہ: ...................... 44
20)بائع: ....................... 44
21)بدل خلع: .................. 44
22)بدل کتابت: ............... 44
23)بکر: ........................ 44
24)بوہرا: ...................... 45

25)بیت المال: ............... 45
26)بیع: ....................... 45
27)بیع باطل: .................. 45
28)بیع تعاطی: ................ 45
29)بیع تلجئہ: ................ 46
30)بیع سلم: .................. 46
31)بیع حرف: ................. 46
32)بیع عینہ: ................. 47
33)بیع فاسد: ................. 47
34)بیع مقایضہ: .............. 47
35)بیع مکروہ: ............... 47
36)بیع مزابنہ: ............... 48
37)بیع ملامسہ: .............. 48
38)بیعانہ: .................... 48
39)باضعہ: .................... 49
40)بدعت سیئہ: ............ 49
41)بضاعت: ................. 49
(پ) ......................... 50
1)پارسا: ..................... 50
(ت) ......................... 50
1)تقلید: ..................... 50
2)تثویب: ................... 50
3)تعدیل ارکان: ............ 51
4)ترخیم: .................... 51
5)تکبیرات تشریق: ........... 51
6)تصفیق: ................... 51
7)تحیۃ المسجد: ............. 51
8)تحیۃ الوضوء: .............. 52
9)تلبیہ: ...................... 52
10)تنعیم: .................... 52
11)تتویہ: .................... 52
12)تحالف: .................. 52

13)تحریف: ................ 53
14)تحکیم: .................... 53
15)تخارج:.................... 53
16)ترکہ: .................... 53
17)تزکیہ:.................... 54
18)تعزیر: ................... 54
19)تعلیق: ................... 54
20)تولیہ: .................... 54
21)تاویل: ................... 54
22)تحری: ................... 55
23)تخارج:کی دوسری تعریف:.. 55
24)تعریض: ................ 55
25)تعزیر: ................... 55
26)توریہ: ................... 56
**(ث)** ........................ 56
1)ثمن: ...................... 56
2)ثمن خلقی: .................. 56
3)ثمن غیر خلقی (عرفی): ......... 57
4)ثیب: ........................ 57
**(ج)** .......................... 58
1)جزیہ: .................... 58
2)جلسہ: ...................... 58
3)جماعت نوافل بالتداعی: ...... 58
4)جریب: .................... 58
5)جحفہ: ...................... 59
6)جعرانہ: ................... 59
7)جمرات: .................... 59
8)جبل رحمت: ............... 59
9)جرم غیر اختیاری: ........... 60
10)جنایت:.................. 60
11)جرح مجرد: ................ 60
12)جنون: ................... 60

13)جنون مطبق: ............ 61
14)جارح: .................. 61
15)جار ملاصق: ............... 61
16)جانی: ..................... 61
17)جائفہ: ................... 61
18)جد صحیح: .................. 61
19)جد فاسد: .................. 62
20)جدہ صحیحہ: ........... 62
21)جدۂ فاسدہ: .............. 62
(چ) ......................... 63
1)چار پہر: .................... 63
(ح) ......................... 63
1)حرام قطعی: ................ 63
2)حیض: ..................... 63
3)حدث اصغر: ................ 64
4)حدث اکبر: ................. 64
5)حاجت اصلیہ: .............. 64
6)حطیم: ....................... 64
7)حلق: ........................ 64
8)حرم: ........................ 65
9)حل: ......................... 65
10)حج بدل: ................... 65
11)حج قران: .................. 65
12)حج تمتع: .................. 66
13)حج افراد: ................. 66
14)حاجب: ..................... 66
15)حد: ........................ 66
16)حد قذف: ................... 67
17)حوالہ: ..................... 67
18)حویل: ..................... 67
19)حارصہ: .................... 67
20)حج: ....................... 67

21)حجب: .................... 68
22)حجب نقصان: ............. 68
23)حجب حرمان: .............. 68
24)حجر: ...................... 68
25)حربی: ..................... 68
26)حسد: ..................... 69
27)حکومت عدل: ............. 69
(خ) ........................... 70
1)خلافت راشدہ: ............. 70
2)خطاء مقرر: ................ 70
3)خطا منکر: ................... 70
4)خطا استواء: ................ 70
5)خنثی مشکل: ................ 71
6)خلع: ........................ 71
7)خروج بغنعه: ............. 71
8)خیار شرط: .................. 71
9)خیار رؤیت: ................. 71
10)خیار عیب: ................ 72
11)خراج مقاسمہ: ............. 72
12)خراج مؤظف: ............. 72
13)خراج: ..................... 72
14)خراج مقاسمہ: ............. 73
15)خراج مؤظف: ............. 73
16)خلع: ....................... 73
17)خلوت صحیحہ: ............. 73
18)خلوت فاسدہ: ............. 73
19)خیار بلوغ: ................. 74
20)خیار عتق: ................. 74
21)خراج: ..................... 74
22)خمر: ....................... 74
23)خنثی مشکل: ............... 75
(د) ........................... 76

1)دلیل قطعی: .................. 76
2)دلیل ظنی: .................. 76
3)دار الحرب: .................. 76
4)دار الاسلام: .................. 76
5)دین قوی: .................. 77
6)دین متوسط: .................. 77
7)دین ضعیف: .................. 77
8)دین معیادی: .................. 77
9)دین معجل: .................. 77
10)دم: .................. 78
11)دائن: .................. 78
12)دیت: .................. 78
13)دین: .................. 78
14)دین مؤجل: .................. 78
15)دین میعاد: .................. 79
16)دامعہ: .................. 79
17)دامیہ: .................. 79
18)دیانات: .................. 79
(ذ) .................. 80
1)ذوی الارحام: .................. 80
2)ذمی: .................. 80
3)ذوالحلیفہ: .................. 80
4)ذات عرق: .................. 80
5)ذی الحلیفہ: .................. 81
6)ذوی الفرض: .................. 81
(ر) .................. 82
1)رکن: .................. 82
2)رطل: .................. 82
3)رتی: .................. 82
4)رحل: .................. 82
5)رمی: .................. 82
6)رکن اسود: .................. 83

7)رکن عراقی: .................. 83
8)رکن شامی: .................. 83
9)رکن یمانی: .................. 83
10)راہن: .................. 83
11)رب السلم: .................. 84
12)رب المال: .................. 84
13)رجعت: .................. 84
14)رجم: .................. 84
15)رہن: .................. 84
16)رافضی: .................. 85
17)رضاعت: .................. 85
18)رقبی: .................. 85
19)رکن: .................. 85
20)ریا و سمعہ: .................. 85
21)راس المال: .................. 85
(ز) .................. 86
1)زادراہ: .................. 86
(س) .................. 86
1)سنت مؤکدہ: .................. 86
2)سنت غیر مؤکدہ: .................. 86
3)سایہ اصلی: .................. 87
4)سجدۂ شکر: .................. 87
5)سائمہ: .................. 87
6)سعی: .................. 87
7)سعایت: .................. 88
8)سجدۂ تحیت: .................. 88
9)سدل: .................. 88
10)سمحاق: .................. 88
11)سوت: .................. 88
12)سوگ: .................. 89
(ش) .................. 89
1)شفاعت بالوجاھۃ: ........ 89

2)شفاعت بالمحبة:........... 89
3)شفاعت بالاذن:............. 89
4)شرک:...................... 90
5)شفق:...................... 90
6)شرط:...................... 90
7)شفع اول، شفع ثانی:......... 90
8)شیخ فانی:.................. 90
9)شفعہ:..................... 91
10)شهادة على الشهادة:.... 91
11)شبہ فعل یا شبہ اشتباہ:........ 91
12)شرط:..................... 91
13)شرکت:................. 92
14)شرکت اختیاری:........... 92
15)شرکت بالعمل:........... 92
16)شرکت جبری:............. 92
17)شرکت عقد:............. 93
18)شرکت عنان:............. 93
19)شرکت مفاوضہ:........... 93
20)شرکت ملک:............. 94
21)شرکت وجوہ:............. 94
22)شفیع:..................... 94
23)شہادت:.................. 95
24)شہادۃ علی الشہادۃ:......... 95
25)شجاج:.................... 95
26)شراب:................... 95
27)شرب:.................... 95
28)شکار:.................... 96
29)شیخین:................... 96
**(ص)**....................... 97
1)صبح صادق:.................. 97
2)صبح کاذب:................... 97
3)صاحب ترتیب:............. 97

4)صاحبین: .................. 97
5)صلوۃ الاوابین: .............. 98
6)صلوۃ اللیل: ................. 98
7)صلوۃ التسبیح: ............... 98
8)صلوۃ الاسرار (نماز غوثیہ)..... 98
9)صلوۃ الترغائب: ............. 99
10)صاع: ................... 99
11)صوم داؤد علیہ السلام: ...... 99
12)صوم سکوت: .............. 99
13)صوم وصال: .............. 99
14)صوم دہر: ................ 99
15)صدقہ: ................. 100
16)صحیحین: ................ 100
17)صلح: ................... 100
18)صھریج: ................. 100
(ض) ...................... 101
1)ضروریات دین: ........... 101
2)ضحوۂ کبری: .............. 101
(ط) ....................... 102
1)طوال مفعل: .............. 102
2)طلاق بائن: ............... 102
3)طواف: .................. 102
4)طواف قدوم: .............. 102
5)طواف زیادۃ: ............. 102
6)طواف وداع: .............. 103
7)طواف عمرہ: .............. 103
8)طالب: .................. 103
9)طرفین: ................. 103
10)طلاق: ................. 103
11)طلاق رجعی: ............ 104
12)طرفین: ................ 104
13)طلاق مغلظہ: ........... 104

14)طالب مواثبہ: ............104
15)طلب تقریر طلب اشھاد: ..104
16)طلب تملیک: ...........105
(ظ) .......................106
1)ظہار: ....................106
(ع) .........................106
1)علم ذاتی: ..................106
2)علم عطائی: .................106
3)عشرہ مبشرہ: ...............107
4)عبادت مقصودہ: ............107
5)عبادت غیر مقصودہ: .........107
6)عرض بلد: ..................107
7)عاریت: ....................108
8)عمل قلیل: ..................108
9)عمل کثیر: ..................108
10)عصبہ: ...................108
11)عاشر: ...................108
12)عامل: ...................109
13)عرفات: ..................109
14)عدت: ....................109
15)عشر: ....................109
16)عشری زمین: .............110
17)عصبات: ..................110
18)عصبہ بنفسہ: .............110
19)عقد: .....................110
20)عقد کتابت: ..............111
21)عقر: .....................111
22)علاتی: ...................111
23)عنین: ....................111
24)عیب: ....................111
25)عاریت: ..................112
26)عاقد: ....................112

27)عاقلہ: .................. 112
28)عبدِ ماذون: ............... 112
29)عصبہ نسبی: .......... 112
30)عصبہ سببی: .......... 113
31)عصبہ بغیرہ: .......... 113
32)عصبہ مع غیرہ: ....... 113
33)عقیقہ: ................. 113
34)علم الفرائض: ............ 114
35)عمریٰ: .................. 114
36)عول: .................. 114
(غ) ........................ 115
1)غنہ: ...................... 115
2)غارم: ..................... 115
3)غاصب: ................. 115
4)غبن فاحش: ............... 115
5)غبن یسیر: ................ 116
6)غصب: .................. 116
7)غلام ماذون: ............... 116
8)غلام مجور: .................. 116
9)غنیمت: .................. 116
10)غیر محصن: .............. 117
11)غبطہ: .................. 117
12)غرہ: .................... 117
13)غلام ماذون: ............. 117
14)غیبت: ................ 118
15)غیر مستامن: ........... 118
(ف) ........................ 119
1)فرض: .................... 119
2)فرض کفایہ: ................ 119
3)فقیر: ...................... 119
4)فار بالطلاق: .............. 119
5)فارہ: ...................... 120

6)فضولی: ................... 120
(ق) ........................ 121
1)قیاس: ................... 121
2)قصار مفصل: ............. 121
3)قیمت: ................... 121
4)قصر: ..................... 121
5)قرن المنازل: ............ 121
6)قومہ: ...................... 122
7)قتل عمد: ................. 122
8)قذف: ..................... 122
9)قرض: ...................... 122
10)قصاص: ................. 122
11)قضا: ...................... 123
12)قیمت: ................... 123
13)قیمی: ..................... 123
14)قادیانی: ................. 123
15)قتل شبہ عمد: ........... 123
16)قتل خطا: ................. 124
17)قتل قائم مقام خطا(شبہ خطا)
............................... 124
18)قتل بالسبب: ............ 124
19)قسامت: ................. 124
20)قیراط: ................... 125
(ک) ........................ 126
1)کرامت: .................. 126
2)کعبہ: ..................... 126
3)کوہ صفا: .................. 126
4)کوہ مروہ: ................. 126
5)کفالت: .................. 126
6)کفالت بالدرک: .......... 127
7)کفو: ...................... 127
8)کفیل: .................... 127

9)کنایہ:......................127
10)کفارہ:....................127
11)کفارہ یمین:..............127
12)کفارہ قتل خطا:............128
13)کلالہ:....................128
(گ)........................128
1)گواہی:....................128
(ل)..........................128
1)لاحق:.....................128
2)لاحق مسبوق:..............128
3)لحد:......................129
4)لقطہ:.....................129
5)لقیط:.....................129
6)لحن:.......................129
(م).........................130
1)معجزہ:....................130
2)محکم:....................130
3)متشابہ:....................130
4)معونت:....................130
5)ماتریدیہ:.................130
6)مستحب:...................131
7)مباح:.....................131
8)مکروہ تحریمی:.............131
9)مکروہ تنزیہی:.............131
10)منی:.....................132
11)مذی:....................132
12)معذور:...................132
13)مباشرت فاحشہ:.........132
14)مائے مستعمل:...........132
15)مرتد:.....................133
16)مثل اول:................133
17)مثل ثانی:................133

18)محال عادی: ............ 133
19)محال شرعی: ............134
20)مدولین: ...............134
21)مدرک: ...............134
22)مسبوق: ...............134
23)مکاتب: ...............134
24)مثقال: ............... 135
25)ماشہ: ............... 135
26)مسکین: ............... 135
27)مہر معجل: ............ 135
28)مہر مؤجل: ........... 135
29)مستور: ............... 136
30)مسجد بیت: ............ 136
31)مطاف: ............... 136
32)مسجد الحرام: ........... 136
33)ملتزم: ................ 136
34)مستجار: ................ 136
35)مستجاب: ............... 137
36)میزاب رحمت: ......... 137
37)مقام ابراہیم: .......... 137
38)میلین اخضرین: ........ 137
39)مسعی: ................ 138
40)میقات: ............... 138
41)منی: .................. 138
42)مزدلفہ: ............... 138
43)محسر: ................. 139
44)مدعی: ................ 139
45)مرض الموت: .......... 139
46)مدبر: .................. 140
47)محصر: ................ 140
48)مر: .................... 140
49)مستامن: ............... 140

50)مال فے: ................140

51)مال متقوم: .............. 141

52)مبیع؛ ................... 141

53)متارکہ: ................. 141

54)متون: .................. 141

55)مثلی: ................... 141

56)مجنوں: ..................142

57)محارم: ..................142

58)محال: ..................142

59)محال لہ: ................142

60)محال بہ: ................142

61)محتال: ..................143

62)محتال علیہ: ..............143

63)محتال لہ: ...............143

64)مجوب: .................143

65)محدود فی القذف: ........143

66)مُحرِم: .................. 144

67)مَحرَم: ................. 144

68)محروم: .................. 144

69)محصن: ................. 144

70)محصنہ: .................. 144

71)محیل: .................. 145

72)مدبرہ: .................. 145

73)مدعی: .................. 145

74)مدعی علیہ: ............... 145

75)مدیون: ................ 145

76)مرابحہ: .................. 145

77)مرافق: .................. 146

78)مراہق: ................. 146

79)مرتہن: ................. 146

80)مزارعہ: ................. 146

81)مستامن: .............. 146

82)مستعیر:.................. 147
83)مستور الحال:............. 147
85)مسلم الیہ:................. 147
86)مسلم فیہ:.................. 147
87)مشاع:..................... 147
88)مشتری:................... 148
89)مشتہاۃ:................... 148
90)مصالح علیہ:.............. 148
91)مصالح عنہ:............... 148
92)مضارب:................... 148
93)مطلقہ رجعیہ:............. 148
94)معتوہ:...................... 148
95)معیر:....................... 149
96)مفقود الخبر:............... 149
97)مفقود:..................... 149
98)مقاصہ:.................... 149
99)مقروف:.................. 150
100)مکاتبہ:................. 150
101)مکفول بہ:............. 150
102)مکفول عنہ:........... 150
103)مکفول لہ:.............. 150
104)ملتقط:................. 150
105)موصی:................. 151
106)موصی لہ:............. 151
107)مہایاۃ:................ 151
108)مہر مثل:.............. 151
109)متردیہ:............... 151
110)متلاحمہ:............. 152
111)مثلث:................ 152
112)مخرج:................ 152
113)مدھون:.............. 152
114)مزارعت:............ 152

115)مسابقت: ............ 153
116)مساقاۃ: ............ 153
117)مستاجر: .............. 153
118)مستکار: .............. 153
119)مسکین: ................154
120)مضاربت: ............154
121)مضاربت مطلقہ: ...154
122)مغصوب: .............154
123)مغصوب منہ: .......154
124)مفلس: .............. 155
125)مکرہ: ................ 155
126)مکرہ: ................ 155
127)مکیل: ............... 155
128)ملتقط: ............... 155
129)مناسخہ: ............ 155
130)مندوب: ............156
131)منقلہ: ............... 156
132)منیحہ: ............. 156
133)موات: .............. 156
134)موجر: ............... 156
135)مودع: ............... 156
136)مودع: ............... 157
137)موزون: ............. 157
138)موطی بہ: .......... 157
139)موضحہ: ............. 157
140)موقوذہ: ............... 157
141)مؤکل: ............... 157
142)مولی الموالاۃ: ......... 158
143)مولی العتاقہ: ........ 158
144)موھوب: ............. 158
145)موھوب لہ: .......... 158
(ن) ...................... 159

1)نذر شرعی:..................159
2)نذر لغوی: ..................159
3)نفاس: ....................159
4)نجاست غلیظہ: .............160
5)نجاست خفیفہ: .............160
6)نجاست مرئیہ: ............160
7)نجاست غیر مرئیہ: .........160
8)نصف النہار شرعی: ..........160
9)نصف النہار حقیقی (عرفی): .. 161
10)نماز اشراق: ............. 161
11)نماز چاشت: ........... 161
12)نماز واپسی سفر: .......... 161
13)نماز تہجد: ............... 161
14)نماز استخارہ: ............162
15)نماز حاجت: ............162
16)نماز توبہ: ................162
17)نحر: .................... 162
18)نبیذ: ................... 162
19)نجس: .................. 163
20)نذر، نذر شرعی:- دوسری دفعہ لکھی گئی: ........................ 163
21)نزر عرفی، نزر لغوی:- دوسری دفعہ لکھی گئی:...................... 163
22)نفقہ: ..................... 164
23)نکاح شغار: ............. 164
24)نکاح فاسد: ............. 164
25)نکاح فضولی: ............ 164
26)نسبت تباین: ........... 164
27)نسبت تداخل: .......... 165
28)نسبت توافق: ........... 165
29)نسبت تماثل: ........... 165
30)نطیحہ: ............... 165

(و)........................ 166
1)وحی شیطانی: ............... 166
2)واجب:.................... 166
3)ودی:..................... 166
4)وقت استواء: .............. 166
5)وطن اصلی: ............... 166
6)وطن اقامت:............... 167
7)وقف: .................... 167
8)ودیعت: .................. 167
9)وصی: .................... 167
10)وصیت: .................. 167
11)وطی بالشبہہ: ............ 168
12)وکیل بالبیع: ............ 168
13)وکیل بالشراء: ........... 168
14)ولی:..................... 168
15)وصیت واجبه: ....... 168
16)وصیت مکروهه: ..... 169
17)وصیت مباحه: ....... 169
18)وصیت مستحبه: ..... 169
(ه) ........................ 170
1)ہدی: ..................... 170
2)ہبہ: ...................... 170
3)ہنڈی: .................... 170
4)ہاشمہ: ................... 170
(ی) ........................ 171
1)یوم شک: ................. 171
2)یلملم: .................... 171
3)یمین: ..................... 171
4)یمین غموس: .............. 171
5)یمین فور: ................ 172
6)یمین لغو: ................ 172
7)یمین منعقدہ: ............ 172

8)یمین مرسل: ............. 173

9)یمین موقت: ............. 173

ہماری اردو کتابیں: ............. 174

## ناشر کی طرف سے کچھ اہم باتیں

مختلف ممالک سے کئی لکھنے والے ہمیں اپنا سرمایہ ارسال فرمارہے ہیں جنھیں ہم شائع کر رہے ہیں۔ ہم یہ بتانا ضروری سمجھتے ہیں کہ ہماری شائع کردہ کتابوں کے مندرجات کی ذمہ داری ہم اس حد تک لیتے ہیں کہ یہ سب اہل سنت و جماعت سے ہے اور یہ ظاہر بھی ہے کہ ہر لکھاری کا تعلق اہل سنت سے ہے۔ دوسری جانب اکابرین اہل سنت کی جو کتابیں شائع کی جارہی ہیں تو ان کے متعلق کچھ کہنے کی حاجت ہی نہیں۔

پھر بات آتی ہے لفظی اور املائی غلطیوں کی تو جو کتابیں "ٹیم عبد مصطفی آفیشل" کی پیشکش ہوتی ہیں ان کے لیے ہم ذمہ دار ہیں اور وہ کتابیں جو ہمیں مختلف ذرائع سے موصول ہوتی ہیں، ان میں اس طرح کی غلطیوں کے حوالے سے ہم بری ہیں کہ وہاں ہم ہر ہر لفظ کی چھان پھٹک نہیں کرتے اور ہمارا کردار بس ایک ناشر کا ہوتا ہے۔ یہ بھی ممکن ہے کہ کئی کتابوں میں ایسی باتیں بھی ہوں کہ جن سے ہم اتفاق نہیں رکھتے۔ مثال کے طور پر کسی کتاب میں کوئی ایسی روایت بھی ہو سکتی ہے کہ تحقیق سے جس کا جھوٹا ہونا اب ثابت ہو چکا ہے لیکن اسے لکھنے والے نے عدم توجہ کی بنا پر نقل کر دیا یا کسی اور وجہ سے وہ کتاب میں آگئی جیسا کہ اہل علم پر مخفی نہیں کہ کئی وجوہات کی بنا پر ایسا ہوتا ہے۔ تو جیسا ہم نے عرض کیا کہ اگرچہ ہم اسے شائع کرتے ہیں لیکن اس سے یہ نہ سمجھا

جائے کہ ہم اس سے اتفاق بھی کرتے ہیں۔ایک مثال اور ہم اہل سنت کے مابین اختلافی مسائل کی پیش کرنا چاہتے ہیں کہ کئی مسائل ایسے ہیں جن میں علمائے اہل سنت کا اختلاف ہے اور کسی ایک عمل کو کوئی حرام کہتا ہے تو دوسرا اس کے جواز کا قائل ہے۔ ایسے میں جب ہم ایک ناشر کا کردار ادا کر رہے ہیں تو دونوں کی کتابوں کو شائع کرنا ہمارا کام ہے لیکن ہمارا موقف کیا ہے، یہ ایک الگ بات ہے۔ ہم فریقین کی کتابوں کو اس بنیاد پر شائع کر سکتے ہیں کہ دونوں اہل سنت سے ہیں اور یہ اختلافات فروعی ہیں۔

اسی طرح ہم نے لفظی اور املائی غلطیوں کا ذکر کیا تھا جس میں تھوڑی تفصیل یہ بھی ملاحظہ فرمائیں کہ کئی الفاظ ایسے ہیں کہ جن کے تلفظ اور املا میں اختلاف پایا جاتا ہے۔ اب یہاں بھی کچھ ایسی ہی صورت بنے گی کہ ہم اگرچہ کسی ایک طریقے کی صحت کے قائل ہوں لیکن اس کے خلاف بھی ہماری اشاعت میں موجود ہو گا۔اس فرق کو بیان کرنا ضروری تھا تاکہ قارئین میں سے کسی کو شبہ نہ رہے۔ ٹیم عبد مصطفی آفیشل کی علمی، تحقیقی اور اصلاحی کتابیں اور رسالے کئی مراحل سے گزرنے کے بعد شائع ہوتے ہیں لیکن اس کے باوجود ان میں بھی ایسی غلطیوں کا پایا جانا ممکن ہے لہذا اگر آپ انھیں پائیں تو ہمیں ضرور بتائیں تاکہ اس کی تصحیح کی جا سکے۔

## (آ)

### 1)آب جاری:

وہ پانی جو تنکے کو بہا کر لے جائے۔

(بہار شریعت ج1ح2ص330)

### 2)آفاقی:

وہ شخص جو میقات کی حدود سے باہر رہتا ہے۔

(ایضًا)(رفیق الحرمین ص63)

### 3)آئسہ:

وہ عورت جو ایسی عمر کو پہنچ جائے کہ اب اسے حیض نہیں آئے گا۔

(بہار شریعت ج2ح8ص214)

### 4)آجر:

(عقد اجارہ میں) مالک کو آجر کہتے ہیں۔

(بہار شریعت ج3ح14ص107)

### 5)آمہ:

وہ زخم جو دماغ کی جھلی تک پہنچ جائے۔

(بہار شریعت ج3ح18ص842)

## (ا)

### 1) الہام:

ولی کے دل میں بعض وقت سوتے یا جاگتے میں کوئی بات القا ہوتی ہے (یعنی دل میں ڈالی جاتی ہے)۔اس کو الہام کہتے ہیں۔ (بہار شریعت ج 1 حصہ 1 ص 35)

### 2) ارہاص:

نبی سے جو بات خلاف عادت اعلان نبوت سے پہلے ظاہر ہو اس کو ارہاص کہتے ہیں۔

(بہار شریعت ج 1 حصہ 1 ص 58)

### 3) استدراج:

بے باک فجار یا کفار سے جو بات ان کے موافق ظاہر ہو اس کو استدراج کہتے ہیں۔

(بہار شریعت ج 1 حصہ 1 ص 58)

### 4) اہانت:

بے باک فجار یا کفار سے جو بات ان کے خلاف ظاہر ہو اس کو اہانت کہتے ہیں۔

(بہار شریعت، ج 1 ح 1 ص 58)

### 5) ایمان:

سچے دل سے ان سب باتوں کی تصدیق کرنا جو ضروریات دین سے ہیں ایمان کہلاتا ہے

(بہار شریعت، ج 1 ح 1 ص 172)

6)اشاعرہ:

اہلسنت کا وہ گروہ جو فروعی عقائد میں امام شیخ ابوالحسن اشعری رحمتہ اللہ علیہ کا پیروکار ہے وہ اشاعرہ کہلاتا ہے۔

(بہار شریعت،ج1ح1ص179)

7)استحاضہ:

وہ خون جو عورت کے آگے کے مقام سے کسی بیماری کے سبب نکلے تو اسے استحاضہ کہتے ہیں۔ (بہار شریعت،ج1ح1ص371)

8)استبراء:

پیشاب کرنے کے بعد کوئی ایسا کام کرنا کہ اگر کوئی قطرہ رکا ہو تو گر جائے۔

(بہار شریعت،ج1ح1ص412)

9)اوساط مفصل:

سورہ بروج سے سورہ لم یکن تک اوساط مفصل کہلاتا ہے۔

(بہار شریعت،ج1ح1ص542)

10)ادغام:

ایک ساکن حرف کو دوسرے متحرک حرف میں اس طرح ملانا کہ دونوں حروف ایک مشدد حرف پڑھا جائے۔ (علم التجوید،ص41)

## 11)اظہار

حرف کو اس کے مخرج سے بغیر کسی تغیر کے اور غنہ کے ادا کرنے کو کہتے ہیں۔

(علم التجوید، ص40)

## 12)اخفاء:

اظہار اور ادغام کی درمیانی حالت۔

(علم التجوید، ص41)

## 13)اعتجار:

سر پر رومال یا عمامہ اس طرح سے باندھنا کہ درمیان کا حصہ ننگا رہے اعتجار ہے۔

(نور الارضاح، ص91)

## 14)اسبال:

تہبند یا پائنچے کا ٹخنوں سے نیچے خصوصًا زمین تک پہنچنے رکھنا اسبال کہلاتا ہے۔

(فتاوی رضویہ ج21، ص386)

## 15)المعروف کالمشروط:

یہ فقہ کا ایک قاعدہ ہے کہ معروف مشروط کی طرح ہے یعنی جو چیز مشہور ہو وہ ہے شدہ معاملے کا حکم رکھتی ہے۔(فتاوی رضویہ ج19، ص528)

## 16)المعہود کالمشروط:

یہ فقہ کا ایک قاعدہ ہے کہ معہود مشروط کی طرح ہے یعنی جو بات سب کے ذہن میں ہو وہ طے شدہ معاملے کا حکم رکھتی ہے۔

(وقار الفتاوی ج1، ص193)

### 17) ایام تشریق:

یوم نحر (قربانی) یعنی دس ذوالحجہ کے بعد تین (11,12,13) کو ایام تشریق کہتے ہیں۔

(ردالمختار ج3، ص71)

### 18) اصحاب فرائض:

اس سے مراد وہ لوگ ہیں۔جن کا معین حصہ قرآن و حدیث میں بیان کر دیا گیا ہے۔ان اصحاب فرائض کہتے ہیں۔

(تفصیل کے لیے دیکھیے بہار شریعت ج3، حصہ20، ص1110)

### 19) استار:

ساڑھے چار مثقال کا ہوتا ہے۔(فتاوی رضویہ ج10، ص296)

### 20) اجارہ:

کسی شے کے نفع کا عوض کے مقابل کسی شخص کو مالک کر دینا اجارہ ہے۔

(بہار شریعت، ج3، حصہ14 ص107)

### 21) اجارہ فاسد:

اس سے مراد وہ عقد فاسد ہے جو اپنی اصل کے لحاظ سے مواقف شرع ہو مگر اس میں کوئی وصف ایسا ہو جس کی وجہ سے (عقد) ناشروع ہو۔ مثلاً مکان کرایہ پر دینا اور مدت کی شرط مستاجر (اجرت پر لینے والا) کے لیے لگانا یہ اجارہ فاسد ہے۔

(بہار شریعت، ج3، حصہ14 ص142,140)

## 22)ایام منھیہ:

یعنی عید الفطر، عید الاضحیٰ اور گیارہ، بارہ، تیرہ ذی الحجہ کے دن کہ ان میں روزہ رکھنا منع ہے۔ اس وجہ سے انہیں ایام منہیہ کہتے ہیں۔

(بہار شریعت، ج1، حصہ5 ص1015)

## 23)ایام بیض:

چاند کی 151413 تاریخ کے دن۔ (بہار شریعت جلد1 حصہ5 صفحہ1012)

## 24)ابنِ سبیل:

ایسا مسافر جس کے پاس مال نہ رہا ہوں اگرچہ اس کے گھر میں مال موجود ہو۔

(بہار شریعت جلد1 حصہ5 صفحہ926)

## 25)ام ولد:

وہ لونڈی جس کے ہاں بچہ پیدا ہوا اور مولٰی نے اقرار کیا کہ یہ میرا بچہ ہے۔

(بہار شریعت جلد2 حصہ9 صفحہ294)

## 26)اکراہ شرعی:

اکراہ شرعی یہ ہے کہ کوئی شخص کسی کو صحیح دھمکی دے کہ اگر تو فلاں کام نہ کرے گا تو میں تجھے مار ڈالوں گا یا ہاتھ ،پاؤں توڑ دوں گا یا ناک ،کان وغیرہ کوئی عضو کاٹ ڈالوں گا یا سخت مار ماروں گا اور وہ یہ سمجھتا ہوں کہ یہ کہنے والا جو کچھ کہتا ہے کر گزرے گا تو یہ اکراہ شرعی ہے۔

(بہار شریعت،ج3،حصہ 15ص188)

## 27)اشہر حج:

حج کے مہینے یعنی شوال المکرم وذوالقعدہ دونوں مکمل اور ذوالحجہ کے ابتدائی دس دن۔

(رفیق الحرمین،ص58)

## 28)احرام:

جب حج یا عمرہ یا دونوں کی نیت کرکے تلبیہ پڑھتے ہیں تو بعض حلال چیزیں بھی حرام ہو جاتی ہیں اس کو "احرام "کہتے ہیں اور مجازاً ان بغیر سعی چادروں کو بھی احرام کہا جاتا ہے جنہیں محرم استعمال کرتا ہے۔(ایضًا)

## 29)اضطباع:

احرام کے اوپر والی چادر کو سیدھی بغل سے نکال کر اس طرح الٹے کندھے پر ڈالنا کہ سیدھا کندھا کھلا رہے۔(ایضًا)

### 30)استلام:

حجر اسود کو بوسہ دینا یا ہاتھ یا لکڑی کو چوم لینا یا ہاتھوں سے اس کی طرف اشارہ کر کے انہیں چوم لینا۔(ایضًا)

### 31)المام صحیح:

متمتّع کا عمرہ کے بعد احرام کھول کر اپنے وطن کو واپس جانا۔

(بہار شریعت،ج1،حصہ2ص1158)

### 32)اجرت مثل:

کسی کو کسی کام کی وہ اجرت (مزدوری) دینا جو اس کام کو کرنے والے کو عام طور پر دی جاتی ہے اجرت مثل کہلاتا ہے۔(در المختار،ج9،ص75)

### 33)اخیافی:

ماں شریک بہن بھائی یعنی جن کی ماں ایک ہو اور باپ الگ الگ ہوں۔

### 34)ارکان بیع:

بیع اگر قول سے ہو تو اس کے ارکان ایجاب و قبول ہیں، مثلاً ایک نے کہا میں نے بیچا دوسرے نے کہا میں نے خریدا بیع اگر قول سے نہ ہو بلکہ فعل سے ہو تو چیز کا لے لینا اور دے دینا اس کے ارکان ہیں اور یہ ایجاب و قبول کے قائم مقام ہے۔

(بہار شریعت،ج2،حصہ11ص615)

35)استبراء:

مالک کا اپنی (نئی) لونڈی سے شریعت کی مقرر کردہ مدت تک جماع نہ کرنا تاکہ رحم کا نطفہ سے خالی ہونا واضح ہو جائے۔

(الموسوعة الفقهية ج2، حصہ 11 ص 807)

36)استصناع:

کاریگر کو فرمائش دے کر چیز بنوانا، آڈر پر چیز بنوانا۔

(بہار شریعت، ج2، حصہ 11 ص 807)

37)اصیل:

جس پر مطالبہ ہے یعنی مقروض اصیل و مکفول عنہ ہے۔ (بہار شریعت، ج2، ص 836)

38)اقالہ:

دو شخصوں کے مابین جو عقد ہوا اس کے اٹھا دینے کو اقالہ کہتے ہیں اقالہ میں دوسرے کا قبول کرنا ضروری ہے تنہا ایک شخص اقالہ نہیں کر سکتا ہے۔

(بہار شریعت، ج2، حصہ 11 ص 734)

39)ایجاب و قبول:

نکاح (عقد) کرنے والوں میں سے پہلے کا کلام ایجاب دوسرے کا قبول کہلاتا ہے۔

(ردالمختار ج4 ص 78)

### 40)ایلا:

شوہر کا یہ قسم کھانا کہ عورت سے قربت نہ کرے گا یا چار مہینے قربت نہ کرے گا۔

(بہار شریعت،ج2، حصہ8ص182)

### 41)ایلائے مؤبد:

ایسا ایلا جس میں چار مہینے کی قید نہ ہو۔

(بہار شریعت،ج2، حصہ8ص183)

### 42)ایلائے مؤقت:

ایسا ایلا جس میں چار مہینے کی قید ہو۔

(بہار شریعت،ج2، حصہ8ص183)

### 43)ابضاع:

تجارت مضاربت میں اگر کل نفع رب المال (مال دینے والے) ہی کے لیے دینا قرار پایا ہو تو اس کو ابضاع کہتے ہیں۔

(بہار شریعت،ج3، حصہ14ص1)

### 44)اجارہ باطل:

وہ اجارہ جو اپنی اصل ہی کے لحاظ سے خلاف شرع ہو۔(ایضًا)

### 45)اجیر:

اجرت پر کام کرنے والے کو اجیر کہتے ہیں ملازم مزدور نوکر۔

(بہار شریعت، ج3، حصہ16 ص482)

## 46) اجیر مشترک:

وہ اجیر جو ایک سے زائد لوگوں کا کام کرتا ہو، مثلاً دھوبی۔

## 47) احتکار:

کھانے کی چیز کو اس لیے روکنا (اسٹاک کرنا) کہ گراں (یعنی مہنگی) ہونے پر فروخت کرنا۔ (بہار شریعت، ج3، حصہ16 ص482)

## 48) ادلۂ اربعہ:

وہ چار اصول جن پہ علم فقہ کی بنیاد ہے ۔یعنی کتاب اللہ ،سنت رسول، اجماع امت، قیاس۔

## 49) ارش:

وہ مال جو مادون النفس (قاتل کے علاوہ) میں لازم ہوتا ہے اور کبھی ارش اور دیت کو بطور مترادف بھی بولتے ہیں۔

(بہار شریعت، ج3، حصہ16 ص830)

## 50) استحسان:

ایک دلیل کا نام ہے۔ جو قیاس کے مخالف ہوتا ہے۔ جب یہ قیاس سے اقوی ہو تو اسی

پر عمل کیا جاتا ہے۔اس کو استحسان اس لیے کہتے ہیں کہ عموماً یہ قیاس سے اقوی ہوتا ہے۔

(التعریفات،باب الالف،ص17)

## 51)استدانہ:

کوئی چیز ادھار خریدی اور مال مضاربت میں اس ثمن کی جنس سے (جو رب المال نے دیاہے)کچھ باقی نہیں ہے۔

(بہار شریعت،ج3،حصہ14ص7)

## 52)اصحاب فرائض:

اس سے مراد وہ لوگ ہیں جن کا حصہ میراث میں قرآن و حدیث اور اجماع امت کی رو سے معین کر دیا گیا ہے۔انہیں ذوی الفروض بھی کہتے ہیں۔

(الشریفیہ شرح السراجی،ص8)

## 53)اضحیہ:

مخصوص جانور کو مخصوص دن میں بہ نیت تقرب (ثواب کی نیت سے) ذبح کرنا قربانی ہے اور کبھی اس جانور کو بھی اضحیہ اور قربانی کہتے ہیں جو ذبح کیا جاتا ہے۔

(بہار شریعت،ج3،حصہ15ص327)

## 54)اعتکاف:

مسجد میں اللہ عزوجل کے لیے (اعتکاف کی) نیت کے ساتھ ٹھہرنا۔

(بہار شریعت، ج1، حصہ5 ص1020)

### 55) اکراہ شرعی:

کسی کے ساتھ ناحق ایسا فعل کرنا کہ وہ شخص ایسا کام کرے جس کو وہ کرنا نہیں چاہتا اور کبھی مکرہ (مجبور کرنے والے) کی جانب سے کوئی ایسا فعل نہیں کیا جاتا جس کی وجہ سے مکرہ (مجبور کیا ہوا) اپنی مرضی کے خلاف کرے مگر مکرہ جانتا ہے کہ یہ شخص ظالم ہے اگر میں نے نہ کیا تو جو کچھ کہتا ہے کر گزرے گا اس صورت میں بھی اکراہ ہے اسے لوگ جبر کرنا بھی کہتے ہیں۔

(بہار شریعت، ج3، حصہ15 ص188)

### 56) اکراہ تام:

مار ڈالنے یا عضو کاٹنے یا ضرب شدید (جس سے جان یا عضو کے تلف ہونے کا اندیشہ ہو) کی دھمکی دی جائے مثلاً کوئی کسی سے کہتا ہے کہ یہ کام کر، ورنہ تجھے مارتے مارتے بیکار کر دوں گا۔ اس کو اکراہ ملجی بھی کہتے ہیں۔

(ایضًا، ص189)

### 57) اکراہ ناقص:

جس میں اس (مار ڈالنے یا عضو کاٹنے یا ضرب شدید) سے کم کی دھمکی ہو مثلاً پانچ جوتے

ماروں گا یا پانچ کوڑے ماروں گا یا مکان میں بند کر دوں گا یا ہاتھ پاؤں باندھ کر ڈال دوں گا اس کو اکراہ غیر ملجی بھی کہتے ہیں۔

(ایضًا)

## 58)اوقات مکروهه:

یہ تین ہیں۔ طلوع آفتاب سے لے کر بیس منٹ بعد تک، غروب آفتاب سے بیس منٹ پہلے اور نصف النہار یعنی ضحوۂ کبری سے لے کر زوال تک۔

(نماز کے احکام، ص197)

## 59)امانت:

ا-دوسرے شخص کو اپنے مال کی حفاظت پر مقرر کر دینے کو ایداع کہتے ہیں اور اس مال کو ودیعت کہتے ہیں جس کو عام طور پر امانت کہا جاتا ہے۔

(بہار شریعت، ج3، حصہ14ص31)

۲-امانت اسے کہتے ہیں جس میں تلف ہر (ضائع ہونے پر) ضمان نہیں ہوتا ہے عاریت اور کرایہ کی چیز کو امانت کہتے ہیں مگر ودیعت اس کا نام ہے جو حفاظت کے لیے دی جاتی ہے (حاشیہ، ایضًا)

## 60)امرد:

(خوبصورت لڑکا) وہ جس کی ڈاڑھی نہ اگی ہو اور نہ ہی اس عمر کو پہنچا ہو جس میں عموماً

ڈارھی اُگتی ہے۔

(الموسوعة الفقهيه، ج6، ص252)

## 61) ایام نحر:

قربانی کا وقت دسویں ذی الحجہ کے طلوع صبح صادق سے بارہویں کے غروب آفتاب تک ہے یعنی تین دن دو راتیں اور ان دنوں کو ایام نحر کہتے ہیں۔

(بہار شریعت، ج3، حصہ 15 ص336)

## 62) ایداع:

دوسرے شخص کو اپنے مال کی حفاظت پر مقرر کر دینے کو ایداع کہتے ہیں۔

(بہار شریعت، ج3، حصہ 14 ص31)

## (ب)

### 1)بدعت:

وہ اعتقاد یا وہ اعمال جو کہ حضور علیہ الصلاۃ والسلام کے زمانہ حیات ظاہری میں نہ ہوں بعد میں ایجاد ہوئے۔

(جاءالحق، ص،221)

### 2)بدعت مذموعہ:

جو بدعت اسلام کے خلاف ہو یا کسی سنت کو مٹانے والی ہو وہ سیئہ ہے۔

(جاءالحق، ص،226)

### 3)بدعت مکروھہ:

وہ نیا کام جس سے کوئی سنت چھوٹ جائے اگر سنت غیر مؤکدہ چھوٹی تو یہ بدعت مکروہ تنزیہی ہے اور اگر سنت مؤکدہ چھوٹی تو یہ بدعت مکروہ تحریمی ہے۔

(جاءالحق، ص،228)

### 4)بدعت حرام:

وہ نیا کام جس سے کوئی واجب چھوٹ جائے یعنی واجب کو مٹانے والی ہو۔

(جاءالحق، ص،228)

### 5) بدعت مستحبہ:

وہ نیا کام جو شریعت میں منع نہ ہو اور اس کو عام مسلمان کار ثواب جانتے ہوں یا کوئی شخص اس کو نیت خیر سے کرے۔ جیسے محفل میلاد وغیرہ۔

(جاء الحق، ص، 226)

### 6) بدعت جائز (مباح)

ہر وہ نیا کام جو شریعت میں منع نہ ہو اور بغیر کسی نیت خیر سے کیا جائے جیسے مختلف قسم کے کھانے کھانا وغیرہ۔

(جاء الحق، ص، 221)

### 7) بدعت واجب:

وہ نیا کام جو شرعاً منع نہ ہو اور اس کے چھوڑنے سے دین میں حرج واقع ہو، جیسے کہ قرآن کے اعراب اور دینی مدارس اور علم نحو وغیرہ پڑھنا۔

(جاء الحق، ص، 228)

### 8) بیع وفا:

اس طور پر بیع کرنا کہ جب بائع مشتری کو ثمن واپس کرے تو مشتری مبیع کو واپس کر دے۔

(بہار شریعت، ج 1، حصہ 5، ص 920)

### 9) بنی ہاشم:

ان سے مراد حضرت علی و جعفر و عقیل اور حضرت عباس و حارث بن عبدالمطلب کی اولادیں ہیں۔

(بہار شریعت، ج1، حصہ5، ص931)

### 10) باب السلام:

مسجد الحرام کا وہ دروازہ مبارکہ جس سے پہلی بار داخل ہونا افضل ہے اور یہ جانب مشرق واقع ہے۔(اب یہ عموماً بند رہتا ہے)

(بہار شریعت، ج1، حصہ5، ص931)

### 11) باب الکعبہ:

رکن اسود اور رکن عراقی کے بیچ کی مشرقی دیوار میں زمین سے کافی بلند ہونے کا دروازہ ہے۔

(بہار شریعت، ج1، حصہ5، ص931)

### 12) بیر زم زم:

مکہ معظمہ (زادھا اللہ شرما وتعظیما) کا وہ مقدس کنواں جو حضرت سیدنا اسمٰعیل علیہ السلام کے عالم طفولیت (بچپن شریف) میں آپ کے ننھے ننھے مبارک قدموں کی رگڑ سے جاری ہوا تھا۔(تفسیر نعیمی ج 1 ص 694) اس کا پانی دیکھنا، پینا اور بدن پر ڈالنا ثواب

اور بیماریوں کے لیے شفا ہے۔یہ مبارک کنواں مقام ابراہیم سے جنوب میں واقع ہے۔(اب کنویں کی زیارت نہیں ہو سکتی)

(رفیق الحرمین، ص 61)

### 13)باب الصفا:

مسجد الحرام کے جنوبی دروازوں میں سے ایک دروازہ ہے۔جس کے نزدیک "کوہ صفا" ہے۔(ایضًا)

### 14)بطن عرنہ:

عرفات کے قریب ایک جنگل جہاں حاجی کا وقوف درست نہیں۔(ایضًا)

### 15)بدنہ:

یعنی اونٹ یا گائے۔یہ تمام جانوران ہی شرائط کے ہوں جو قربانی میں ہیں۔

(رفیق الحرمین، ص288)

### 16)باب الحزورہ:

مسجد الحرام میں ایک دروازے کا نام ہے۔

### 17)برزخ:

دنیا اور آخرت کے درمیان ایک اور عالم ہے جس کو برزخ کہتے ہیں۔

(بہار شریعت، ج1، حصہ1، ص98)

18)بلغار:

ایک ملک کا نام ہے اس کے بعض علاقوں میں سال میں کچھ راتیں ایسی ہوتی ہیں جن میں عشاء کا وقت آتا ہی نہیں اور بعض دنوں میں سیکنڈوں اور منٹوں کے لیے آتا ہے۔

19)بیگھہ:

زمین کا ایک حصہ یا ٹکرا جس کی پیمائش عموماً تین ہزار پچیس (3025) گز مربع ہوتی ہے۔(اردو لغت،ج2ص1560) چار کنال 80 مرلے۔

(فیروز اللغات،ص271)

20)بائع:

کوئی بھی چیز بیچنے والے کو بائع کہتے ہیں۔

21)بدل خلع:

جو مال خلع کے بدلے میں دیا جائے اسے بدل خلع کہتے ہیں۔

22)بدل کتابت:

مکاتب (غلام) اپنی آزادی کے لیے مالک کی طرف سے مقرر شدہ مال ادا کرتا ہے اسے کتابت کہتے ہیں۔

23)بکر:

باکرہ کنواری۔ بکروہ عورت ہے جس سے نکاح کے ساتھ وطی نہ کی گئی ہو اگرچہ زنا سے یا کسی اور وجہ سے بکارت زائل ہو گئی ہو تب بھی کنواری ہی کہلائے گی۔

(بہار شریعت ج2ح7ص50)

## 24)بوہرا:

دیکھیے معتوہ۔

## 25)بیت المال:

اسلامی حکومت کا خزانہ جو مسلمانوں کی فلاح و بہبود میں خرچ کیا جاتا ہے۔

(الموسوعه الفقهيهج8ص242)

## 26)بیع:

اصطلاح شرع میں بیع کے معنی یہ ہیں کہ دو شخصوں کا باہم مال کو مال سے ایک مخصوص صورت کے ساتھ تبادلہ کرنا۔

(بہار شریعت ج2ح11ص615)

## 27)بیع باطل:

جس صورت میں بیع کا کوئی رکن نہ پایا جائے یا وہ چیز خرید و فروخت کے قابل ہی نہ ہو وہ بیع باطل ہے۔(بہار شریعت ج2ح11ص696)

## 28)بیع تعاطی:

ایسی بیع جس میں ایجاب و قبول کے بغیر چیز کے لیتے ہیں اور قیمت دے دیتے ہیں۔ایسی بیع کو بیع تعاطی کہتے ہیں۔

(بہار شریعت ج2ح11ص615)

## 29)بیع تلجئہ:

بیع تلجئہ یہ ہے کہ دو شخص اور لوگوں یعنی دوسرے لوگوں کے سامنے بظاہر کسی چیز بیچنا خریدنا چاہتے ہیں مگر ان کا ارادہ اس چیز کے بیچنے خریدنے کا نہیں۔

(بہار شریعت ج2ح11ص832)

## 30)بیع سلم:

وہ بیع جس میں ثمن (قیمت) فوراً ادا کرنا ضروری ہو۔اور مبیع (فروخت شدہ چیز) کو بعد میں خریدار کے حوالہ کرنا بیچنے والے ہر لازم ہو۔

(بہار شریعت ج2ح11ص795)

## 31)بیع حرف:

بیع حرف یعنی ثمن کو ثمن کے عوض بیچنا ثمن سے مراد عام ہے چاہے ثمن خلقی ہو جیسے سونا چاندی یا غیر خلقی جیسے پیسہ نوٹ وغیرہ۔

(بہار شریعت ج2ح11ص830,794)

(الدر المختار ج7ص552)

### 32) بیع عینہ:

اس کی صورت یہ ہے کہ ایک شخص نے دوسرے سے مثلاً دس روپے قرض مانگے اس نے کہا میں قرض نہیں دونگا البتہ یہ کر سکتا ہوں کہ یہ چیز تمہارے ہاتھ بارہ روپے میں بیچتا ہوں اگر تم چاہو خرید لو اسے بازار میں دس روپے کو بیچ دینا تمہیں دس روپے مل جائیں۔

(بہار شریعت ج2ح11ص779)

### 33) بیع فاسد:

اگر رکن بیع (یعنی ایجاب وقبول یا چیز کے لینے دینے میں) یا محل بیع (یعنی مبیع) میں خرابی نہ ہو بلکہ اس کے علاوہ کوئی اور خرابی ہو تو وہ بیع فاسد ہے۔ مثلاً مبیع (یعنی جو چیز بیچی اس) کو خریدنے والے کے حوالے کرنے پر قدرت نہ ہو وغیرہ۔

(بہار شریعت ج2ح11ص696)

### 34) بیع مقایضہ:

اس سے مراد وہ بیع ہے جس میں دونوں طرف عین ہو یعنی تبادلہ غیر نقود کے ساتھ ہو مثلاً غلام کو گھوڑے کے بدلے بیچنا۔

(بہار شریعت ج2ح11ص718,794)

### 35) بیع مکروہ:

رکن بیع یا محل بیع (مبیع) میں خرابی نہ ہو بلکہ شرع نے کسی اور وجہ سے ممنوع قرار دیا ہو مثلاً جن لوگوں پر جمعہ (کی نماز) واجب ہے انہیں اذان جمعہ کے شروع سے ختم نماز تک بیع کرنا مکروہ تحریمی ہے۔

(بہار شریعت ج2ح11ص722)

## 36) بیع مزابنہ:

بیع مزابنہ یہ ہے کہ درخت پر لگے ہوئے پھلوں کو اسی قسم کے درخت سے اتارے ہوئے پھلوں کے عوض بیچنا مثلاً کھجور پر لگی ہوئی کھجوریں پہلے سے اتاری ہوئی کھجوروں کے بدلے بیچنا۔

(بہار شریعت ج2ح11ص693)

## 37) بیع ملامسہ:

ایسی بیع جو محض مشتری کے سامان چھونے سے نافذ کر دی جائے اور اختیار بھی باقی نہ رہے۔

(الموسوعہ الفقھیہ ج9ص142)

## 38) بیعانہ:

بیعانہ یہ ہے کہ خریدار قیمت کا کچھ حصہ ادا کرے اور وعدہ کرے کہ وہ بقیہ رقم ادا نہ کر سکے یا خریدنا نہ چاہے تو اس کی یہ رقم بیچنے والے کی ہو جائے گی۔ (یعنی ضبط ہو جائے گی)

(ماخوذ من سنن اَبی داوٗد ج3 ص392)

### 39)باضعہ:

وہ زخم جس میں سر کی جلد کٹ جائے۔

### 40)بدعت سیئہ:

جو بدعت اسلام کے خلاف ہو یا کسی سنت کو مٹانے والی ہو وہ بدعت سیئہ ہے اسے مذمومہ بھی کہتے ہیں۔

(جاء الحق ص226)

### 41)بضاعت:

وہ تجارت مضاربت جس میں کل نفع رب المال (مال دینے والے) کے لیے ہو۔

## (پ)

### 1) پارسا:

متقی، نیک اصطلاح شرع میں پارسا اس عورت کو کہتے ہیں جس کے ساتھ وطئی حرام نہ ہوئی ہو اور نہ ہی اسے اس کی تہمت لگائی گئی ہو۔

(بہار شریعت ج2ح8ص221)

## (ت)

### 1) تقلید:

کسی کے قول و فعل کو اپنے اوپر لازم شرعی جاننا یہ سمجھ کر کہ اس کا کلام اور اس کا کام ہمارے لیے حجت ہے۔کیوں کہ شرعی محقق ہے جیسے کہ ہم مسائل شرعیہ میں امام اعظم ابو حنیفہ رضی اللہ تعالی عنہ کا قول و فعل اپنے لیے دلیل سمجھتے ہیں اور دلائل شرعیہ میں نظر نہیں کرتے۔(جاء الحق، ص22)

### 2) تثویب:

مسلمانوں کو اذان کے بعد نماز کے لیے دوبارہ اطلاع دینا تثویب ہے۔

(فتاوی رضویہ ج5،ص361)

### 3) تعدیل ارکان:

رکوع و سجود و قومہ و جلسہ میں کم از کم ایک بار سبحان اللہ کہنے کی قدر ٹھہرنا۔

(بہار شریعت ج 1، حصہ 3، ص 518)

### 4) ترخیم:

منادی کے آخری حرف کو تخفیفاً گرا دینا ترخیم کہلاتا ہے۔

(تسہیل النحو ص 74)

### 5) تکبیرات تشریق:

عرضہ یعنی نویں ذوالحجۃ الحرام کی فجر سے تیرھویں کی عصر تک ہر فرض نماز کے بعد آواز کے ساتھ ایک بار، اللہ اکبر، اللہ اکبر، لا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر اللہ اکبر وللہ الحمد پڑھنا۔

(نماز کے احکام ص، 447)

### 6) تصفیق:

سیدھے ہاتھ کی انگلیاں الٹے ہاتھ کی پشت پر مارنے تصفیق کہتے ہیں۔

(در مختار مع رد المختار ج 2 ص 486)

### 7) تحیۃ المسجد:

کسی شخص کا مسجد میں داخل ہو کر بیٹھنے سے پہلے دو یا چار رکعت نماز پڑھنا۔

(بہار شریعت ج 1 حصہ 4 ص 674)

### 8) تحیۃ الوضوء:

وضو کے بعد اعضاء خشک ہونے سے پہلے دو رکعت نماز پڑھنا۔

(بہار شریعت ج 1 حصہ 4 ص 675)

### 9) تلبیہ:

یعنی لبیک اللھم لبیک۔۔۔۔پڑھنا۔

(بہار شریعت ج 1 حصہ 4 ص 674)

### 10) تنعیم:

حدود حرم سے خارج وہ جگہ جہاں سے مکہ مکرمہ میں قیام کے دوران عمرے کے لیے احرام باندھتے ہیں اور یہ مقام مسجد الحرام سے تقریبًا 7 کلو میٹر جانب مدینہ منورہ ہے اب مسجد عائشہ بنی ہوئی ہے اس جگہ کو عوام "چھوٹا عمرہ" کہتے ہیں۔

(بہار شریعت ج 1 حصہ 4 ص 674)

### 11) تبویہ:

ایسی لونڈی جس کا نکاح مالک نے کسی شخص سے کر کے اسی کے حوالے کر دیا ہو اور اس سے خدمت نہ لیتا ہو۔

(ردالمختار ج 4 ص 327)

### 12) تحالف:

کسی معاملے میں مدعی و مدعی علیہ دونوں کا قسم کھانا۔

(بہار شریعت ج2ح13ص1038)

### 13) تحریف:

اصل الفاظ یا معانی میں تبدیلی کرنا۔ اگر الفاظ میں تبدیلی کی ہو تو تحریف لفظی اور اگر معنی میں تبدیلی کی ہو تو تحریف معنوی کہتے ہیں۔

(تفسیر نعیمی ج5ص110)

### 14) تحکیم:

تحکیم کے معنی حکم بنانا یعنی فریقین اپنے معاملہ میں کسی کو اس لیے مقرر کریں کہ وہ فیصلہ کرے اور نزاع کو دور کر دے اسی کو پنچ اور ثالث بھی کہتے ہیں۔

(بہار شریعت ج2ح12ص913)

### 15) تخارج:

ایک وارث بالمقطع (یعنی کل حصہ کے بدلے) اپنا کچھ حصہ لے کر ترکہ (میراث) سے نکل جاتا ہے کہ اب وہ کچھ نہیں لے گا اس کو تخارج کہتے ہیں۔

(بہار شریعت ج2ح13ص1150)

### 16) ترکہ:

وہ مال و جائیداد جو مرنے والا دوسرے کے حق سے خالی چھوڑ کر مر جائے۔

(الموسوعة الفقهيةج11ص206)

17) تزکیہ:

قاضی کا گواہوں کے متعلق یہ تحقیق کرنا کہ وہ عادل اور معتبر ہیں یا نہیں ؟ تزکیہ کہلاتا ہے۔

(المرجع اسابق ص239)

18) تعزیر:

کسی گناہ پر بغرض تاریب جو سزادی جاتی ہے۔اس کو تعزیر کہتے ہیں۔

(بہار شریعت ج2ح9ص403)

19) تعلیق:

تعلیق کے معنی یہ ہیں کہ کسی چیز کا ہونا دوسری چیز کے ہونے پر موقوف کیا جائے۔

(بہار شریعت ج2ح8ص149)

20) تولیہ:

چیز جتنی قیمت میں پڑی اتنی ہی قیمت کی بیچ دینا نفع کچھ نہ لینا۔

(بہار شریعت ج2ح11ص739)

21) تاویل:

لفظ کو اپنے ظاہری معنی سے اس کے احتمالی معنی کی طرف پھیرنا جبکہ یہ احتمال قرآن و

سنت کے موافق ہو۔

(التعریفات، باب التاء ص88)

## 22) تحری:

جب کسی موقع پر حقیقت معلوم کرنا دشوار ہو جائے تو سوچے اور جس جانب گمان غالب ہو عمل کرے اس سوچنے کا نام تحری ہے۔

(بہار شریعت ج3ح17ص661)

## 23) تخارج: کی دوسری تعریف:

وارثوں میں کوئی یا قرض خواہوں میں سے کوئی تقسیم ترکہ سے پہلے میت کے مال میں سے کسی معین چیز کو لینا چاہے اور اس کے عوض اپنے حق سے دستبردار ہو جائے خواہ وہ حق اس چیز سے زائد ہو یا کم اور اس پر تمام ورثہ یا قرض خواہ متفق ہو جائیں تو اس کا نام فقہ کی اصطلاح میں تخارج یا تصالح ہے۔

(بہار شریعت ج3ح20ص1151)

## 24) تعریض:

ایسا کلام جس کی مراد سننے والا بغیر صراحت کے نہ سمجھ سکے۔

(التواب، باب التاء ص45)

## 25) تعزیر:

وہ سزا جو کسی گناہ بغرض تادیب دی جاتی ہے۔

(بہار شریعت ج2ح9ص403)

## 26)توریہ:

ایسا لفظ یا فعل جس کے ظاہری معنی کو چھوڑ کر دوسرا معنی مراد لیا جائے جو صحیح ہے مثلاً کسی کو کھانے کے لیے بلایا وہ کہتا ہے میں نے کھانا کھالیا اس کے ظاہری معنی یہ ہیں کہ اس وقت کا کھانا کھالیا ہے مگر وہ یہ مراد لیتا ہے۔

(بہار شریعت ج3ح16ص518)

# (ث)

## 1)ثمن:

شے کی قیمت بائع اور مشتری آپس میں جو طے کریں اسے ثمن کہتے ہیں۔

(فتاوی رضویہ ج10، ص184)

## 2)ثمن خلقی:

وہ ثمن جو اسی لیے (یعنی ثمنیت ہی کے لیے) پیدا کیا گیا ہو چاہے اس میں انسانی صنعت داخل ہو یا نہ ہو۔ جیسے چاندی سونا اور ان کے سکے اور زیورات یہ سب ثمن خلقی میں داخل ہیں۔ (بہار شریعت ج2ح11ص821)

### 3)ثمن غیر خلقی (عرفی):

ثمن غیر خلقی وہ چیزیں ہیں کہ ثمنیت کے لیے مخلوق نہیں (یعنی اصل میں ثمن نہیں تھے) مگر لوگ اس سے ثمن کا کام لیتے ہیں۔ثمن کی جگہ استعمال کرتے ہیں جیسے نوٹ،روپے وغیرہ اس کو ثمن اصطلاحی بھی کہتے ہیں۔

(بہار شریعت ج2ح7ص50)

### 4)ثیب:

جو عورت کنواری نہ ہو اسے ثیب کہتے ہیں۔

(بہار شریعت ج2ح11ص821)

## (ج)

### 1)جزیہ:

وہ شرعی محصول جو اسلامی حکومت اہل کتاب سے ان کی جان و مال کے تحفظ کے عوض میں وصول کرے۔

(تفسیر نعیمی، ج10، ص254)

### 2)جلسہ:

دونوں سجدوں کے درمیان سیدھا بیٹھنا۔

(بہار شریعت ج1 حصہ 3 ص518)

### 3)جماعت نوافل بالتداعی:

تداعی کا لغوی معنی ہے ایک دوسرے کو بلانا جمع کرنا اور تداعی کے ساتھ جماعت کا مطلب ہے کہ کم از کم چار آدمی ایک امام کی اقتدا کریں۔

(فتاوی رضویہ، ج7 ص430،437)

### 4)جریب:

جریب کی مقدار انگریزی گز سے 35 گز طول اور 35 گز عرض ہے۔

(فتاوی رضویہ، ج10 ص239)

### 5) جحفہ:

ملک شام کی طرف سے آنے والوں کے لیے میقات ہے۔

(فتاوی رضویہ، ج10ص239)

### 6) جعرانہ:

حدود حرم سے خارج مکہ مکرمہ زادھا اللہ شرما و تعظیمًا سے تقریبًا 26 کلو میٹر دور طائف کے راستے پر واقع ہے۔ یہاں سے بھی دوران قیام مکہ شریف عمرے کا احرام باندھا جاتا ہے۔ اس مقام کو عوام "بڑا عمرہ" کہتے ہیں۔

(فتاوی رضویہ، ج10ص239)

### 7) جمرات:

منی میں واقع تین مقامات جہاں کنکریاں ماری جاتی ہیں۔ پہلے کا نام جمرۃ الاخری یا جمرۃ العقبہ ہے۔ اسے بڑا شیطان بھی بولتے ہیں۔ دوسرے کو جمرۃ الوسطی (منجھلا شیطان) اور تیسرے کو جمرۃ الاولی (چھوٹا شیطان) کہتے ہیں۔

(فتاوی رضویہ، ج10ص239)

### 8) جبل رحمت:

عرفات شریف کا وہ مقدس پہاڑ جس کے قریب وقوف کرنا افضل ہے۔

(فتاوی رضویہ، ج10ص239)

9) جرم غیر اختیاری:

اگر بیماری، سخت سردی، سخت گرمی، پھوڑے اور زخم یا جوؤں کی شدید تکلیف کی وجہ سے کوئی جرم ہوا تو اسے جرم غیر اختیاری کہتے ہیں۔

(بہار شریعت ج1 حصہ6 ص1162)

10) جنایت:.

اس سے مراد وہ فعل ہے جو حرم یا احرام کی وجہ سے منع ہو۔ جیسے احرام کی حالت میں شکار کرنا، حرم کسی جانور کو قتل کرنا۔

(در مختار، ج3 ص650)

11) جرح مجرد:

جس سے محض گواہ کا فسق (یعنی گواہی کے قابل نہ ہونا) بیان کرنا مقصود ہو۔ حق اللہ یا حق العبد کا ثابت کرنا مقصود نہ ہو۔

(بہار شریعت ج2 ح12 ص952)

12) جنون:

عقل میں ایسے خلل کا ہونا جس کی وجہ سے آدمی کے اقوال وافعال معمول کے مطابق نہ رہیں۔ چاہے یہ خلل پیدائشی و فطری طور پر ہو یا بعد میں کسی مرض وغیرہ کی وجہ سے پیدا ہو جائے۔ (التعریفات ص58، ردالمختار ج4 ص437)

### 13) جنون مطبق:

جنون مطبق یہ ہے کہ مسلسل ایک ماہ تک رہے۔

(بہار شریعت ج2ح12ص1012)

### 14) جارح:

زخمی کرنے والا

### 15) جار ملاصق:

وہ پڑوسی جس کے مکان کا پچھلا حصہ دوسرے کے مکان میں ہو۔

(بہار شریعت ج3ح15ص235)

### 16) جانی:

جنابت کرنے والا یعنی جان یا اعضاء کو نقصان پہنچانے والا۔

### 17) جائفہ:

وہ زخم جو جوف تک پہنچے اور یہ زخم پیٹھ، پیٹ اور سینے میں ہوتا ہے۔ اور اگر گلے کا زخم غذائی نالی تک پہنچ جائے تو وہ بھی جائفہ ہے۔(بہار شریعت ج3ح18ص842)

### 18) جد صحیح:

اس دادا کو کہتے ہیں۔ جس کی میت کی طرف نسبت میں مؤنث کا واسطہ بیچ میں نہ آئے۔ جیسے باپ کا باپ اور دادا کا باپ۔(بہار شریعت ج3ح20ص1115)

### 19)جد فاسد:

اس دادا کو کہتے ہیں۔جس کی میت کی طرف نسبت میں مؤنث کا واسطہ آئے جیسے ماں کا باپ۔

(بہار شریعت ج3ح20ص1115)

### 20)جده صحيحه:

وہ دادی جس کی نسبت میت کی طرف کی جائے تو در میان میں جد فاسد کا واسطہ نہ آئے جیسے باپ کی ماں اور ماں کی ماں۔

(بہار شریعت ج3ح20ص1115)

### 21)جدۂ فاسدہ:

وہ دادی یا نانی جس کی میت کی طرف نسبت میں جد فاسد آجائے جیسے نانا کی ماں اور دادی کے باپ کی ماں۔

(بہار شریعت ج3ح20ص1115)

## (چ)

### 1) چار پہر:

اس سے مراد ایک دن یا ایک رات کی مقدار ہے ۔ مثلاً طلوع آفتاب سے غروب آفتاب اور غروب آفتاب سے طلوع آفتاب یا دوپہر سے آدھی رات یا آدھی رات سے دوپہر تک ۔

(فتاوی رضویہ، ج10 ص757)

## (ح)

### 1) حرام قطعی:

جس کی ممانعت دلیل قطعی سے لزوماً ثابت ہو یہ فرض کا مقابل ہے۔

(بہار شریعت ج1 حصہ2، ص283)

### 2) حیض:

بالغہ عورت کے آگے کے مقام سے جو خون عادی طور پر نکلتا ہے اور بیماری یا بچہ پیدا ہونے کے سبب سے نہ ہو تو اسے حیض کہتے ہیں۔

(بہار شریعت ج1 حصہ2، ص371)

3) حدث اصغر:

جن چیزوں سے صرف وضو لازم ہوتا ہے ان کو حدث اصغر کہتے ہیں۔

(بہار شریعت ج 1 حصہ 2، ص 282)

4) حدث اکبر:

جن چیزوں سے غسل فرض ہوتا ہے ان کو حدث اکبر کہتے ہیں۔

(بہار شریعت ج 1 حصہ 2، ص 282)

5) حاجت اصلیہ:

زندگی بسر کرنے میں آدمی جس چیز کی ضرورت ہو وہ حاجت اصلیہ ہے۔ مثلاً رہنے کا مکان، خانہ داری کا سامان وغیرہ

(بہار شریعت ج 1 حصہ 2، ص 880)

6) حطیم:

کعبہ معظمہ زادھا اللہ شرفا تعظیمًا کی شمالی دیوار کے پاس نصف (یعنی آدھے) دائرے (Half circle) کی شکل میں فصیل (یعنی باؤنڈری) کے اندر حصہ "حطیم" کعبہ شریف ہی کا حصہ ہے۔ اور اس میں داخل ہونا عین کعبۃ اللہ شریف میں داخل ہونا ہے۔ (ایضًا)

7) حلق:

احرام سے باہر ہونے کے لیے حرم ہی میں پورا سر منڈوانا۔(ایضًا)

### 8)حرم:

مکہ مکرمہ زادھا اللہ شرفا و تعظیمًا کے چاروں طرف میلوں تک اس کی حدود ہیں اور یہ زمین حرمت و تقدس کی وجہ سے "حرم" کہلاتی ہے ہر جانب اس کی حدود پر نشان لگے ہیں۔ حرم کے جنگل کا شکار کرنا نیز خودرو درخت اور تر گھاس کاٹنا حاجی غیر حاجی سب کے لیے حرام ہے۔ جو شخص حدود حرم میں رہتا ہو اسے "حرمی" یا اہل حرم کہتے ہیں۔(ایضًا)

### 9)حل:

حدود حرم کے باہر سے میقات تک کی زمین کو "حل" کہتے ہیں۔ اس جگہ وہ چیزیں حلال ہیں جو حرم کی وجہ سے حدود حرم میں حرام ہیں۔ زمین حل کا رہنے والا "حلی" کہلاتا ہے۔(ایضًا)

### 10)حج بدل:

نیابۃ (نائب بن کر) دوسرے کی طرف سے حج فرض ادا کرنا پر سے فرض کو ساقط کرے۔(فتاوی رضویہ، ج10، ص259)

### 11)حج قران:

حج و عمرہ (دونوں) کے احرام کی نیت کرے اسے قران کہتے ہیں اور اس حج کرنے

والے کو قارن کہتے ہیں۔(فتاوی رضویہ،ج10،ص814)

## 12)حج تمتع:

مکہ معظمہ میں پہنچ کر اشہر الحج (یکم شوال سے دس ذی الحجہ) میں عمرہ کر کے وہیں سے حج کا احرام باندھے۔اسے تمتع کہتے ہیں اور اس حج کرنے والے کو متمتّع کہتے ہیں۔

(فتاوی رضویہ،ج10،ص814)

## 13)حج افراد:

جس میں صرف حج کیا جاتا ہے۔اسے حج افراد کہتے ہیں اور اس حج کرنے والے کو مفرد کہتے ہیں۔

(فتاوی رضویہ،ج10،ص813)

## 14)حاجب:

وہ شخص ہے جس کی موجودگی کی وجہ سے کسی وارث (میت وارث پانے والے) کا حصہ کم ہوجائے یا بالکل ہی ختم ہوجائے۔

(بہار شریعت ج3ح20ص26)

## 15)حد:

حد ایک قسم کی سزا ہے جس کی مقدار شریعت کی جانب سے مقرر ہے کہ اس میں کمی بیشی نہیں ہوسکتی۔(بہار شریعت ج2ح9ص369)

### 16) حد قذف:

کسی پر زنا کی تہمت لگائی اور گواہوں سے ثابت نہ کر سکا اس وجہ سے تہمت لگانے والے کو جو شرعی سزا دی جاتی ہے۔

(بہار شریعت ج2ح9ص394)

### 17) حوالہ:

دین (قرض) کو اپنے زمہ سے دوسرے کے زمہ کی طرف منتقل کر دینے کو حوالہ کہتے ہیں۔

(بہار شریعت ج2ح12ص874)

### 18) حویل:

دیکھیے محتال له ۔

### 19) حارصہ:

جلد کے اس زخم کو کہتے ہیں جس میں جلد پر خراش پڑ جائے مگر خون نہ چھلکے۔

(بہار شریعت ج3ح18ص842)

### 20) حج:

احرام باندھ کر نویں ذی الحجہ کو عرفات میں ٹھہرنے اور کعبہ معظمہ کے طواف کا نام حج ہے۔ اور اس کے لئے ایک خاص وقت مقرر ہے کہ اس میں یہ افعال کیے جائیں تو حج

ہے۔(بہار شریعت ج1ح6ص1035)

## 21)حجب:

وارث کا حصہ کسی دوسرے وارث کی موجودگی کی وجہ سے یا تو کم ہو جائے یا بالکل ہی ختم ہو جائے۔(بہار شریعت ج3ح20ص1133)

## 22)حجب نقصان:

وارث کے حصے کا کسی دوسرے وارث کی وجہ سے کم ہو جانا۔

(بہار شریعت ج3ح20ص1133)

## 23)حجب حرمان:

کسی وارث کا دوسرے وارث کی موجودگی کی وجہ سے میراث پانے سے محروم ہو جانا۔

(بہار شریعت ج3ح20ص1134)

## 24)حجر:

کسی شخص کے تصرفات قولیہ (زبانی کلامی معاملات) روک دینے کو حجر کہتے ہیں۔

(بہار شریعت ج3ح15ص199)

## 25)حربی:

وہ کافر جس نے مسلمانوں سے جزیہ کے عوض عقد و زمہ (یعنی اپنی جان و مال کی حفاظت کا عہد) نہ کیا ہو۔(الموسوعة الفقهيه ج7ص104)

### 26)حسد:

کسی شخص میں خوبی دیکھی اس کی اچھی حالت میں پایا اس کے دل میں یہ آرزو ہے کہ یہ نعمت اس سے جاتی رہے اور مجھے مل جائے۔

(بہار شریعت ج3ح16ص542)

### 27)حکومت عدل:

جنایات مادون النفس(یعنی قتل کے علاوہ)میں سے جن میں قصاص نہیں اور شرع نے کوئی ارش بھی معین نہیں کیا ہے۔ان میں جو تاوان لازم آتا ہے اس کو حکومت عدل کہتے ہیں۔

(بہار شریعت ج3ح18ص830)

## (خ)

### 1) خلافت راشدہ:

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد خلیفہ برحق و امام مطلق ابوبکر صدیق، پھر حضرت عمر فاروق پھر حضرت عثمان غنی پھر حضرت مولی علی پھر چھ ماہ کے لیے حضرت امام حسن مجتبی رضی اللہ تعالی عنھم ہوئے۔ ان حضرات کو خلفائے راشدین اور ان کی خلافت کو خلافت راشدہ کہتے ہیں۔ (بہار شریعت، ج1، ص241)

### 2) خطاء مقرر:

یہ وہ خطاء اجتہادی ہے جس سے دین میں کوئی فتنہ پیدا نہ ہوتا ہو جیسے ہمارے نزدیک مقتدی کا امام کے پیچھے سورہ فاتحہ پڑھنا۔ (بہار شریعت، ج1، ص256)

### 3) خطا منکر:

یہ وہ خطاء اجتہادی ہے جس کے صاحب پر انکار کیا جائے گا کہ خطاء باعث فتنہ ہے۔

(بہار شریعت، ج1، ص256)

### 4) خط استواء:

وہ فرضی دائرہ جو زمین کے بیچ و بیچ قطبوں سے برابر فاصلے پر مشرق سے مغرب کی طرف کھینچا ہوا مانا گیا ہے۔ جب سورج اس خط پر آتا تو دن رات برابر ہوتے ہیں۔

(اردو لغت، ج8 ص597)

5)خنثیٰ مشکل:

جس میں مرد و عورت دونوں کی علامتیں پائی جائیں اور یہ ثابت نہ ہو کہ مرد ہے یا عورت۔

(بہار شریعت، ج2، حصہ7, ص4)

6)خلع:

عورت سے کچھ مال لے کر اس سے نکاح کو زائل کر دینا خلع کہلاتا ہے۔

(بہار شریعت، ج2، حصہ8, ص194)

7)خروج بغنعه:

قعدہ اخیرہ کے بعد سلام و کلام و غیرہ کوئی ایسا فعل جو منافی نماز ہو بقصد کرنا۔

(بہار شریعت، ج1، حصہ3, ص516)

8)خیار شرط:

بائع مشتری کا عقد میں یہ شرط کرنا کہ اگر منظور نہ ہوا تو بیع باقی نہ رہے گی اسے خیار شرط کہتے ہیں۔

(بہار شریعت، ج2، حصہ11, ص647)

9)خیار رؤیت:

مشتری کا بائع سے کوئی چیز بغیر دیکھے خریدنا اور دیکھنے کے بعد اس چیز کے پسند نہ آنے پر بیع کے فسخ (ختم) کرنے کے اختیار کو خیار رؤیت کہتے ہیں۔

(بہار شریعت، ج2، حصہ 11، ص 661)

### 10) خیار عیب:

بائع کا مبیع کو عیب بیان کیے بغیر بیچنا یا مشتری کا ثمن میں عیب بیان کیے بغیر چیز خریدنا اور عیب پر مطلع ہونے کے بعد اس چیز کے واپس کر دینے کے اختیار کو خیار عیب کہتے ہیں۔ (بہار شریعت، ج2، حصہ 11، ص 673)

### 11) خراج مقاسمہ:

اس سے مراد یہ ہے کہ پیداوار کا کوئی آدھا حصہ یا تہائی یا چوتھائی وغیرہ مقرر ہو۔

(فتاوی رضویہ، ج10، ص237)

### 12) خراج مؤظف:

اس سے مراد یہ ہے کہ ایک مقدار معین لازم کر دی جائے خواہ روپے یا کچھ اور جیسے فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا تھا۔ (ایضًا)

### 13) خراج:

وہ وظیفہ جو مسلمان حاکم قابل زراعت خراجی زمین پر مقرر کر دیتا ہے۔

(الموسوعة الفقهيه ج19 ص52)

### 14) خراجِ مقاسمہ:

اس سے مراد یہ ہے کہ (اسلامی مملکت کی غیر مسلم رعایا پر عشر کی جگہ زمینی) پیداوار کا نصف حصہ یا تہائی یا چوتھائی وغیرہا مقرر ہو۔

(فتاوی رضویہ ج10 ص237)

### 15) خراجِ مؤظف:

اس سے مراد یہ ہے کہ (اسلامی مملکت کی غیر مسلم رعایا پر عشر کی جگہ) ایک مقدار معین لازم کردی جائے خواہ روپے یا کچھ اور جیسے فاروقِ اعظم رضی اللہ تعالی عنہ نے مقرر فرمایا تھا۔ (فتاوی رضویہ ج10 ص237)

### 16) خلع:

مال کے بدلے میں نکاح ختم کرنے کو خلع کہتے ہیں۔

(بہار شریعت ج2 ح8 ص194)

### 17) خلوتِ صحیحہ:

میاں بیوی کا ایک مکان میں اس طرح جمع ہونا کہ کوئی چیز مانع جماع نہ ہو۔

(بہار شریعت ج2 ح7 ص68)

### 18) خلوتِ فاسدہ:

میاں بیوی ایک جگہ تنہائی میں جمع ہوئے مگر کوئی مانع شرعی یا طبعی، حسی پاتا جاتا ہے تو

خلوت فاسدہ ہے۔

(بہار شریعت ج2ح7ص69)

## 19)خیار بلوغ:

وہ اختیار کو نابالغ کو بالغ ہونے پر حاصل ہوتا ہے کہ وہ بلوغت سے پہلے کئے ہوئے نکاح کو فسخ کرے یا قائم رکھے۔

(بہار شریعت ج2ح7ص87)

## 20)خیار عتق:

وہ اختیار جو لونڈی کو آزاد ہونے پر حاصل ہوتا ہے۔کہ وہ آزاد ہونے سے پہلے کئے ہوئے نکاح کو چاہے تو فسخ کردے چاہے تو قائم رکھے۔

(بہار شریعت ج2ح7ص87)

## 21)خراج:

(غیر مسلم) پیداوار کا کوئی آدھا حصہ یا تہائی یا چوتھائی وغیرہا جو مقرر ہو(اسلامی ملک کو ادا کریں)

(فتاوی رضویہ ج10ص237)

## 22)خمر:

خمر انگور کی شراب یعنی انگور کا کچا پانی جس میں جوش آجائے اور شدت پیدا ہو جائے کبھی

ہر شراب کو مجازاً خمر کہہ دیتے ہیں۔

(بہار شریعت ج3ح17ص672)

## 23)خنثیٰ مشکل:

جس میں مرد و عورت دونوں کی علامتیں پائی جائیں اور یہ ثابت نہ ہو کہ مرد ہے یا عورت۔

(بہار شریعت ج2ح7ص4)

## (د)

### 1)دلیل قطعی:

وہ ہے جس کا ثبوت قرآن پاک یا حدیث متواترہ سے ہو۔

(فتاوی فقیہ ملت، ج1 ص204)

### 2)دلیل ظنی:

وہ ہے جس کا ثبوت قرآن پاک یا حدیث متواترہ سے نہ ہو احادیث احاد یا محض اقوال ائمہ سے ہو۔(فتاوی فقیہ ملت، ج1 ص204)

### 3)دار الحرب:

وہ دار جہاں کبھی سلطنت اسلامی نہ ہوئی یا ہوئی اور پھر ایسی غیر قوم کا تسلط ہو گیا جس نے شعائر اسلام مثل جمعہ و عیدین و اذان و اقامت و جماعت یک لخت اٹھا دیئے اور شعائر کفر جاری کر دیے ۔اور کوئی شخص امان اول پر باقی نہ رہے اور وہ جگہ چاروں طرف سے دارالاسلام میں گھری ہوئی نہیں تو وہ دار الحرب ہے۔

(فتاوی رضویہ، ج16 ص316، ص367)

### 4)دار الاسلام:

وہ ملک ہے کہ فی الحال اس میں اسلامی سلطنت ہو یا اب نہیں تو پہلے تھی اور غیر مسلم

بادشاہ نے اس میں شعائرِ اسلام مثل جمعہ و عیدین و اذان و اقامت و جماعت باقی رکھے ہوں تو وہ دار الاسلام ہے۔(فتاوی رضویہ، ج17ص367)

## 5)دین قوی:

وہ دین جسے عرف میں دست گزدان کہتے ہیں۔ جیسے قرض، مال تجارت کا ثمن وغیرہ۔

(بہار شریعت ج1 حصہ5 ص905)

## 6)دین متوسط:

وہ دین جو کسی مال غیر تجارتی کا بدل ہو مثلاً گھر کا غلہ یا کوئی اور شے حاجت اصلیہ کی بیچ ڈالی اور اس کے دام خریدار پر باقی ہیں۔

(بہار شریعت ج1 حصہ5 ص906)

## 7)دین ضعیف:

وہ دین جو غیر مال کا بدل ہو مثلاً بدل خلع وغیرہ۔

(بہار شریعت ج1 حصہ9065)

## 8)دین معیادی:

ایسا قرض جس کے ادا کرنے کا وقت مقرر ہو۔

(فتاوی رضویہ ج10ص247)

## 9)دین معجل:

وہ قرض جس میں قرض دیندہ (قرض دینے والے) کو ہر وقت مطالبے کا اختیار ہوتا ہے۔

(فتاوی رضویہ ج10ص247)

10)دم:

یعنی ایک بکرا اس میں نر مادہ دنبہ بھیڑ، تیتر گائے یا اونٹ کا ساتواں حصہ سب شامل ہیں۔(ایضًا)

11)دائن:

قرض دینے والا وہ شخص جس کا کسی پر دین ہو اسے دائن کہتے ہیں۔

12)دیت:

دیت اس مال کو کہتے ہیں جس نفس (جان) کے بدلے میں لازم ہوتا ہے۔

(بہار شریعت ح18ص55)

13)دین:

جو چیز واجب فی الزمہ ہو کسی عقد مثلا بیع یا اجارہ کی وجہ سے یا کسی چیز کے ہلاک کرنے سے اس کے زمہ تاوان ہو یا قرض کی وجہ سے واجب ہو۔ان سب کو دین کہتے ہیں۔

(بہار شریعت ج2ح11ص752)

14)دین مؤجل:

وہ دین جس کے لیے کوئی معیاد مقرر ہو۔

(بہار شریعت ج2ح7ص75)

### 15)دین میعاد:

دیکھیے دین مؤجل۔

### 16)دامعہ:

سر کی جلد کے اس زخم کو کہتے ہیں جس میں خون چھنک آئے مگر بہے نہیں۔

(بہار شریعت ج3ح18ص846)

### 17)دامیہ:

سر کی جلد کے اس زخم کو کہتے ہیں جس میں خون بہہ جائے

(ایضًا)

### 18)دیانات:

اس سے مراد وہی چیزیں ہیں جن کا تعلق بندہ اور رب کے مابین ہے۔

(بہار شریعت ج3ح16ص400)

## (ذ)

### 1)ذوی الارحام:

قریبی رشتہ دار اس سے مراد وہ رشتہ دار ہیں جو نہ تو اصحاب فرائض میں سے ہیں اور نہ ہی عصبات میں سے ہیں۔

(بہار شریعت ج3، حصہ20، ص1161)

### 2)ذمی:

اس کافر کو کہتے ہیں جس کے جان و مال کی حفاظت کا بادشاہ اسلام نے جزیہ کے بدلے زمہ لیا ہو۔

(الموسوعة الفقهيه ج7 ص104)

(فتاوی فیض الرسول ج1 ص501)

### 3)ذوالحلیفہ:

مدینہ شریف سے مکہ پاک کی طرف تقریبًا 10 کلو میٹر پر ہے جو مدینہ منورہ زادھا اللہ شرف و تعظیمًا کی طرف سے آنے والوں کے لیے "میقات" ہے۔اب اس جگہ کا نام "ابیار علی" کرم اللہ تعالی وجھہ الکریم ہے۔(ایضًا)

### 4)ذات عرق:

عراق کی جانب سے آنے والوں کے لیے میقات ہے۔

(ایضًا)

### 5)ذی الحلیفہ:

مدینہ منورہ سے تین میل کے فاصلے پر ایک مقام کا نام ہے۔

(صر قاۃ)

### 6)ذوی الفرض:

اس سے مراد وہ لوگ ہیں جن کا میراث میں معین حصہ قرآن و حدیث اور اجماع امت کی رو سے بیان کر دیا گیا ہے۔ان کو اصحاب فرائض کہتے ہیں۔

(الشریفیہ شرح السراجی ص8)

## (ر)

### 1)رکن:

وہ چیز ہے جس پر کسی شے کا وجود موقوف ہو اور وہ خود اس شے کا حصہ اور جز ہو۔ جیسے نماز میں رکوع وغیرہ۔

(التعریفات، باب الراء ص82)

### 2)رطل:

بیس استار کا ہوتا ہے۔

(فتاوی رضویہ ج10 ص296)

### 3)رتی:

آٹھ چاول کا وزن۔

(فتاوی رضویہ رضویہ ج10 ص298)

### 4)رحل:

اکڑ کر شانے (کندھے) ہلاتے ہوئے چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتے ہوئے قدرے (یعنی تھوڑا) تیزی سے چلنا۔(ایضًا)

### 5)رمی:

جمرات (یعنی شیطانوں) پر کنکریاں مارنا۔

(ایضًا)(ص60)

### 6)رکن اسود:

جنوب و مشرق(south east)کے کونے میں واقع ہے۔اسی میں جنتی پتھر "حجر اسود "نصب ہے۔(ایضًا)

### 7)رکن عراقی:

یہ عراق کی سمت شمال مشرقی(north eastern)کونا ہے۔(ایضًا)

### 8)رکن شامی:

یہ ملک شام کی سمت شمال مغربی(north western)کونا ہے۔

(ایضًا)

### 9)رکن یمانی:

یہ یمن کی جانب مغربی(western)کونا ہے۔

(ایضًا)(ص61)

### 10)راہن:

جو شخص اپنی چیز کسی کے پاس گروی رکھتا ہے اسے راہن کہتے ہیں۔

(بہار شریعت ح17ص31)

### 11)رب السلم:

بیع سلم میں خریدار کو رب السلم کہتے ہیں۔

(ردالمحتار ج7ص479)

### 12)رب المال:

بیع مضاربت کا سرمایہ دار۔

### 13)رجعت:

جس عورت کو رجعی طلاق دی ہو عدت کے اندر اسے اسی پہلے نکاح پر باقی رکھنا۔

(بہار شریعت ج2ح8ص170)

### 14)رجم:

زانی مرد یا زانیہ عورت (جس کے متعلق رجم کا حکم ہے اس) کو میدان میں لے جا کر اس قدر پتھر مارنا کہ مر جائے۔

(بہار شریعت ج2ح9ص374)

### 15)رہن:

دوسرے کے مال کو اپنے حق میں اپنے پاس اس لیے روک رکھنا کہ اس کے ذریعے سے اپنے حق کو کلاً یا جزاً حاصل کرنا ممکن ہو کبھی اس چیز کو بھی رہن کہتے ہیں جو رکھی گئی ہے۔(بہار شریعت ح17ص31)

### 16)رافضی:

رافضی کی تفصیل دیکھیے بہار شریعت جلد اول حصہ اول صفحہ 205

### 17)رضاعت:

وہ بچہ جس کی عمر ڈھائی سال سے کم ہو اس کا کسی عورت کا دودھ رضاعت کہلاتا ہے۔

(ردالمختار ج4 ص386)

### 18)رقبی:

کسی کو اس شرط پر چیز دینا کہ اگر میں تجھ سے پہلے مر گیا تو یہ تیری۔

(بہار شریعت ج8 ح14 ص99)

### 19)رکن:

وہ چیز جس کے ساتھ شے کا قائم ہونا درست ہو جیسے نماز میں رکوع وغیرہ۔

(التفریفات ص82)

### 20)ریا و سمعہ:

ریا یعنی دکھاوے کے لیے کام کرنا اور سمعہ یعنی اس لیے کام کرنا کہ لوگ سنیں گے اور اچھا جانیں گے۔ (بہار شریعت ج3 ح16 ص629)

### 21)راس المال:

وہ مال جو رب المال (سرمایہ دار) نے تجارت کے لیے دیا ہو۔ (بہار شریعت ج3 ح14 ص1)

## (ز)

### 1)زادراہ:

توشہ اور سواری، اس کے معنی یہ ہیں کہ یہ چیزیں اس کی حاجت یعنی مکان ولباس اور خانہ داری کے سامان وغیرہ اور قرض سے اتنی زائد ہوں کہ سواری ہر جائے اور وہاں سے سواری پر واپس آئے اور جانے سے واپسی تک عیال کا نفقہ اور مکان کی مرمت کے لیے کافی مال چھوڑ جائے۔

(بہار شریعت، ج1 حصہ6ص1039، 1040)

## (س)

### 1)سنت مؤکدہ:

وہ جس کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیشہ کیا ہو البتہ بیان جواز کے لیے کبھی ترک بھی کیا ہو۔

(فتاوی فقیہ ملت ج1 ص204)

### 2)سنت غیر مؤکدہ:

وہ عمل کس پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مداومت (ہمیشگی) نہیں فرمائی اور نہ اس کے

کرنے کی تاکید فرمائی لیکن شریعت نے اس کے ترک کو ناپسند جانا ہو اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ عمل کبھی کیا ہو۔

(بہار شریعت، ج1، حصہ2، ص283 وفتاوی فقیہ ملت، ج1 ص204)

3) سایہ اصلی:

وہ سایہ جو نصف النہار کے وقت (ہر چیز کا) ہوتا ہے۔

(فتاوی امجدیہ، حصہ1 ص47)

4) سجدۂ شکر:

کسی نعمت کے ملنے پر سجدہ کرنا۔

(بہار شریعت، ج1 حصہ4 ص738)

5) سائمہ:

وہ جانور ہے جو سال کے اکثر حصہ میں چر کر گزارا کرتا اور اس سے مقصود صرف دودھ اور بچے لینا یا فربہ کرنا ہو۔

(بہار شریعت، ج1 حصہ5 ص892)

6) سعی:

"صفا" اور "مروہ" کے مابین (یعنی درمیان) سات پھیرے لگانا (صفا سے مروہ تک ایک پھیرا ہوتا ہے یو مروہ پر سات چکر پورے ہوں گئے) (ایضًا)

7)سعایت:

(محنت کرنا کوشش کرنا)غلام کا کچھ حصہ آزاد ہو چکا ہوں اور بقیہ کی آزادی کے لیے محنت مزدوری کر کے مالک کو قیمت ادا کر رہا ہو غلام کے اس فعل کو سعایت کہتے ہیں۔

(الموسہ الفقھیہ ج25 ص6)

8)سجدۂ تحیت:

یعنی ملاقات کے وقت بطور اکرام کسی کو سجدہ کرنا یہ حرام ہے۔

(بہار شریعت ج3 ح16 ص473)

9)سدل:

کپڑے کو کندھے یا سر کے اوپر سے اس طرح لٹکانا کہ اس کے دونوں کنارے لٹکتے رہیں۔(بحر الرائق ج2 ص42,43)

10)سمحاق:

وہ زخم جو سر کی ہڈی کے اوپر کی جھلی (باریک کھال) تک پہنچ جائے۔

(بہار شریعت ج3 ح18 ص842)

11)سوت:

ایک خاوند کی دو یا دو سے زیادہ بیویاں آپس میں سوت (سوکن) کہلاتی ہیں۔

### 12)سوگ:

عورت کا ایام عدت میں زیب وزینت کو ترک کر دینا۔

(ردالمختار ج5 ص220)

## (ش)

### 1)شفاعت بالوجاهة:

مستشفع الیہ (جس سے سفارش کی گئ ) کی بارگاہ میں شفاعت کرنے والے کو جو وجاہت (عزت ومرتبہ حاصل ہے اس کے سبب شفاعت کا قبول بالوجاہت ہے۔

(شفاعت مصطفی ترجمہ تحقیق الفتوی فی اطال الطفوی ص73)

### 2)شفاعت بالمحبة:

وہ شفاعت جس کی قبولیت کا سبب مستشفع الیہ (جس سے سفارش کی گئ) کی شفاعت کرنے والے سے محبت ہے۔

(ایضًا،ص142)

### 3)شفاعت بالاذن:

اس کا معنی یہ ہے کہ جس کے لیے شفاعت کی گئ ہے۔شفاعت کرنے والے کو مستشفع الیہ کے سامنے اس کی شفاعت پیش کرنے کی اجازت ہو۔

(ایضًا,ص149)

### 4) شرک:

اللہ تبارک وتعالیٰ کی ذات وصفات میں کسی دوسرے کو شریک کرنا شرک کہلاتا ہے۔

(وقار الفتاوی ج1 ص270)

### 5) شفق:

شفق ہمارے مذہب میں اس سپیدی کا نام ہے جو جانب مغرب میں سرخی ڈوبنے کے بعد جنوباً شمالاً صبح صادق کی طرح پھیلی ہوئی رہتی ہے۔

(بہار شریعت، ج1 حصہ 3 ص451)

### 6) شرط:

وہ شے جو حقیقت شئ میں داخل نہ ہو لیکن اس کے بغیر شے موجود نا ہو جیسے نماز کے لیے وضو وغیرہ۔ (فتاوی رضویہ ج10، ص786)

### 7) شفع اول، شفع ثانی:

چار رکعت والی نماز کی پہلی دو رکعتوں شفع اور آخری دو کو شفع ثانی کہتے ہیں۔

(بہار شریعت ج1 ح4 ص229)

### 8) شیخ فانی:

وہ بوڑھا جس کی عمر ایسی ہو گی کہ اب روز بروز کمزور ہی ہوتا جائے گا جب وہ روزہ رکھنے سے عاجز ہو یعنی نہ اب رکھ سکتا ہے نہ آئندہ اس میں اتنی طاقت آنے کی امید ہے کہ

روزہ رکھ سکے گا۔(شیخ فانی ہے)

(بہار شریعت ج1ح5ص1006)

9)شفعہ:

غیر منقول جائیداد کو کسی شخص نے جتنے میں خریدا اتنے ہی میں اس جائیداد کے مالک ہونے کا حق جو دوسرے شخص کو حاصل ہو جاتا ہے اس کو شفعہ کہتے ہیں۔

(بہار شریعت ج3ح15ص233)

10)شهادة على الشهادة:

اس سے مراد یہ ہے کہ جس چیز کو گواہوں نے خود نہ دیکھا بلکہ دیکھنے والوں نے ان کے سامنے گواہی دی اور اپنی گواہی پر انہیں گواہ کیا انہوں نے اس گواہی کی گواہی دی۔

(فتاوی رضویہ ج10ص406)

11)شبہ فعل یا شبہ اشتباہ:

یعنی فعل حرام ہو لیکن وہ اس کو حلال گمان کر کے اس کا ارتکاب کر بیٹھے مثلاً اپنی عورت کو تین طلاقیں دینے کے بعد اس کے ساتھ عدت میں وطی کر لے یہ سمجھ کر کہ عدت کے اندر وطی حلال ہے۔(بہار شریعت ج2ح9ص379)

12)شرط:

وہ شے جو حقیقت شئ میں داخل نہ ہو لیکن اس کے بغیر شے کا موجود نہ ہو جیسے نماز کے

لیے وضو وغیرہ۔

(فتاوی رضویہ ج10 ص786)

## 13) شرکت:

شرکت ایسے معاملے کا نام ہے جس میں دو افراد سرمایہ اور نفع میں شریک رہنا طے کریں۔

(الردالمختار ج6 ص459)

## 14) شرکت اختیاری:

شرکت اختیاری یہ ہے کہ شریکین کے فعل و اختیار سے شرکت ہوئی ہو۔

(بہار شریعت ج2 ح10 ص489)

## 15) شرکت بالعمل:

شرکت بالابدان، شرکت تقبل، شرکت صنائع:

شرکت بالعمل یہ ہے کہ دو کاریگر لوگوں کے یہاں سے کام لائیں اور شرکت میں کام کریں اور جو کچھ مزدوری ملے آپس میں بانٹ لیں۔ اسی کو شرکت بالابدان اور شرکت تقبل و شرکت صنائع بھی کہتے ہیں۔ (بہار شریعت ج2 ح10 ص505)

## 16) شرکت جبری:

شرکت جبری یہ ہے کہ دونوں کا مال بغیر ارادہ و اختیار کے آپس میں ایسا مل جائے کہ ہر

ایک کی چیز دوسرے سے ممتاز (متفرق ، جدا) نہ ہوسکے یا ہوسکے مگر نہایت دقت و دشواری کے ساتھ مثلاً وراثت میں دونوں کو ترکہ ملا کہ ہر ایک کا حصہ دوسرے سے ممتاز نہیں یا ایک کے پاس گندم تھی۔ دوسرے کے پاس جو اور وہ آپس میں مل گے۔

(بہار شریعت ج2ح10ص479)

### 17)شرکت عقد:

شرکت عقد یہ ہے کہ دو شخص باہم کسی چیز میں شرکت کا عقد کریں مثلاً ایک کہے میں تیرا شریک ہوں دوسرا کہے مجھے منظور ہے۔

(بہار شریعت ج2ح10ص489)

### 18)شرکت عنان:

شرکت عنان یہ ہے کہ دو شخص کسی خاص نوع کی تجارت یا ہر قسم کی تجارت میں شرکت کریں مگر ہر ایک دوسرے کا ضامن نہ ہو صرف دونوں آپس میں ایک دوسرے کے وکیل ہوں گے۔

(بہار شریعت ج2ح10ص498)

### 19)شرکت مفاوضہ:

شرکت مفاوضہ یہ ہے کہ ایک دوسرے کا وکیل و کفیل ہو یعنی ہر ایک کا مطالبہ دوسرا وصول کر سکتا ہے اور ہر ایک پر جو مطالبہ ہو گا دوسرا اسکی طرف سے ضامن ہے اور

شرکت مفاوضہ میں یہ ضرور ہے کہ دونوں کے مال برابر نہ ہوں اور نفع میں دونوں برابر کے شریک ہوں اور تصرف و دین میں بھی مساوات ہو لہذا آزاد و غلام میں اور نابالغ و بالغ میں اور مسلمان و کافر میں اور عاقل و مجنون میں اور دو نابالغوں میں اور دو غلاموں میں شرکت مفاوضہ نہیں ہو سکتی۔

(بہار شریعت ج2ح10ص491)

## 20) شرکت ملک:

شرکت ملک یہ ہے کہ چند شخص ایک چیز کے مالک ہوں اور باہم عقد شرکت نہ ہوا ہو۔

(بہار شریعت ج2ح10ص489)

## 21) شرکت وجوہ:

شرکت وجوہ یہ ہے کہ دونوں بغیر مال عقد شرکت کریں کہ اپنی وجاہت اور آبرو کی وجہ سے دکانداروں سے ادھار خرید لائیں گے۔ اور مال بیچ کر ان کے دام دے دیں گے اور جو کچھ باقی بچے گا آپس میں بانٹ لیں گے۔

(بہار شریعت ج2ح10ص509)

## 22) شفیع:

شفعہ کرنے والا وہ شخص (پڑوسی) جسے شفعہ کا حق ہو۔

(بہار شریعت ج3ح15ص233)

### 23) شہادت:

کسی حق کے ثابت کرنے کے لیے مجلس قاضی میں (یعنی قاضی کے سامنے) لفظ شہادت کے ساتھ سچی خبر دینے شہادت یا گواہی کہتے ہیں۔

(بہار شریعت ج2ح12ص930)

### 24) شہادۃ علی الشھادۃ:

اس سے مراد ہے کہ ایک شخص قاضی کے پاس حاضر نہ ہوسکے اور وہ دوسرے سے کہہ دے کہ میں فلاں معاملے میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں تم قاضی کے پاس میری اس گواہی کو گواہی دے دینا اسی کو فقہ کی اصطلاح میں شہادۃ علی الشھادۃ کہتے ہیں۔

(الھدایہ ج2ص129)

### 25) شجاج:

سر اور چہرے کے زخموں کو شجاج کہتے ہیں۔ (بہار شریعت ج3ح18ص842)

### 26) شراب:

لغت میں پینے کی چیز کو شراب کہتے ہیں اور اصطلاح فقہاء میں شراب اسے کہتے ہیں۔

(بہار شریعت ج3ح17ص671)

### 27) شرب:

کھیت کی آبپاشی یا جانوروں کو پانی پلانے کے لیے جو باری مقرر کرلی جاتی ہے اس کو

شرب کہتے ہیں۔

(بہار شریعت ج3ح17ص666)

## 28)شکار:

شکار اس وحشی جانور کو کہتے ہیں جو آدمیوں سے بھاگتا ہو اور بغیر حلیہ نہ پکڑا جا سکتا ہو اور کبھی فعل یعنی اس جانور کے پکڑنے کو بھی شکار کہتے ہیں۔

(بہار شریعت ج3ح17ص679)

## 29)شیخین:

صحابہ کرام رضی اللہ تعالی عنھم میں شیخین سے مراد حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنھما ہیں محدیثین کی اصطلاح میں شیخین سے مراد امام بخاری و امام مسلم رحمتہ اللہ تعالی عنھما ہیں۔اصطلاح فقہا میں اس سے مراد امام ابو حنیفہ اور امام ابو یوسف رحمتہ اللہ تعالیٰ علیھما ہیں۔

## (ص)

### 1)صبح صادق:

ایک روشنی ہے کہ مشرق کی جانب جہاں سے آج آفتاب طلوع ہونے والا ہے جس کے اوپر آسمان کے کنارے میں جنوباً شمالاً دکھائی دیتی ہے اور بڑھتی جاتی ہے یہاں تک کہ تمام آسمان پر پھیل جاتی ہے۔

(بہار شریعت ج1ح3ص447)

### 2)صبح کاذب:

صبح صادق سے پہلے آسمان کے درمیان میں ایک دراز سفیدی ظاہر ہوتی ہے۔جس کے نیچے سارا افق سیاہ ہوتا ہے۔پھر یہ سفیدی صبح صادق کی وجہ سے غائب ہوجاتی ہے اسے صبح کاذب کہتے ہیں۔

(بہار شریعت ج1ح3ص448)

### 3)صاحب ترتیب:

وہ شخص جس کی بلوغت کے بعد سے لگاتار پانچ فرض نمازوں سے زائد کوئی نماز قضاء نہ ہوتی ہو۔(لغۃ الفقہاص ص269)

### 4)صاحبین:

فقہ حنفی میں امام ابویوسف اور امام محمد رحمۃ اللہ تعالی علیہا کو صاحبین کہتے ہیں۔

(کتب فقہ)

5) صلوۃ الاوابین:

نماز مغرب کے بعد چھ رکعت نفل پڑھنا۔

(بہار شریعت ج1 ح4 ص666)

6) صلوۃ اللیل:

ایک رات میں بعد نماز عشاء جو نوافل پڑھے جائیں ان کو صلوۃ اللیل کہتے ہیں۔

(بہار شریعت ج1 ح4 ص677)

7) صلوۃ التسبیح:

چار رکعت نفل جن میں تین سو مرتبہ سبحان و الحمد للہ والا الہ آلا اللہ واللہ اکبر پڑھا جاتا ہے۔

(بہار شریعت ج1 ح4 ص683)

8) صلوۃ الاسرار (نماز غوثیہ)

غوث اعظم رضی اللہ تعالی عنہ سے منقول دو رکعت نماز جو مغرب کے بعد کسی حاجت کے لیے پڑھی جائے۔

(بہار شریعت ج1 ح4 ص686)

9) صلوۃ الترغائب:

رجب کی پہلی شب جمعہ نماز مغرب کے بارہ رکعت نفل مخصوص طریقے سے ادا کرنا۔

(دیکھیے تفصیل رکن دین، ص135)

10) صاع:

ایک صاع 4 کلو میں سے 160 گرام کم اور نصف یعنی آدھا صاع 2 کلو میں سے 80 گرام کم کا ہوتا ہے۔

11) صوم داؤد علیہ السلام:

اس سے مراد ایک دن روزہ رکھنا اور ایک دن افطار کرنا ہے۔

(بہار شریعت ج1 ح5 ص966)

12) صوم سکوت:

ایسا روزہ جس میں کچھ بات نہ کرے۔

(بہار شریعت ج1 ح5 ص966)

13) صوم وصال:

روزہ رکھ کر افطار نہ کرنا اور دوسرے دن پھر روزہ رکھنا (صوم وصال ہے)

(بہار شریعت ج1 ح5 ص966)

14) صوم دہر:

یعنی ہمیشہ روزہ رکھنا۔

(بہار شریعت ج1ح5ص966)

15)صدقہ:

یعنی صدقہ فطر کی مقدار (آج کل کے حساب سے دو کلو تقریبًا پچاس گرام گیہوں یا اس کا آٹا یا اس کی رقم یا اس کے دگنے جو یا کھجور یا اس کی رقم)۔

(ایضًا)(رفیق الحرمین ص288)

16)صحیحین:

حدیث کی دو مشہور کتابیں صحیح بخاری و صحیح مسلم۔

17)صلح:

نزاع دور کرنے کے لیے جو عقد کیا جائے اس صلح کہتے ہیں۔

(بہار شریعت ج2ح13ص1132)

18)صہریج:

بعض جگہ مکانوں میں حوض بنا رکھتے ہیں برساتی پانی اس میں جمع کر لیتے ہیں اور اپنے استعمال میں لاتے ہیں عربی میں ایسے حوض کو صہریج کہتے ہیں۔

(بہار شریعت ج3ح17ص668)

## (ض)

### 1)ضروریات دین:

اس سے مراد وہ مسائل دین ہیں جن کو ہر خاص و عام جانتے ہوں جیسے اللہ عزوجل کی وحدانیت، انبیاء علیھم السلام کی نبوت، جنت و دوزخ وغیرہ۔

(بہار شریعت ج1ح1ص172)

### 2)ضحوۂ کبری:

نصف النہار شرعی کو ضحوۂ کبری کہتے ہیں۔

(فتاوی فقیہ ملت ج1ص85)

## (ط)

### 1)طوال مفصل:

سورہ حجرات سے سورہ بروج تک طوال مفصل کہلاتا ہے۔

(بہار شریعت ج1ح3ص546)

### 2)طلاق بائن:

وہ طلاق جس کی وجہ سے عورت مرد کے نکاح سے فوراً نکل جاتی ہے۔

(بہار شریعت ج2ح8ص11)

### 3)طواف:

خانہ کعبہ کے گرد سات چکر لگانا ایک چکر کو "شوط" کہتے ہیں جمع اَشواط۔

(ایضًا)(رفیق الحرمین ص58)

### 4)طواف قدوم:

مکہ معظمہ زادھا اللہ شرفاً و تعظیماً میں داخل ہونے پر کیا جانے والا وہ پہلا طواف جو کہ "افراد" یا "قران" کی نیت سے حج کرنے کے لیے سنت مؤکدہ ہے۔(ایضًا)

### 5)طواف زیادۃ:

اسے طواف افاضہ بھی کہتے ہیں۔ یہ حج کا رکن ہے اس کا وقت 10 ذوالحجۃ الحرام کی صبح

صادق سے 12 ذوالحجۃ الحرام کے غروب آفتاب تک ہے مگر 10 ذوالحجۃ الحرام کو کرنا افضل ہے۔(ایضًا)

### 6)طواف وداع:

اسے طواف رخصت اور طواف صدر بھی کہتے ہیں یہ حج کے بعد مکہ مکرمہ زادھا اللہ شرفاو تعظیمًا سے رخصت ہوتے وقت ہر آفاقی حاجی پر واجب ہے۔(ایضًا)

### 7)طواف عمرہ:

یہ عمرہ کرنے والوں پر فرض ہے۔(ایضًا)

### 8)طالب:

جس کا مطالبہ ہے اس کو طالب و مکفول لہ (دائن) کہتے ہیں۔

(بہار شریعت ج2ح12ص836)

### 9)طرفین:

(کسی بھی معاملے کے دو فریق) خرید و فروخت میں طرفین سے مراد بائع اور مشتری ہیں۔

(بہار شریعت ج2ح11ص616)

### 10)طلاق:

نکاح سے عورت شوہر کی پابند ہو جاتی ہے اس پابندی اٹھا دینے کو طلاق کہتے ہیں۔

(بہار شریعت ج2ح8ص110)

### 11) طلاق رجعی:

وہ طلاق جس میں عورت عدت کے گزرنے پر نکاح سے باہر ہو۔

(بہار شریعت ج2ح8ص110)

### 12) طرفین:

اصطلاح فقہا میں اس سے مراد امام ابو حنیفہ اور امام محمد رحمتہ اللہ تعالی علیہما ہیں۔

### 13) طلاق مغلظہ:

مرد کا اپنی بیوی کو تین طلاقیں دے دینا۔

(الموسوعة الفقهیہ ج29ص30)

### 14) طالب مواثبہ:

جو شخص شفعہ کرنا چاہتا ہے جیسے ہی اس کو اس جائداد کے فروخت ہونے کا علم ہو فوراً اسی وقت یہ ظاہر کر دے کہ میں طالب شفعہ ہوں۔

(بہار شریعت ج3ح15ص240)

### 15) طلب تقریر طلب اشہاد:

شفیع بائع یا مشتری یا جائداد ملبیعہ (فروخت شدہ جائداد) کے پاس جا کر گواہوں کے سامنے یہ کہے کہ فلاں شخص نے یہ جائداد خریدی ہے اور میں اس کا شفیع ہوں اور اس

سے پہلے میں طلب شفعہ کر چکا ہوں اور اب پھر طلب کرتا ہوں تم لوگ اس کے گواہ رہو۔

(بہار شریعت ج3ح15ص243,242)

## 16)طلب تملیک:

شفعہ کرنے والا قاضی کے پاس جا کر یہ کہے کہ فلاں شخص نے فلاں جائداد خریدی ہے اور فلاں جائداد کے ذریعے سے میں اس کا شفیع ہوں وہ جائداد مجھے دلادی جائے۔

(بہار شریعت ج3ح15ص244)

## (ظ)

### 1)ظہار:

اپنی زوجہ یا اس کے کسی جزو شائع یا ایسے جزو کو جو کل سے تعبیر کیا جاتا ہو ایسی عورت سے تشبیہ دینا جو اس پر ہمیشہ کے لیے حرام ہو یا اس کے کسی ایسے عضو سے تشبیہ دینا ۔جس کی طرف دیکھنا حرام ہو۔ مثلاً کہا مجھ پر میری ماں کی مثل ہے یا تیرا سر یا تیری گردن یا تیرا نصف میری ماں کی پیٹھ کی مثل ہے۔

(بہار شریعت ج2ح8ص205)

## (ع)

### 1)علم ذاتی:

وہ علم کہ اپنی ذات سے بغیر کسی کی عطا کے ہو (اسے "علم ذاتی" کہتے ہیں) اور یہ اللہ عزوجل ہی ساتھ خاص ہے۔(فتاوی رضویہ ج29ص503)

### 2)علم عطائی:

وہ علم جو اللہ عزوجل کی عطا سے حاصل ہو اسے "علم عطائی" کہتے ہیں۔

(فتاوی رضویہ ج29ص503)

3)عشرہ مبشرہ:

وہ دس صحابہ جن کو سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی زندگی ہی میں ان کو جنت کی بشارت دی۔ حضرت ابوبکر صدیق، حضرت عمر فاروق، حضرت عثمان غنی، حضرت علی المرتضی، حضرت طلحہ بن عبید اللہ، حضرت زبیر بن العوام، حضرت عبد الرحمن بن عوف، حضرت سعد بن ابی وقاص، حضرت سعید بن زید، حضرت ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ تعالی عنہم اجمعین۔

(فتاوی رضویہ ج29 ص363)

4)عبادت مقصودہ:

وہ عبادت جو خود بالذات مقصود ہو کسی دوسری عبادت کے لیے وسیلہ نہ ہو مثلاً نماز وغیرہ۔

(بہار شریعت ج1 ح5 ص1015)

5)عبادت غیر مقصودہ:

وہ عبادت جو بالذات مقصود نہ ہو بلکہ کسی دوسری عبادت کے وسیلہ ہو۔

(بہار شریعت ج1 ح5 ص1015)

6)عرض بلد:

خط استواء سے کسی بلد کی قریب ترین دوری کو عرض بلد کہتے ہیں۔

### 7)عاریت:

دوسرے شخص کو اپنی کسی چیز کی منفعت کا بغیر عوض مالک کو دینا عاریت ہے۔

(بہار شریعت ج3ح14ص54)

### 8)عمل قلیل:

جس کام کے کرنے والے کو دور سے دیکھنے والا اس شک و شبہ میں پڑ جائے کہ یہ نماز میں ہے۔یا نہیں تو عمل قلیل ہے۔(در مختار ج2ص464)

### 9)عمل کثیر:

جس کام کے کرنے والے کو دور سے دیکھنے سے ایسا لگے کہ یہ نماز میں نہیں ہے بلکہ گمان بھی غالب ہو کہ نماز میں نہیں ہے تب بھی عمل کثیر ہے۔

(در مختار مع ردالمختار ج2ص464)

### 10)عصبہ:

اس سے مراد وہ لوگ ہیں جن کا حصہ مقرر نہیں البتہ اصحاب فرائض کو دینے کے بعد بچا ہوا مال لیتے ہیں اور اگر اصحاب فرائض نہ ہوں تو میت کا تمام مال انہیں کا ہوتا ہے۔

(تفصیل کے لیے دیکھیے، بہار شریعت ج3ح20ص1130)

### 11)عاشر:

جسے بادشاہ اسلام نے راستہ پر مقرر کر دیا ہو کہ تجار کو اموال لے کر گزریں ان سے

صدقات وصول کرے۔

(بہار شریعت ج1ح5ص909)

**12)عامل:**

وہ ہے جسے بادشاہ اسلام نے زکاۃ اور عشر وصول کرنے کے لیے مقرر کیا ہو۔

(بہار شریعت ج1ح5ص925)

**13)عرفات:**

منی سے تقریباً گیارہ کلو میٹر دور میدان جہاں 9 ذوالحجۃ الحرام کو تمام حاجی صاحبان جمع ہوتے ہیں۔ عرفات شریف حدود حرم سے خارج ہے۔

(ایضًا)(رفیق الحرمین)

**14)عدت:**

نکاح زائل ہونے یا شبہ نکاح کے بعد عورت کا نکاح سے ممنوع ہونا اور ایک زمانہ تک انتظار کرنا عدت ہے۔(بہار شریعت ج2ح8ص234)

**15)عشر:**

زرعی زمین کی پیداوار سے جو زکوۃ ادا کی جائے۔(یعنی پیداوار کا دسواں حصہ) اسے عشر کہتے ہیں۔

(الموسوعة الفقھیہ ج30ص101)

### 16)عشری زمین:

وہ زمین جس کی پیداوار سے عشر ادا کیا جاتا ہے۔

### 17)عصبات:

وہ لوگ جن کے حصے (میراث میں) مقرر شدہ نہیں البتہ اصحاب فرائض سے جو بچتا ہے انہیں ملتا ہے اور اگر اصحاب فرائض نہ ہوں تو تمام مال (ترکہ) اپنی میں تقسیم ہو جاتا ہے۔

(بہار شریعت ح20ص24)

### 18)عصبه بنفسه:

اس سے مراد وہ مرد ہے کہ جب اس کی نسبت میت کی طرف کی جائے تو درمیان میں کوئی عورت نہ آئے مثلاً بھتیجا وغیرہ۔

(بہار شریعت ح20ص24)

### 19)عقد:

عاقدین (نکاح اور خرید و فروخت وغیرہ کرنے والوں) میں سے ایک کا کلام دوسرے کے ساتھ از روئے شرع کے اس طرح متعلق ہونا کہ اس کا اثر محل (معقود علیہ) میں ظاہر ہو۔

(الفقه الاسلامی وادلتہ ج4ص2918)

20)عقد کتابت:

آقا یعنی مالک اپنے غلام سے مال کی ایک مقدار مقرر کرکے یہ کہہ دے کہ اتنا مال ادا کر دے تو تو آزاد ہے اور غلام اسے قبول بھی کرلے تو اس قول و قرار کو عقد کتابت کہتے ہیں۔

(بہار شریعت ج2ح9ص292)

21)عقر:

عورت کے ساتھ شبہ وطی سے جو مہر لازم ہوتا ہے اسے عقر کہتے ہیں۔

(ردالمختار ج4ص129)

22)علاتی:

باپ شریک بہن بھائی یعنی جن کا باپ ایک ہو اور مائیں الگ الگ ہوں۔

23)عنین:

عنین اس شخص کو کہتے ہیں کہ اس کا عضو مخصوص تو ہو مگر اپنی بیوی سے آگے کے مقام میں دخول نہ کرسکے۔(بہار شریعت ج2ح8ص228)

24)عیب:

عیب وہ ہے جس سے تاجروں کی نظر میں چیز کی قیمت کم ہو جائے۔

(بہار شریعت ج2ح11ص673)

### 25)عاریت:

دوسرے شخص کو کسی چیز کی منفعت کا بغیر عوض مالک کر دینا عاریت ہے۔

(بہار شریعت ج3ح14ص54)

### 26)عاقد:

عقد کرنے والا۔

### 27)عاقلہ:

عاقلہ وہ لوگ کہلاتے ہیں جو قتل خطا یا (قتل) شبہ عمر میں ایسے قاتل کی طرف سے دیت ادا کرتے ہیں جو ان کے متعلقین میں سے ہے اور وہ دیت اصالۃً واجب ہوتی ہے۔

(بہار شریعت ج3ح18ص913)

### 28)عبدماذون:

وہ غلام جس کے آقا نے اسے خرید و فروخت کی اجازت دی ہو۔

(بہار شریعت ج2ح11ص737)

### 29)عصبہ نسبی:

وہ رشتے دار ہیں جن کے مقرر حصے نہیں ہیں بلکہ اصحاب فرائض سے اگر کچھ بچتا ہے تو انہیں ملتا ہے۔(بہار شریعت ج3ح20ص1130)

### 30)عصبہ سببی:

اس سے مراد وہ شخص ہے جس نے کوئی غلام آزاد کیا ہو اور وہ غلام مر گیا ہو اور غلام کا کوئی رشتہ دار نہ ہو صرف اس کو آزاد کرنے والا شخص ہو۔اب اس کا آقا اس کو آزاد کرنے کے سبب اس کی میراث کا مستحق ہو گا ان کو مولی العتاقہ بھی کہتے ہیں۔

(بہار شریعت ج3ح20ص1133.1132)

### 31)عصبہ بغیرہ:

عصبہ بغیرہ یہ وہ چار عورتیں ہیں جن کا مقررہ حصہ نصف یا دو تہائی ہے یہ عورتیں اپنے بھائیوں کی موجودگی میں عصبہ بن جائیں گی۔

(بہار شریعت ج3ح20ص1131)

### 32)عصبہ مع غیرہ:

عصبہ مع غیرہ سے مراد وہ عورت ہے جو دوسری عورت کے ساتھ مل کر عصبہ بن جاتی ہے جیسے حقیقی بہن یا باپ شریک بہن بیٹی کے ہوتے ہوئے عصبہ بن جاتی ہے۔

(بہار شریعت ج3ح20ص1132)

### 33)عقیقہ:

بچہ پیدا ہونے کے شکریہ میں جو جانور ذبح کیا جاتا ہے اس کو عقیقہ کہتے ہیں۔

(بہار شریعت ج3ح15ص355)

### 34) علم الفرائض:

وہ علم جس کے ذریعے میراث کے مسائل معلوم کیے جاتے ہیں۔

### 35) عمری:

عمر بھر کے لیے کسی کو کوئی چیز دے دینا کہ وہ مرگیا تو واپس لے لوں گا۔

(بہار شریعت ج3ح14ص99)

### 36) عول:

عول سے مراد اصطلاح فرائض میں یہ ہے کہ مخرج مسئلہ جب ورثاء کے حصوں پر پورا نہ ہونا ہو یعنی حصے زائد ہوں اور مخرج کا عدد حصوں کے مجموعی اعداد سے کم ہو تو مخرج مسئلہ کے عدد میں اضافہ کر دیا جاتا ہے۔

(بہار شریعت ج3ح20ص1138)

## (غ)

### 1)غنہ:

ناک میں آواز لے جاکر پڑھنا۔(علم التجوید ص38)

### 2)غارم:

اس سے مراد مدیون (مقروض) ہے۔یعنی اس پر اتنا دین ہو کہ اسے نکالنے کے بعد نصاب باقی نہ رہے۔

(بہار شریعت ج1ح5ص926)

### 3)غاصب:

غصب کرنے والے کو غاصب کہتے ہیں۔

(بہار شریعت ج3ح15ص209)

### 4)غبن فاحش:

سخت قسم کی خیانت،مراد ایسی قیمت سے خرید و فروخت کرنا جو قیمت لگانے والوں کے اندازہ سے باہر ہو مثلاً کوئی دس روپے میں خریدی لیکن اس کی قیمت چھ،سات روپے لگائی جاتی ہے کوئی شخص اس کو قیمت دس روپے نہیں لگاتا تو یہ غبن فاحش ہے۔

(الدر المختار و رد المختار ج7ص376)

### 5)غبن یسیر:

ایسی قیمت سے خرید وفروخت کرنا جو قیمت لگانے والوں کے اندازہ سے باہر نہ ہو مثلاً کوئی چیز دس روپے میں خریدی کوئی شخص اس کی قیمت آٹھ بتاتا ہے کوئی نو تو کوئی دس تو یہ غبن یسیر ہے۔(ایضًا)

### 6)غصب:

مال متقوم، محترم منقول یعنی ایسا مال جو شرعی لحاظ سے قابل قیمت اور محترم ہو نیز ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کیا جا سکے اس سے جائز قبضہ کو ہٹا کر ناجائز قبضہ کرنا غصب کہلاتا ہے جب کہ یہ قبضہ خفیہ نہ ہو۔

(بہار شریعت ح15ص23)

### 7)غلام ماذون:

وہ غلام جسے مالک نے خرید وفروخت سے روک دیا ہو۔

(بہار شریعت ج2ح9ص289,وح11ص737)

### 8)غلام مجور:

ایسا غلام جسے مالک نے خرید وفروخت سے روک دیا ہو۔

(بہار شریعت ج2ح12ص847)

### 9)غنیمت:

وہ مال جو جہاد فی سبیل اللہ کے ذریعے بزور قوت (جربی) کافروں سے حاصل کیا جاتا ہے۔(التعریفات ص16)

## 10)غیر محصن:

آزاد عاقل بالغ شخص جس نے صحیح کے ساتھ وطی نہ کی ہو۔

(بہار شریعت ج2ح9ص365)

## 11)غبطہ:

کسی شخص نے خوبی دیکھی اس کو اچھی حالت میں پایا اس کے دل میں یہ تمنا ہے کہ میں بھی ویسا ہو جاؤں مجھے بھی وہ نعمت مل جائے یہ حسد نہیں اس کو غبطہ کہتے ہیں جس کو لوگ رشک کہتے ہیں۔

(بہار شریعت ج3ح16ص542)

## 12)غرہ:

حمل کی دیت کو غرہ کہتے ہیں اور یہ پانچ سو درہم ہے۔

(بہار شریعت ج3ح18ص846)

## 13)غلام ماذون:

وہ غلام جس کے آقا نے اسے خرید و فروخت کی اجازت دے دی ہو۔

(بہار شریعت ج2ح11ص737)

### 14)غیبت:

کسی شخص کے پوشیدہ عیب کو (جس کو وہ دوسروں کے سامنے ظاہر ہونا پسند نہ کرتا ہو) اس کی برائی کرنے کے طور پر ذکر کرنا۔

(بہار شریعت ج3ح16ص532)

### 15)غیر مستامن:

وہ شخص ہے جو دوسرے ملک میں (جس میں غیر قوم کی سلطنت ہو) امان لیے بغیر گیا ہو یعنی حربی دارالاسلام میں یا مسلمان دارالکفر میں امان لیے بغیر گیا ہو۔

(بہار شریعت ج2ح9ص443)

# (ف)

## 1) فرض:

جو دلیل قطعی سے ثابت ہو یعنی ایسی دلیل جس میں کوئی شبہ نہ ہو۔

(فتاوی فقیہ ملت ج1 ص203)

## 2) فرض کفایہ:

وہ ہوتا ہے جو کچھ لوگوں کے ادا کرنے سے سب کی جانب سے ادا ہو جاتا ہے اور کوئی بھی ادا نہ کرے تو سب گناہ گار ہوتے ہیں جیسے نماز جنازہ وغیرہ۔

(وقار الفتاوی ج2 ص57)

## 3) فقیر:

وہ شخص ہے جس کے پاس کچھ ہو مگر نہ اتنا کہ نصاب کو پہنچ جائے یا نصاب کی مقدار ہو تو اس کی حاجت اصلیہ میں استعمال ہو رہا ہو۔

(بہار شریعت ج1 ح5 ص924)

## 4) فار بالطلاق:

وہ شخص جو اپنی بیوی کو اس کی رضامندی کے بغیر اپنے ترکہ سے محروم کرنے کے لیے مرض الموت میں ایسی حالت میں جس میں موت کا قوی اندیشہ ہو طلاق بائن دے

دے۔

(الدر المختار و رد المختار ج 5 ص 5، العنایۃ مش علی الفتح القدیر ج 4 ص 2)

5) فارہ:

مرض الموت میں یا ایسی حالت میں جس میں موت کا قوی اندیشہ ہو زوجہ کی جانب سے مرد و عورت میں تفریق واقع ہو تاکہ اس کا شوہر اس کے ترکہ سے محروم ہو جائے ایسی عورت کو فارہ کہتے ہیں۔

(الدر المختار و رد المختار ج 5 ص 5، العنایۃ مش علی الفتح القدیر ج 4 ص 3)

6) فضولی:

اس شخص کو کہتے ہیں جو دوسرے کے حق میں اس کی اجازت کے بغیر تصرف کر لے۔

(بہار شریعت ج 2 ح 11 ص 726)

## (ق)

### 1)قیاس:

قیاس کا لغوی معنی ہے اندازہ لگانا اور شریعت میں کسی فرعی مسئلہ کو اصل مسئلہ سے علت اور حکم میں ملا دینے کو قیاس کہتے ہیں۔

(جاء الحق ص 43)

### 2)قصار مفصل:

سورہ لم یکن سے آخر تک قصار مفصل کہلاتا ہے۔(بہار شریعت ج 1 ح 3 ص 546)

### 3)قیمت:

کسی چیز کی وہ حیثیت جو بازار کے نرخ کے مطابق ہو اسے قیمت کہتے ہیں۔

(فتاوی رضویہ ج 10 ص 184)

### 4)قصر:

چوتھائی سر کا ہر بال کم از کم انگلی کے ایک پورے کے برابر کروانا۔

(ایضًا)(رفیق الحرمین)

### 5)قرن المنازل:

نجد (موجودہ ریاض) کی طرف آنے والوں کے لیے میقات ہے۔ یہ جگہ طائف کے

قریب ہے (ایضًا)

### 6) قومہ:

رکوع کے بعد سیدھا کھڑا ہونا۔

(بہار شریعت ج1 ح3 ص518)

### 7) قتل عمد:

کسی دھار دھارے آلے سے قصداً قتل کرنا قتل عمد کہلاتا ہے مثلاً چھری، خنجر، تیر نیزہ وغیرہ سے کسی کو قصداً قتل کرنا۔

(بہار شریعت ح18 ص15)

### 8) قذف:

کسی پر زنا کی تہمت لگانا۔ (بہار شریعت ج2 ح9 ص394)

### 9) قرض:

دین کی ایک خاص صورت کا نام قرض ہے جس کو لوگ دستگرداں کہتے ہیں۔

(بہار شریعت ج2 ح11 ص752)

### 10) قصاص:

فاعل (یعنی ظالم) کے ساتھ ویسا ہی سلوک کرنا جیسا اس نے (دوسرے کے ساتھ) کیا مثلاً ہاتھ کاٹا تو اس کا بھی ہاتھ ہی کاٹا جائے۔ (التعریفات ص128)

### 11)قضا:

لوگوں کے جھگڑوں اور منازعات کے فیصلہ کرنے کو قضا کہتے ہیں۔

(بہار شریعت ج2ح12ص892)

### 12)قیمت:

کسی چیز دام جو اس کے معیار کے مطابق ہوں اور ان کی کمی بیشی نہ کی جائے۔

(ردالمختار ج7ص117)

### 13) قیمی:

ہر وہ چیز جس کی مثل بازار میں نہ پائی جائے اور ثمن و قیمت کے لحاظ سے اس میں تفاوت ہو۔

(الدرالمختار ج9ص310,311)

### 14)قادیانی:

مرزا غلام احمد قادیانی کے پیرو کار کو قادیانی کہتے ہیں تفصیل کے لیے دیکھیے۔

(بہار شریعت ج1ح1ص190)

### 15)قتل شبہ عمد:

کسی کو قصداً قتل کرے مگر اسلحہ یا جو چیزیں اسلحہ کے قائم مقام ہیں ان سے قتل نہ کرے مثلاً لاٹھی سے مار ڈالے۔(بہار شریعت ج3ح18ص778)

### 16)قتل خطا:

ایسا قتل جو خطاً سرزد ہو جائے خطا چاہے فعل میں ہو یا گمان میں جیسے شکا کو گولی ماری اور کسی انسان کو جا لگی یا مرتد سمجھ کر قتل کیا لیکن وہ مسلمان تھا۔

(بہار شریعت ج3ح18ص778)

### 17)قتل قائم مقام خطا(شبہ خطا)

(ایسا قتل جس میں قاتل کے فعل اختیاری کو دخل نہ ہو) جیسے کوئی شخص سوتے میں کسی پر گر پڑا اور وہ مر گیا یا چھت سے کسی انسان پر گرا اور وہ مر گیا۔

(بہار شریعت ج3ح18ص779)

### 18)قتل بالسبب:

(ایسا قتل جس کا سبب قاتل کا فعل ہو مثلاً) کسی شخص نے دوسرے کی ملک میں کنواں کھو دیا پتھر دیا یا راستہ میں لکڑی رکھ دی اور کوئی شخص کنویں میں گر کر یا پتھر اور لکڑی سے ٹھوکر کھا کر مر گیا۔(بہار شریعت ج3ح18ص779,780)

### 19)قسامت:

قسامت کا مطلب یہ ہے کہ کسی جگہ مقتول پایا جائے اور قاتل کا پتہ نہ ہو اور اولیائے مقتول اہل محلہ پر قتل عمد یا قتل خطا کا دعویٰ کریں اور اہل محلہ انکار کریں تو اس محلے کے پچاس آدمی قسم کھائیں کہ نہ ہم نے اس کو قتل کیا ہے۔ اور نہ ہم قاتل کو جانتے

ہیں۔

(بہار شریعت ج3ح18ص899)

## 20)قیراط:

قیراط اصل میں نصف دانق (یعنی درہم کا بارھواں حصہ) ہے۔

(عمدۃ القاری،ج14،ص483)

## (ک)

### 1) کرامت:

ولی سے جو بات خلاف عادت صادر ہو اس کو کرامت کہتے ہیں۔

(بہار شریعت ج 1 ح 1 ص 58)

### 2) کعبہ:

اسے بیت اللہ بھی کہتے ہیں یعنی اللہ عزوجل کا گھر۔ یہ پوری دنیا کے وسط (یعنی بیچ) میں واقع ہے۔ اور ساری دنیا کے لوگ اسی کی طرف رخ کر کے نماز ادا کرتے ہیں۔ اور مسلمان پروانہ وار اس کا طواف کرتے ہیں۔ (ایضًا) (رفیق الحرمین)

### 3) کوہ صفا:

کعبۂ معظمہ کے جنوب میں واقع ہے۔ (ایضًا)

### 4) کوہ مروہ:

کوہ صفا کے سامنے واقع ہے۔ (ایضًا)

### 5) کفالت:

ایک شخص اپنے زمہ کو دوسرے زمہ کے ساتھ مطالبہ میں ضم کر دے یعنی دوسرے کے مطالبے کی زمہ داری اپنے زمہ لے لینا۔ (بہار شریعت ج 2 ح 12 ص 836)

**6) کفالت بالدرک:**

بائع کی طرف سے اس بات کی کفالت کہ اگر مبیع کا کوئی دوسرا حقدار ثابت ہوا تو ثمن کا میں زمہ دار ہوں۔ (بہار شریعت ج2ح12ص867)

**7) کفو:**

کفو کا معنی یہ ہے کہ مرد عورت سے نسب وغیرہ میں اتنا کم نہ ہو کہ اس سے نکاح عورت کے اولیا (رشتہ داروں) کے لیے باعث ننگ وعار ہو۔ (بہار شریعت ج2ح7ص53)

**8) کفیل:**

(ضامن) وہ شخص جو دوسرے مطالبے کی زمہ داری اپنے زمہ لے لیتا ہے۔

(بہار شریعت ج2ح12ص836)

**9) کنایہ:**

ایسا کلام جس کا مرادی معنی چاہے حقیقی ہو یا مجازی ظاہر نہ ہو اگرچہ لغوی معنی ظاہر ہو۔

(التعریفات ص131)

**10) کفارہ:**

وہ سزا جو کسی گناہ کی تلافی کے لیے شرعاً مقرر ہوتی ہے جیسے روزوں کا کفارہ۔

**11) کفارہ یمین:**

وہ سزا جو قسم توڑنے پر شرعاً مقرر ہوتی ہے۔

12) کفارہ قتل خطا:

خطا سے کسی کو قتل کرنے سے جو کفارہ لازم ہوتا ہے اس کو کفارہ قتل خطا کہتے ہیں۔

13) کلالہ:

وہ شخص جس کے مرنے کے وقت کوئی اولاد نہ ہو اور ماں باپ بھی نہ ہوں۔

(تفسیر نعیمی ج6 ص152)

## (گ)

1) گواہی:

(دیکھیے شہادت) شہادت کو گواہی بھی کہتے ہیں۔

## (ل)

1) لاحق:

وہ کہ (جس نے) امام کے ساتھ پہلی رکعت میں اقتدا کی مگر بعد اقتدا اس کی کل رکعتیں یا بعض فوت ہوگئیں. (بہار شریعت ج1 ح3 ص588)

2) لاحق مسبوق:

وہ ہے جس کو کچھ رکعتیں شروع میں نہ ملیں پھر شامل ہونے کے بعد لاحق ہو گیا۔

(بہار شریعت ج1ح4ص843)

3) لحد:

قبر کھود کر اس میں قبلہ کی طرف میت کے رکھنے کی جگہ بنانے کو لحد کہتے ہیں۔

(بہار شریعت ج1ح4ص843)

4) لقطہ:

اس مال کو کہتے ہیں جو پڑا ہوا کہیں مل جائے۔

(بہار شریعت ج2ح10ص473)

5) لقیط:

لقیط اس بچے کو کہتے ہیں جس کو اس کے گھر والے نے اپنی تنگدستی یا بدنامی کے خوف سے پھینک دیا ہو۔

(بہار شریعت ج2ح10ص467)

6) لحن:

اصطلاح قراء میں لحن سے مراد تجوید کے خلاف پڑھنا ہے۔

(نصاب التجوص64)

## (م)

### 1) معجزہ:

نبی سے بعد دعوی نبوت خلاف عقل و عادت صادر ہونے والی چیز کو جس سے سب منکرین عاجز ہو جاتی ہیں اس سے معجزہ کہتے ہیں۔ (بہار شریعت ج1ح1ص56)

### 2) محکم:

جس کی معنی بالکل ظاہر ہوں اور وہی کلام سے مقصود ہوں اس میں تاویل یا تخصیص کی گنجائش نہ ہو اور نسخ یا تبدیل کا احتمال نہ ہو۔ (تفسیر نعیمی ج3ص250)

### 3) متشابہ:

جس کی مراد عقل میں نہ آسکے اور یہ بھی امید نہ ہو کہ رب تعالیٰ بیان فرمائے۔

(تفسیر نعیمی ج3ص250)

### 4) معونت:

عام مومنین سے جو بات خلاف عادت صادر ہو اس کو معونت کہتے ہیں۔

(بہار شریعت ج1ح1ص58)

### 5) ماتریدیہ:

اہلسنت کا وہ گروہ جو فروعی عقائد میں امام علم الہدی حضرت ابو منصور ماتریدی رحمتہ اللہ

تعالیٰ علیہ کا پیرو کار ہے۔

(بہار شریعت ج1ح1ص179)

### 6) مستحب:

وہ کہ نظر شرع میں پسند ہو مگر ترک کر کچھ ناپسندی نہ ہو، خواہ خود حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے کیا یا اس کی ترغیب دی یا علمائے کرام نے پسند فرمایا اگرچہ احادیث میں اس کا ذکر نہ آیا۔

(بہار شریعت ج1ح2ص283)

### 7) مباح:

وہ جس کا کرنا اور نہ کرنا یکساں ہو۔(بہار شریعت ج3ح16ص358)

### 8) مکروہ تحریمی:

جس کی ممانعت دلیل ظنی سے لزوماً ثابت ہو یہ واجب کا مقابل ہے۔

(رکن دین، ص4)(بہار شریعت ج1ح2ص283)

### 9) مکروہ تنزیہی:

وہ عمل جسے شریعت ناپسند رکھے مگر عمل پر عذاب کی وعید نہ ہو۔ یہ سنت غیر مؤکدہ کے مقابل ہے۔

(بہار شریعت ج1ح2ص284)

### 10)منی:

وہ گاڑھا سفید پانی ہے۔جس کے نکلنے کی وجہ سے ذکر کی تندی اور انسان کی شہوت ختم ہوجاتی ہے۔

(تحفۃ الفقہار ج1ص27)

### 11)مذی:

وہ سفید رقیق (پتلا) پانی جو ملاعبت (دل لگی) کے وقت نکلتا ہے۔

(تحفۃ الفقہار ج1ص27)

### 12)معذور:

ہر وہ شخص جس کو کوئی ایسی بیماری ہو کہ ایک وقت پورا ایسا گزر گیا کہ وضو کے ساتھ نماز فرض ادا نہ کرسکا تو وہ معذور ہے۔(بہار شریعت ج1ح2ص385)

### 13)مباشرت فاحشہ:

مرد اپنے آلہ کو تندی کی حالت میں عورت کی شرمگاہ یا کسی مرد کی شرمگاہ سے ملائے یا عورت، عورت باہم ملائیں بشرطیکہ کوئی شے حائل نہ ہو۔

(بہار شریعت ج1ح2ص309)

### 14)مائے مستعمل:

وہ قلیل پانی جس سے حدث دور کیا گیا ہو یا دور ہوا ہو یا بہ نیت تقرب استعمال کیا گیا ہو

اور بدن سے جدا ہو گیا ہو اگرچہ کہیں ٹھہرا نہیں روانی ہی میں ہو۔

(نزہتہ القاری ج2ص59)

## 15)مرتد:

وہ شخص ہے کہ اسلام کے بعد کسی ایسے امر کا انکار کرے جو ضروریات دین سے ہو یعنی زبان سے کلمہ کفر بکے جس میں تاویل صحیح کی گنجائش نہ ہو۔ یوہیں بعض افعال بھی ایسے ہیں جن سے کافر ہو جاتا ہے مثلاً بت کو سجدہ کرنا، مصحف شریف کو نجاست کی جگہ پھینک دینا۔

(بہار شریعت ج2ح9ص455)

## 16)مثل اول:

کسی چیز کا سایہ، سایہ اصلی کے علاوہ اس چیز کے ایک مثل ہو جائے۔

## 17)مثل ثانی:

کسی چیز کا سایہ، سایہ اصلی کے علاوہ اس چیز کے دو مثل ہو جائے۔

## 18)محال عادی:

وہ شے جس کا پایا جانا عادت کے طور پر ناممکن ہو۔ اسے محال عادی کہتے ہیں۔ مثلاً کسی ایسے شخص کا ہوا میں اڑنا جس کو عادۃً اڑتے نہ دیکھا گیا ہو۔

(تفصیل دیکھیے المعتقد المنتقد ص28تا32)

## 19) محال شرعی:

وہ شے جس کا پایا جانا شرعی طور پر ناممکن ہو اسے محال شرعی کہتے ہیں۔ مثلاً کافر کا جنت میں داخل ہونا وغیرہ۔

(تفصیل دیکھیے المعتقد المنتقد ص28 تا 32)

## 20) مدولین:

واؤ، ی، الف ساکن اور ماقبل کی حرکت موافق ہو تو اس کو مدولین کہتے ہیں۔ یعنی واؤ کے پہلے پیش اور ی کے پہلے زیر الف کے پہلے زبر۔

## 21) مدرک:

جس نے اول رکعت سے تشہد تک امام کے ساتھ (نماز) پڑھی اگرچہ پہلی رکعت میں امام کے ساتھ رکوع ہی میں شریک ہوا ہو۔

(بہار شریعت ج1 ح3 ص588)

## 22) مسبوق:

وہ ہے کہ امام کی بعض رکعتیں پڑھنے کے بعد شامل ہوا اور آخر تک شامل رہا۔

(بہار شریعت ج1 ح3 ص588)

## 23) مکاتب:

آقا اپنے غلام سے مال کی ایک مقدار مقرر کر کے یہ کہہ دے کہ اتنا ادا کر دے تو آزاد ہے

اور غلام اس کو قبول بھی کرلے تو ایسے غلام کو مکاتب کہتے ہیں۔

(بہار شریعت ج2ح9ص292)

### 24) مثقال:

ساڑھے چار ماشہ کا وزن۔

(فتاوی رضویہ ج10, ص296)

### 25) ماشہ:

8 رتی کا وزن۔

(فتاوی رضویہ ج10, ص298)

### 26) مسکین:

وہ ہے جس کے پاس کچھ نہ ہو یہاں تک کہ کھانے اور بدن چھپانے کے لیے اس کا محتاج ہے کہ لوگوں سے سوال کرے۔

(بہار شریعت ج1ح5ص924)

### 27) مہر معجل:

وہ مہر جو خلوت سے پہلے دینا قرار پائے۔(بہار شریعت ج2ح7ص75)

### 28) مہر مؤجل:

وہ مہر جس کے لیے کوئی معیاد (مدت) مقرر ہو۔(بہار شریعت ج2ح7ص75)

29) مستور:

پوشیدہ، مخفی، وہ شخص جس کا ظاہر حال مطابق شرع ہو مگر باطن کا حال معلوم نہ ہو۔

(بہار شریعت ج1ح5ص976)

30) مسجد بیت:

گھر میں جو جگہ نماز کے لیے مقرر کی جائے اسے مسجد بیت کہتے ہیں۔

(فتاوی رضویہ ج22ص479)

31) مطاف:

جس جگہ میں طواف کیا جاتا ہے۔

(ایضًا ص59)(رفیق الحرمین)

32) مسجد الحرام:

مکہ مکرمہ زادھا اللہ شرفا وتعظیمًا کی مسجد جس میں کعبہ مشرفہ واقع ہے۔

(ایضًا)(رفیق الحرمین)

33) ملتزم:

رکن اسود اور باب الکعبہ کی درمیانی دیوار۔(ایضًا)

34) مستجار:

رکن یمانی اور شامی کے بیچ میں مغربی دیوار کا وہ حصہ جو ملتزم کے مقابل یعنی عین پیچھے

کی سیدھ میں واقع ہے۔

(ایضًا)

### 35) مستجاب:

رکن یمانی اور رکن اسود کے بیچ کی جنوبی دیوار یہاں ستر ہزار فرشتے دعا پر آمین کہنے کے لیے مقرر ہیں اسی لیے سیدی اعلی حضرت مولانا شاہ امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمن نے اس مقام کا نام "مستجاب" (یعنی دعا کی مقبولیت کی جگہ) رکھا ہے۔

(ایضًا)

### 36) میزاب رحمت:

سونے کا پرنالہ یہ رکن عراقی و شامی کی شمالی دیوار کی چھت پر نصب ہے۔اس سے بارش کا پانی "حطیم" میں نچھاور ہوتا ہے۔(ایضًا)

### 37) مقام ابراہیم:

دروازۂ کعبہ کے سامنے ایک قبے (یعنی گنبد) میں وہ جنتی پتھر جس پر کھڑے ہو کر حضرت سیدنا ابراہیم خلیل اللہ علی نبینا وعلیہ الصلوۃ والسلام کے قدمین شریفین کے نقش موجود ہیں۔(ایضًا ص62)

### 38) میلین اخضرین:

یعنی "دو سبز نشان" صفا سے جانب مروہ کچھ دور چلنے کے بعد تھوڑے تھوڑے فاصلے پر

دونوں طرف کی دیواروں اور چھت میں سبز لائٹیں لگی ہوئی ہیں۔ان دونوں سبز نشانوں کے درمیان دوران سعی مردوں کو دوڑنا ہوتا ہے۔

(ایضًا ص 63)

## 39) مسعی:

میلین اخضرین کا درمیانی فاصلہ جہاں دوران سعی مرد کو دوڑنا سنت ہے۔

(ایضًا)

## 40) میقات:

اس جگہ کو کہتے ہیں۔مکہ معظمہ جانے والے آفاقی کو بغیر احرام وہاں سے آگے جانا جائز نہیں ۔چاہے تجارت یا کسی بھی غرض سے جاتا ہو یہاں تک کہ مکہ مکرمہ کے رہنے والے بھی اگر میقات کی حدود سے باہر (مثلاً طائف یا مدینہ منورہ) جائیں تو انہیں بھی اب بغیر احرام مکہ پاک آنا ناجائز ہے۔(ایضًا)

## 41) منیٰ:

مسجد الحرام سے پانچ کلو میٹر پر وہ وادی جہاں حاجی صاحبان ایام حج میں قیام کرتے ہیں۔"منیٰ" حرم میں شامل ہے۔(ایضًا 65)

## 42) مزدلفہ:

"منیٰ" سے عرفات کی طرف تقریبًا 5 کلو میٹر پر واقع میدان جہاں عرفات سے واپسی

پر رات بسر کرنا سنت مؤکدہ اور صبح صادق اور طلوع آفتاب کے درمیان کم از کم ایک لمحہ وقوف واجب ہے۔

(ایضًا ص66)

## 43)محسر:

مزدلفہ سے ملا ہوا میدان یہیں اصحاب فیل پر عذاب نازل ہوا تھا۔لہذا یہاں سے گزرتے وقت تیزی سے گزرنا اور عذاب سے پناہ مانگنی چاہیے۔

(ایضًا)

## 44)مدعیٰ:

مسجد الحرام اور مکہ مکرمہ کے قبرستان "جنت المعلی" کے مابین (کی درمیانی) جگہ جہاں دعا مانگنا مستحب ہے۔

(ایضًا)

## 45)مرض الموت:

کسی مرض کی مرض الموت ہونے کے لیے دو باتیں شرط ہیں۔ایک یہ کہ اس مرض میں خوف ہلاک و اندیشہ موت قوت و غلبہ کے ساتھ ہو دوم یہ کہ اس غلبہ خوف کی حالت میں اس کے ساتھ موت متّصل ہو۔اگرچہ اس مرض سے نہ مرے موت کا سبب کوئی اور ہو جائے۔(فتاوی رضویہ ج25ص457)

46)مدبر:

وہ غلام جس کی نسبت مولی نے کہا کہ تو میرے مرنے کے بعد آزاد ہے۔

(بہار شریعت ج2ح9ص290)

47)محصر:

جس نے حج یا عمرہ کا احرام باندھا مگر کسی وجہ سے پورا نہ کر سکا اسے محصر کہتے ہیں۔

(بہار شریعت ج1ح6ص1195)

48)مر:

ایک پیمانہ جو وزن میں دو رطل ہوتا ہے۔(فتاوی رضویہ ج10ص296)

49)مستامن:

اس کافر کو کہتے ہیں۔جسے بادشاہ اسلام نے امان دی ہو۔

(فتاوی فیض الرسول ج1ص501)

50)مال فے:

وہ مال جو مسلمانوں کو کافروں سے لڑائی کے بغیر حاصل ہو جائے چاہے انہیں جلا وطن کر کے حاصل ہو یا صلح کے ساتھ مال فے کہلاتا ہے۔

(التعریفات ص120)

کفار سے لڑائی کے بعد جو مال لیا جاتا ہے جیسے خراج اور جزیہ وغیرہ اسے مال فے کہتے

ہیں۔(بہار شریعت ج2ح9ص434)

## 51)مال متقوم:

وہ مال جو جمع کیا جاسکتا ہو اور شرعًا اس سے نفع اٹھانا مباح ہو۔

(درالمختار ج7ص8)

## 52)مبیع:

فروخت شدہ چیز۔

## 53)متارکہ:

مرد کا اپنی بیوی کے متعلق یہ کہنا کہ میں نے اسے چھوڑ دیا یا اس سے وطی ترک کر دی یا اس طرح کے اور الفاظ کہنا متارکہ ہے۔

(بہار شریعت ج2ح8ص236)

## 54)متون:

متون متن کی جمع ہے اس سے مراد وہ کتابیں ہیں جو نقل مذہب کے لیے لکھیں گئیں جیسے مختصر القدوری، المختار، النقایہ، الوقایہ، کنزالدقائق وغیرہ۔

(فتاوی رضویہ ج4ص208)

## 55)مثلی:

ہر وہ چیز جس کی مثل بازار میں پائی جائے اور عام طور پر ثمن وقیمت کے لحاظ سے اس

میں تغاوت نہ سمجھا جاتا ہو۔

(الدر المختار ج9ص810)

### 56)مجنوں:

جس کی عقل زائل ہوگئی ہو بلا وجہ لوگوں کو مارے گالیاں دے شریعت نے اس میں کوئی اپنی اصطلاح جدید مقرر نہیں فرمائی (مجنوں) وہی ہے۔ جسے فارسی میں دیوانہ اردو میں پاگل کہتے ہیں۔

(فتاوی رضویہ ج19ص635)(ردالمختار ج4ص437)

### 57)محارم:

محارم محرم کی جمع ہے۔ دیکھیے محرم۔

### 58)محال:

دیکھیے محتال لہ۔

### 59)محال لہ:

دیکھیے محتال لہ۔

### 60)محال بہ:

حوالہ میں مال کو محال کہتے ہیں۔

(بہار شریعت ج2ح14ص874)

### 61) محتال:

دیکھیے محتال لہ۔

### 62) محتال علیہ:

جس پر حوالہ کیا گیا اس کو محتال علیہ اور محال علیہ کہتے ہیں۔

(بہار شریعت ج2ح12ص874)

### 63) محتال لہ:

دائن (قرض خواہ) کو محتال اور محتال لہ، محال اور محال لہ اور حویل کہتے ہیں۔

(بہار شریعت ج2ح12ص874)

### 64) محجوب:

ایسا وارث جس کا حصہ کسی دوسرے وارث کی موجودگی کی وجہ سے کم ہوجائے یا بالکل ختم ہوجائے تو اسے محجوب کہتے ہیں۔

(بہار شریعت ح20ص26)

### 65) محدود فی القذف:

وہ شخص جس پر حد قذف قائم کی گئی ہو (یعنی کسی پر زنا کی تہمت لگائی اور ثبوت نہیں دے سکا اس وجہ سے اس پر حد ماری گئی)

(بہار شریعت ج2ح12ص943)

66) مُحرِم:

وہ شخص جس نے حج یا عمرے کا احرام باندھا ہو۔

67) مَحرم:

وہ رشتہ دار جس سے نکاح کرنا قرابت رضاعت یا سسرالی رشتہ کی وجہ سے ہمیشہ حرام ہو۔

(الموسوعۃ ج36 ص200)

68) محروم:

اس سے مراد وہ وارث ہے جو میراث سے کسی سبب کی وجہ سے شرعًا محروم ہو جاتا ہے مثلاً غلام ہونے کی وجہ سے یا مورث کا قاتل ہونے کی وجہ سے۔

(بہار شریعت ح20 ص12)

69) محصن:

وہ شخص جو آزاد عاقل، بالغ ہو اور نکاح صحیح کے ساتھ وطی کی ہو۔

(بہار شریعت ج2 ح9 ص372)

70) محصنہ:

وہ عورت جو عاقلہ، بالغہ، آزاد اور نکاح صحیح کے ساتھ اس سے وطی بھی کی گئی ہو۔

(بہار شریعت ج2 ح9 ص372)

## (71) محیل:

مرہون (مقروض) کو محیل (حوالہ کرنے والا) کہتے ہیں۔ (بہار شریعت ج2ح12ص874)

## (72) مدبرہ:

ایسی لونڈی جسے مالک نے یہ کہا ہو کہ میرے مرنے کے بعد تو آزاد ہے۔ یا ایسے الفاظ کہے ہوں جس سے مولی کے مرنے کے بعد اس کا آزاد ہونا ثابت ہوتا ہو۔

(بہار شریعت ج2ح9ص290)

## (73) مدعی:

دعوی کرنے والا۔

## (74) مدعی علیہ:

جس پر دعوی کیا جائے۔

## (75) مدیون:

جس کے زمے کسی کا واجب الادا حق (دین) ہو تو اسے مدیون (مقروض) کہتے ہیں۔

## (76) مرابحہ:

کوئی چیز خریدی اور اس پر کچھ اخراجات کیے پھر قیمت اور اخراجات کو ظاہر کر کے اس پر نفع کی ایک مقدار بڑھا کر اس کو فروخت کر دینا اسے مرابحہ کہتے ہیں۔

(بہار شریعت ج2ح11ص739)

### 77) مرافق:

اس سے مراد وہ اشیاء ہیں جو مبیع (خریدی ہوئی چیز) کے تابع ہوتی ہیں (یعنی مبیع کے ساتھ بیع میں ضمناً شامل ہوتی ہیں) جیسے جوتے کے ساتھ تسمہ۔

(ردالمختار ج7 ص75)

### 78) مراہق:

یعنی وہ لڑکا کہ ہنوز بالغ نہ ہوا مگر اس کے ہم عمر بالغ ہو گئے ہوں۔ اس کی مقدار بارہ برس کی عمر ہے۔ (بہار شریعت ج2 ح7 ص25)

### 79) مرتہن:

جس شخص کے پاس کوئی چیز رہن رکھی جائے وہ مرتہن کہلاتا ہے۔

(بہار شریعت ح17 ص31)

### 80) مزارعہ:

کسی کو اپنی زمین اس طور پر کاشت کے لیے دینا کہ جو کچھ پیداوار ہو گی دونوں میں مثلا نصف نصف یا ایک تہائی دو تہائیاں تقسیم ہو جائے گی اس کو مزارعت کہتے ہیں۔

(بہار شریعت ح15 ص94)

### 81) مستامن:

وہ شخص ہے جو دوسرے ملک میں (جس میں غیر قوم کی سلطنت ہو) امان لیکر گیا یعنی

حربی دارالاسلام میں یا مسلمان دارالکفر میں امان لیکر گیا تو مستامن ہے۔

(بہار شریعت ج2ح9ص443)

### 82) مستعیر:

عاریتًا چیز لینے والا۔

### 83) مستور الحال:

وہ شخص جس کی عدالت اور فسق (یعنی نیک بد ہونا) لوگوں پر ظاہر نہ ہو۔

(التعریفات ص148)

### 85) مسلم الیہ:

بیع مسلم میں چیز بیچنے والے کو مسلم الیہ کہتے ہیں۔

(الدرالمختار ج7ص479)

### 86) مسلم فیہ:

جس چیز پر عقد مسلم ہو اس کو مسلم فیہ کہتے ہیں۔

(ایضًا)

### 87) مشاع:

اس چیز کو کہتے ہیں جس کے ایک جزو غیرہ معین کا یہ مالک ہو اور دوسرا بھی اس میں شریک ہو اور دونوں کے حصوں میں امتیاز نہ ہو۔(بہار شریعت ج2ح10ص538)

88)مشتری:

خریدار کو مشتری کہتے ہیں۔

89)مشتہاۃ:

قابل شہوت لڑکی جو نو برس سے کم عمر کی نہ ہو۔

(بہار شریعت ج2ح7ص24)

90)مصالح علیہ:

جس پر صلح ہوئی اس کو بدل صلح اور مصالح علیہ کہتے ہیں۔

(بہار شریعت ج2ح13ص1132)

91)مصالح عنہ:

وہ حق جو باعث نزاع تھا اس کو مصالح عنہ کہتے ہیں۔

(بہار شریعت ج2ح13ص1132)

92)مضارب:

مضاربت میں کام کرنے والا۔

93)مطلقہ رجعیہ:

وہ عورت جسے رجعی طلاق دی گئی ہو۔

94)معتوہ:

(بوہرہ، بوہرا) جس کی عقل ٹھیک نہ ہو تدبیر مختل ہو کبھی عاقلوں کی سی بات کرے کبھی پاگلوں کی (طرح) مگر مجنون کی طرح لوگوں کو محض بے وجہ مارتا گالیاں دیتا اینٹیں پھینکتا نہ ہو۔

(فتاوی رضویہ ج2 ص529)(ردالمختار ج4 ص438)

## 95) معیر:

عاریتًا چیز دینے والا۔

## 96) مفقود الخبر:

وہ شخص جس کا کوئی پتا نہ ہو اور یہ بھی معلوم نہ ہو کہ زندہ ہے یا مر گیا ہے۔

(بہار شریعت ج2 ح10 ص438)

## 97) مفقود:

دیکھیے مفقود الخبر۔

## 98) مقاصہ:

ادلا بدلا کرنا یعنی دو شخصوں کا ایک دوسرے پر مطالبہ ہو اور وہ برابر آپس میں یہ معاملہ طے کریں کہ دونوں میں سے ہر ایک کا جو مطالبہ ہے وہ اس کے زمہ سے واجب الادا مطالبہ کے بدلے میں ہو جائے گا۔

(بہار شریعت ج2 ح10 ص514)

99)مقذوف:

جس پر زنا کی تہمت لگائی گئی ہو۔

100)مکاتبہ:

ایسی لونڈی جسے مالک نے مال کی ایک مقدار کرکے یہ کہا ہو کہ اتنا مال ادا کردے تو تُو آزاد ہے اور لونڈی نے اسے قبول کرلیا ہو۔

(بہار شریعت ج2ح9ص293)

101)مکفول بہ:

جس چیز کی کفالت کی وہ مکفول بہ ہے۔

(بہار شریعت ج2ح12ص836)

102)مکفول عنہ:

جس پر مطالبہ ہے وہ اصیل ومکفول عنہ (مقروض) ہے۔

(ایضًا)

103)مکفول لہ:

جس کا مطالبہ ہے اس کو طالب ومکفول لہ (دائن) کہتے ہیں۔(ایضًا)

104)ملتقط:

گری پڑی چیز یا لقیط کے اٹھانے والے کو ملتقط کہتے ہیں۔(بہار شریعت ج2ح10ص469)

## (105)موصی:

وصیت کرنے والا یعنی جو کسی کو اپنی وصیت پوری کرنے کے لیے مقرر کرے۔

(بہار شریعت ح19ص55)

## (106)موصی لہ:

جس کے لیے مال وغیرہ دینے کی وصیت کی جائے اس کو موصی لہ کہتے ہیں۔

## (107)مہایاۃ:

مہایاۃ یعنی ایک چیز سے باری باری نفع اٹھانا مثلاً دو افراد نے مشترکہ طور پر مکان خریدا کہ ایک سال ایک شریک رہائش رکھے اور دوسرے سال دوسرا۔

(بہار شریعت ج2ح10ص538)

## (108)مہر مثل:

عورت کے خاندان کی اس جیسی عورت کا جو مہر ہو وہ اس کے لیے مہر مثل ہے۔ مثلاً اس کی بہن، پھوپھی وغیرہا کا مہر۔

(بہار شریعت ج2ح7ص71)

## (109)متردیہ:

وہ جانور جو کنویں میں یا پہاڑ سے گر کر مرا ہو۔

(ردالمختار ج10ص67)

110)متلاحمہ:

وہ زخم جس میں سر کا گوشت بھی بھٹ جائے۔

(بہار شریعت ج3ح18ص842)

111)مثلث:

انگور کا شیرہ جو اس قدر پکایا جائے کہ دو تہائی خشک ہو جائے اور ایک تہائی باقی رہ جائے۔

(الدر المختار ج10ص40)

112)مخرج:

اصطلاح فرائض میں مخرج سے مراد وہ چھوٹے سے چھوٹا عدد ہے جس میں سے تمام ورثہ کو بلا کسر ان کے حصے تقسیم کئے جاسکیں۔

(بہار شریعت ج2ح20ص1135)

113)مرہون:

اس چیز کو کہتے ہیں جو گروی رکھی گئی۔

(بہار شریعت ج3ح17ص696)

114)مزارعت:

کسی کو اپنی زمین اس طور پر کاشت کے لیے دینا کہ جو کچھ پیداوار ہوگی دونوں میں مثلاً

نصف نصف یا ایک تہائی دو تہائیاں تقسیم ہو جائے گی اس کو مزارعت کہتے ہیں۔

(بہار شریعت ج3ح15ص287)

### 115)مسابقت:

چند شخص آپس میں یہ طے کریں کہ کون آگے بڑھ جاتا ہے جو سبقت لے جائے اس کو یہ دیا جائے گا۔

(بہار شریعت ج3ح16ص607)

### 116)مساقاۃ:

باغ یا درخت کسی کو اس لیے دینا کہ اس کی خدمت کرے اور جو کچھ اس سے پیداوار ہو گی اس کا ایک حصہ کام کرنے والے کو اور ایک حصہ مالک کو دیا جائے گا اس دوسرا نام معاملہ بھی ہے۔

(بہار شریعت ج3ح15ص302)

### 117)مستاجر:

کرایہ دار مستاجر کہتے ہیں۔

(بہار شریعت ج3ح14ص107)

### 118)مستعار:

(عاریت دی ہوئی) چیز کو مستعار ہیں۔(بہار شریعت ج3ح14ص54)

### 119)مسکین:

وہ شخص ہے جس کے پاس کچھ نہ ہو یہاں تک کہ کھانے اور بدن چھپانے کے لیے اس کا محتاج ہے کہ لوگوں سے سوال کرے۔

(بہار شریعت ج1ح5ص925)

### 120)مضاربت:

یہ تجارت میں ایک قسم کی شرکت ہے کہ ایک جانب سے مال ہو اور ایک جانب سے کام۔

(بہار شریعت ج3ح14ص1)

### 121)مضاربت مطلقہ:

ایسی مضاربت جس میں زمان و مکان اور قسم تجارت کی تعیین نہیں ہوتی۔

(بہار شریعت ج3ح14ص6)

### 122)مغصوب:

جس چیز پر ناجائز قبضہ ہوا۔

(بہار شریعت ج3ح15ص209)

### 123)مغصوب منہ:

(غصب شدہ چیز کا) مالک۔(ایضًا)

124)مفلس:

مفلس وہ ہے کہ نہ اس کے پاس روپیہ ہے نہ متاع(سامان وغیرہ)

(بہار شریعت ج3ح16ص544)

125)مکرہ:

مجبور کرنے والا۔

126)مکرہ:

جسے مجبور کیا جائے۔

127)مکیل:

ناپ سے بکنے والی اشیاء۔

128)ملتقط:

گری پڑی چیز یا لقیط کے اٹھانے والے کو ملتقط کہتے ہیں۔

(بہار شریعت ج2ح10ص469)

129)مناسخہ:

علم فرائض کی اصطلاح میں اس سے مراد یہ ہے کہ میت کے ترکہ کی تقسیم سے قبل ہی اگر کسی وارث کا انتقال ہو جائے تو اس کا حصہ اس کے وارثوں کی طرف منتقل کر دیا جائے۔(بہار شریعت ج3ح20ص1157)

### 130)مندوب:

ایسافعل جس کا کرنا باعث ثواب ہواور ترک کرنا(یعنی چھوڑنا)اساءت (برا)نہ ہو۔

(ردالمختارج1ص230)

### 131)منقلہ:

وہ زخم جس میں سر کی ہڈی ٹوٹ کر ہٹ جائے۔(بہار شریعت ج3ح18ص842)

### 132)منیحہ:

اس جانور کو کہتے ہیں۔جو دوسرے نے اسے اس لیے دیا ہے کہ یہ کچھ دنوں اس کے دودھ وغیرہ سے فائدہ اٹھائے پھر مالک کو واپس کردے۔

(بہار شریعت ج3ح15ص330)

### 133)موات:

وہ زمین جو آبادی سے فاصلہ پر ہو۔نہ کسی کی ملک ہواور نہ کسی کی حق خاص ہو۔

(بہار شریعت ج3ح17ص664)

### 134)موجر:

آجر کو موجر بھی کہتے ہیں۔

### 135)مودع:

جس شخص نے حفاظت کے لیے کوئی چیز کسی کے پاس رکھ دی جس کی چیز ہے اسے

مودع کہتے ہیں۔(بہار شریعت ج3ح14ص31)

136)مودع:

جس کی حفاظت میں (ودیعت شدہ چیز)دی گئی اسے مودع کہتے ہیں۔(ایضًا)

137)موزون:

وزن سے بکنے والی اشیاء۔

138)موصٰی بہ:

جس چیز کی وصیت کی جائے وہ موصٰی بہ کہلاتی ہے۔

(بہار شریعت ج3ح19ص693)

139)موضحہ:

وہ زخم جس میں سر کی ہڈی نظر آجائے۔

(بہار شریعت ج3ح18ص842)

140)موقوذہ:

وہ جانور جو چوٹ کھانے سے مرا ہو۔

(ردالمختار ج10ص67)

141)مؤکل:

وکیل کرنے والا۔

142)مولی الموالاۃ:

ایک شخص عاقل بالغ کسی کے ہاتھ پر مشرف با اسلام ہوا اس نومسلم نے اس سے یا کسی دوسرے سے موالاۃ کی یعنی یہ کہا کہ اگر میں مرجاؤں تو میرا وارث تو ہے اور مجھ سے کوئی جناہت ہو تو دیت تجھے دینی ہوگی اس نے قبول کرلیا یہ موالاۃ صحیح ہے اس کا نام مولی الموالاۃ ہے۔

(بہار شریعت ج3ح14ص485)

143)مولی العتاقہ:

اسے عصبہ سببی بھی کہتے ہیں۔

144)موھوب:

وہ چیز جو ہبہ (تحفہ) میں دی جائے۔

(بہار شریعت ج3ح14ص68)

145)موھوب لہ:

جس کو ہبہ (تحفہ) دیا جائے اسے موہوب لہ کہتے ہیں۔

(بہار شریعت ج3ح14ص68)

## (ن)

### 1)نذر شرعی:

نذر اصلاح شرع میں وہ عبادت مقصود ہے۔ جو جنس واجب سے ہو اور وہ خود بندہ پر واجب نہ ہو۔ مگر بندہ نے اپنے قول سے اسے اپنے ذمہ واجب کر لیا۔ اور یہ اللہ عزوجل کے لیے خاص ہے اس کو پورا کرنا واجب ہے۔

(فتاوی امجدیہ، ج2ص312،309)

### 2)نذر لغوی:

اولیاء اللہ کے نام کی جو نذر مانی جاتی ہے اسی نذر لغوی کہتے ہیں اس کا معنی نذرانہ ہے جیسے کوئی اپنے استاد سے کہے کہ یہ آپ کی نذر ہے یہ بالکل جائز ہے یہ بندوں کی ہو سکتی ہے مگر اس کا پورا کرنا شرعًا واجب نہیں مثلاً گیارہویں شریف کی نظر اور فاتحہ بزرگان دین وغیرہ۔

(جاء الحق ص314)

### 3)نفاس:

وہ خون ہے کہ جو عورت کے رحم سے بچہ پیدا ہونے کے بعد نکلتا ہے اسے نفاس کہتے ہیں۔(نور الایضاح ص48)

### 4) نجاست غلیظہ:

وہ نجاست جس پر فقہا کا اتفاق ہو اور اس کا حکم سخت ہے۔ مثلاً گوبر، لید یا پاخانہ وغیرہ۔

(بہار شریعت ج1 ح2 ص389)

(بدائع الضائع ج1 ص234)

### 5) نجاست خفیفہ:

وہ نجاست جس میں فقہا کا اختلاف ہو اور اس کا حکم ہلکا ہے۔ جیسے گھوڑے کا پیشاب وغیرہ۔ (ایضًا)

### 6) نجاست مرئیہ:

وہ نجاست جو خشک ہونے کے بعد بھی دکھائی دے۔ جیسے پاخانہ۔

(بہار شریعت ج1 ح2 ص332،331)

### 7) نجاست غیر مرئیہ:

وہ نجاست جو خشک ہونے کے بعد دکھائی نہ دے جیسے پیشاب۔ (ایضًا)

### 8) نصف النہار شرعی:

طلوع صبح صادق سے غروب آفتاب تک کے نصف کو نصف النہار شرعی کہتے ہیں۔

(فتاوی فقیہ ملت ج1 ص58)

### 9) نصف النہار حقیقی (عرفی):

طلوع آفتاب سے غروب آفتاب تک کے نصف کو نصف النہار حقیقی کہتے ہیں۔

(ایضًا)

### 10) نماز اشراق:

فجر کی نماز پڑھ کر سورج طلوع ہونے کے کم از کم 20 منٹ بعد دو رکعت نفل ادا کرنا۔

### 11) نماز چاشت:

آفتاب بلند ہونے سے زوال یعنی نصف النہار شرعی تک دو یا چار یا بارہ رکعت نوافل پڑھنا۔

(بہار شریعت ج1 ح4 ص675,676)

### 12) نماز واپسی سفر:

سفر سے واپس آکر مسجد میں دو رکعتیں ادا کرنا۔

(بہار شریعت ج1 ح4 ص677)

### 13) نماز تہجد:

نماز عشاء پڑھ کر سونے کے بعد صبح صادق طلوع ہونے سے پہلے جس وقت آنکھ کھلے اٹھ کر نوافل پڑھنا نماز تہجد ہے۔

(فتاوی رضویہ ج7 ص446)

### 14) نمازاستخارہ:

جس کام میں کرنے نہ کرنے میں شک ہو اس کو شروع کرنے سے پہلے دو رکعت نفل پڑھنا پھر دعائے استخارہ کرنا۔

(دیکھیے تفصیل، بہار شریعت ج1 ح4 ص682,681)

### 15) نماز حاجت:

کوئی اہم معاملہ در پیش ہو تو اس کی خاطر مخصوص طریقہ کے مطابق دو یا چار رکعت نماز پڑھنا۔

(دیکھیے تفصیل، بہار شریعت ج1 ح4 ص685)

### 16) نماز توبہ:

توبہ واستغفار کی خاطر نوافل ادا کرنا۔

(دیکھیے تفصیل، بہار شریعت ج1 ح4 ص687)

### 17) نحر:

اونٹ کو کھڑا کر کے سینے میں گلے کی انتہا پر تکبیر کہہ کر نیزہ مارنا اس کو نحر کہتے ہیں۔

(بہار شریعت ج1 ح6 ص1141)

### 18) نبیذ:

وہ مشروب جس میں کھجوریں ڈالی جائیں جس سے پانی میٹھا ہو جائے مگر (اعضا کو) سست

کرنے والا اور نشہ آور نہ ہو نشہ آور ہو تو اس کا پینا حرام ہے۔

(الفتاوی الخانیہ ج1 ص9)

## 19) نجش:

نجش یہ ہے کہ کوئی شخص مبیع (بیچی جانے والی چیز) کی قیمت بڑھائے اور خود خریدنے کا ارادہ نہ رکھتا ہو اس سے مقصود یہ ہوتا ہے کہ دوسرے گاہک کو رغبت پیدا ہو اور قیمت سے زیادہ دے کر خرید لے اور حقیقتاً خریدار ہو دھوکا دینا ہے۔

(بہار شریعت ج2 ح11 ص723)

## 20) نذر، نذر شرعی:-دوسری دفعہ لکھی گئی:

نذر اصطلاح شرع میں وہ عبادت مقصودہ ہے جس جنسی واجب سے ہو اور وہ خود بندہ پر واجب نہ ہو مگر بندہ نے اپنے قول سے اسے اپنے زمہ واجب کر لیا ہو مثلاً یہ کہا کہ میرا کام ہو جائے تو دس رکعت نفل ادا کروں گا اسے نذر شرعی کہتے ہیں۔

(فتاوی امجدیہ ح2 ص312)

## 21) نزر عرفی، نزر لغوی:-دوسری دفعہ لکھی گئی:

اولیاء اللہ کے نام کی جو نظر مانی جاتی ہے اسے نذر (عرفی اور) لغوی کہتے ہیں اس کا معنی نزرانہ ہے۔ جیسے کوئی شاگرد اپنے استاد سے کہے کہ یہ آپ کی نذر ہے یہ بالکل جائز ہے یہ بندوں کی ہو سکتی ہے مگر اس کا پورا کرنا شرعاً واجب نہیں مثلاً گیارہویں شریف کی نذر

اور فاتحہ بزرگان دین وغیرہ۔

(جاءالحق ص314)

22) نفقہ:

وہ اخراجات جو شوہر پر بیوی کو دینے واجب ہیں کھانا، کپڑے، رہائش وغیرہ۔

(القاموس الفقھی ص358)

23) نکاح شغار:

ایک شخص نے اپنی لڑکی یا بہن کا نکاح دوسرے سے کر دیا اور دوسرے نے اپنی لڑکی یا بہن کا اس سے کر دیا اور ہر ایک کا مہر دوسرے کا نکاح ہے۔

(بہار شریعت ج2ح7ص66)

24) نکاح فاسد:

ایسا نکاح جس میں نکاح صحیح کی شرطوں میں سے کوئی ایک شرط نہ پائی جائے مثلاً بغیر گواہوں کے نکاح کرنا۔

(ردالمختار ج5ص43)

25) نکاح فضولی:

وہ نکاح جو کوئی شخص کسی مرد یا عورت کا اس کی اجازت کے بغیر جب کہ وہ موجود نہ ہو کسی دوسری عورت یا مرد سے کر دے یہ نکاح نکاح فضولی ہے۔

(ردالمختار ج4ص214)

26) نسبت تباین:

اگر دو مختلف عدد اس قسم کے ہوں کہ نہ تو وہ آپس میں ایک دوسرے کو کاٹیں (تقسیم کریں)اور نہ ہی کوئی تیسرا ان کو کاٹے تو ان میں نسبت تباین ہے۔ جیسے 9اور 10۔

(بہار شریعت ج3ح20ص1140)

## 27)نسبت تداخل:

دو مختلف عددوں میں چھوٹا عدد اگر بڑے کو کاٹ دے یعنی بڑا چھوٹے پر پورا پورا تقسیم ہوجائے تو ان دونوں میں نسبت تداخل ہے جیسے 16 اور 4۔

(بہار شریعت ج3ح20ص1140)

## 28)نسبت توافق:

دو مختلف عددوں میں سے اگر چھوٹا بڑے جو نہ کاٹے بلکہ ایک تیسرا عدد دونوں کو کاٹے تو ان دونوں میں نسبت توافق ہوگی جیسے 8اور 20 کہ انہیں 4 کاٹتا ہے۔

(ایضًا)

## 29)نسبت تماثل:

اگر دو عدد آپس میں برابر ہیں تو ان میں نسبت تماثل ہے جیسے 4=4۔

(ایضًا)

## 30)نطیحہ:

وہ جانور جو کسی جانور کے سینگ مارنے کی وجہ سے مر گیا ہو۔(ردالمختار ج10ص67)

## (و)

### 1)وحی شیطانی:

جو شیطان کی جانب سے کاہن، ساحر، کفار و فساق کے دلوں میں ڈالی جاتی ہے۔

(بہار شریعت ج1ح1ص36)

### 2)واجب:

وہ جس کی ضرورت دلیل ظنی سے ثابت ہو۔(فتاوی فقیہ ملت ج1ص204)

### 3)ودی:

وہ سفید پانی جو پیشاب کے بعد نکلتا ہے۔

(تحففة الفقہاج1،ص27)

### 4)وقت استواء:

نصف النہار کا وقت یعنی اس سے مراد ضحوۂ کبری سے لے کر زوال تک پورا وقت مراد ہے۔

(فتاوی رضویہ ج5ص126)(خاشیہ فتاوی امجدیہ ح1ص49)

### 5)وطن اصلی:

وطن اصلی سے مراد کسی شخص کی وہ جگہ ہے جہاں اس کی پیدائش ہے یا اس کے گھر کے

لوگ وہاں رہتے ہیں یا وہاں سکونت کرلی اور یہ ارادہ ہے کہ یہاں سے نہ جائے گا۔

(بہار شریعت ج1ح4ص750)

### 6)وطن اقامت:

وہ جگہ ہے کہ مسافر نے پندرہ دن یا اس سے زیادہ ٹھہرنے کا وہاں ارادہ کیا ہو۔

(بہار شریعت ج1ح4ص751)

### 7)وقف:

کسی شے کو اپنی ملک سے خارج کرکے خالص اللہ عزوجل کی ملک کردینا اس طرح کہ اس کا نفع بندگان خدا میں سے جس کو چاہے ملتا رہے۔

(بہار شریعت ج2ح10ص528)

### 8)ودیعت:

جو مال کسی کے پاس حفاظت کے لیے رکھا جائے اسے ودیعت اور امانت کہتے ہیں۔

(بہار شریعت ح14ص29)

### 9)وصی:

وصی اس شخص کو کہتے ہیں جس کو وصیت کرنے والا (موصی) اپنی وصیت پوری کرنے کے لیے مقرر کرے۔(بہار شریعت ح19ص55)

### 10)وصیت:

وصیت کرنے کا مطلب یہ ہے کہ بطور احسان کسی کو اپنے مرنے کے بعد اپنے مال یا منفعت کا مالک بنا دینا۔

### 11) وطی بالشبہہ:

شبہ کے ساتھ وطی کرنا یعنی عورت حلال نہ ہو مگر اسے حلال سمجھ کر وطی ہونا جیسے عورت طلاق مغلظہ کی عدت میں ہو اور حلال سمجھ کر اس سے وطی کر لے یہ وطی بالشبہہ ہے۔

(بہار شریعت ج2ح8ص237)

### 12) وکیل بالبیع:

چیز بیچنے کا وکیل۔

(بہار شریعت ج2ح11ص737)

### 13) وکیل بالشراء:

چیز خریدنے کا وکیل۔(ایضًا)

### 14) ولی:

ولی وہ ہے جس کا حکم دوسرے پر چلتا ہو دوسرا چاہے یا نہ چاہے۔

(بہار شریعت ج2ح7ص42)

### 15) وصیت واجبہ:

زکوۃ کی وصیت اور کفارات واجبہ کی وصیت اور صدقہ صیام و صلوۃ کی وصیت کو وصیت واجبہ کہتے ہیں۔

(بہار شریعت ج3ح19ص937)

## 16)وصیت مکروهه:

جیسے اہل فسق و معصیت کے لیے وصیت جب یہ گمان غالب ہو کہ وہ مال وصیت گناہ میں صرف کریں گے۔(ایضًا)

## 17)وصیت مباحه:

جیسے اغنیاء یعنی مالداروں کے لیے وصیت کرنا۔

(ایضًا)

## 18)وصیت مستحبه:

وصیت واجبہ، مکروہہ اور مباحہ کے علاوہ کوئی اور وصیت کرنا وصیت مستحبہ کہلاتا ہے۔(ایضًا)

## (ہ)

### 1)ہدی:

اس جانور کو کہتے ہیں جو قربانی کے لیے حرم کو لے جایا جائے۔

(بہار شریعت ج1ح6ص1213)

### 2)ہبہ:

تحفہ دینا کسی شخص کو عوض کے بغیر کسی چیز کا مالک بنا دینا۔

(بہار شریعت ج3ح14ص64)

### 3)ہنڈی:

اس کی صورت یہ ہے کہ تاجر کو روپیہ بطور قرض دیتے ہیں کہ وہ اس کو دوسرے شہر میں ادا کر دے گا یا اس کے کسی دوست یا عزیز کو دوسرے شہر میں دے دے گا۔ مثلاً اس تاجر کی دوسرے شہر میں دکان ہے وہاں لکھ دے گا اس کو یا اس کے عزیز کو وہاں قرض کا روپیہ وصول ہو جائے گا۔

(بہار شیعت ج2ح12ص883)

### 4)ہاشمہ:

وہ زخم جس میں سر کی ہڈی ٹوٹ جائے۔(بہار شریعت ج3ح18ص842)

# (ی)

## 1) یوم شک:

وہ دن انتیسویں (29) شعبان سے متّصل ہوتا ہے اور چاند کے پوشیدہ ہونے کی وجہ سے اس تاریخ کے معلوم ہونے میں شک ہوتا ہے یعنی یہ معلوم نہیں ہوتا کہ تیس (30) شعبان ہے یکم رمضان اسی وجہ سے اسے یوم الشک کہتے ہیں۔

(نور الامیضاح، کتاب العوم ص154)

## 2) یلملم:

یہ ایک یمن کی میقات ہے اور پاک و ہند والوں کے لیے میقات یلملم کی محاذات ہے۔

(ایضًا) (رفیق الحرمین)

## 3) یمین:

قسم، ایسا عقد جس کے ذریعے قسم کھانے والا کسی کام کے کرنے یا نہ کرنے کا پختہ ارادہ کرتا ہے۔

(الدرالمختار ج5 ص488)

## 4) یمین غموس:

کسی گزشتہ کام کے متعلق جان بوجھ کر جھوٹی قسم کھانا مثلاً قسم کھائی کہ فلاں شخص آگیا ہے

حالاں کہ وہ ابھی تک نہیں آتا۔

(المختصر للقدوری ص 353)

### 5)یمین فور:

کسی خاص وجہ سے یا کسی بات کے جواب میں قسم کھائی جس سے اس کام کا فوراً کرنا یا نہ کرنا سمجھا جاتا ہے اس کو یمین فور کہتے ہیں۔ مثلاً عورت گھر سے نکلنے کا ارادہ کر رہی تھی شوہر نے کہا اگر تو نکلی تو تجھے طلاق اسی وقت اگر وہ نکلی تو طلاق ہو گئی اور اگر اس وقت ٹھہر گئی کچھ دیر بعد نکلی تو نہیں۔

(بہار شریعت ج2ح9ص299)

### 6)یمین لغو:

آدمی گزشتہ زمانے میں کسی کام کے ہونے کی قسم کھائے اور اس گمان پہ ہو کہ اسی طرح ہے جس طرح اس نے کہا ہے جب کہ امر اس کے خلاف ہو یعنی اپنے گمان میں سچی قسم کھائے مگر حقیقت میں جھوٹی ہو۔

(المختصر للقدوری ص 353)

### 7)یمین منعقدہ:

آنے والے زمانے میں کسی کام کے کرنے یا نہ کرنے کی قسم کھانا مثلاً قسم کھائی کہ میں کام کروں گا۔(ایضًا)

### 8) یمین مرسل:

قسم میں کوئی وقت مقرر نہ کیا ہو اور قرینہ سے فوراً کرنا یا نہ کرنا نہ سمجھا جاتا ہو تو اسے یمین مرسل کہتے ہیں۔ مثلاً قسم کھائی کہ زید کے گھر جاؤں گا اب زندگی میں جب بھی گیا تو قسم پوری ہو گئی اور اگر نہ گیا یہاں تک کہ مر گیا تو قسم ٹوٹ گئی۔

(بہار شریعت ج2ح9ص300)

### 9) یمین موقت:

وہ قسم جس کے لیے کوئی وقت ایک دن یا کم و بیش مقرر کر دیا ہو مثلاً قسم کھائی کہ یہ روٹی آج کھاؤں گا اور آج نہ کھائی تو قسم ٹوٹ گئی۔

(ایضًا)

## ہماری اردو کتابیں:

| | |
|---|---|
| بہار تحریر (14 حصے) | از قلم عبد مصطفی محمد صابر قادری |
| اللہ تعالی کو اوپر والا یا اللہ میاں کہنا کیسا؟ | از قلم عبد مصطفی محمد صابر قادری |
| اذان بلال اور سورج کا نکلنا | از قلم عبد مصطفی محمد صابر قادری |
| عشق مجازی (منتخب مضامین کا مجموعہ) | از قلم عبد مصطفی محمد صابر قادری |
| گانا بجانا بند کرو، تم مسلمان ہو! | از قلم عبد مصطفی محمد صابر قادری |
| شب معراج غوث پاک | از قلم عبد مصطفی محمد صابر قادری |
| شب معراج نعلین عرش پر | از قلم عبد مصطفی محمد صابر قادری |
| حضرت اویس قرنی کا ایک واقعہ | از قلم عبد مصطفی محمد صابر قادری |
| ڈاکٹر طاہر اور وقار ملت | از قلم عبد مصطفی محمد صابر قادری |
| مقرر کیسا ہو؟ | از قلم عبد مصطفی محمد صابر قادری |
| غیر صحابہ میں ترضی | از قلم عبد مصطفی محمد صابر قادری |
| اختلاف اختلاف اختلاف | از قلم عبد مصطفی محمد صابر قادری |
| چند واقعات کربلا کا تحقیقی جائزہ | از قلم عبد مصطفی محمد صابر قادری |
| سیکس نالج (اسلام میں صحبت کے آداب) | از قلم عبد مصطفی محمد صابر قادری |
| حضرت ایوب علیہ السلام کے واقعے پر تحقیق | از قلم عبد مصطفی محمد صابر قادری |
| ایک عاشق کی کہانی علامہ ابن جوزی کی زبانی | از قلم عبد مصطفی محمد صابر قادری |
| آئیے نماز سیکھیں (پہلا حصہ) | از قلم عبد مصطفی محمد صابر قادری |

| | |
|---|---|
| قیامت کے دن کس کے نام کے ساتھ پکارا جائے گا | از قلم عبد مصطفی محمد صابر قادری |
| محرم میں نکاح | از قلم عبد مصطفی محمد صابر قادری |
| روایتوں کی تحقیق (تین حصے) | از قلم عبد مصطفی محمد صابر قادری |
| بریک اپ کے بعد کیا کریں؟ | از قلم عبد مصطفی محمد صابر قادری |
| ایک نکاح ایسا بھی | از قلم عبد مصطفی محمد صابر قادری |
| کافر سے سود | از قلم عبد مصطفی محمد صابر قادری |
| میں خان تو انصاری | از قلم عبد مصطفی محمد صابر قادری |
| جرمانہ | از قلم عبد مصطفی محمد صابر قادری |
| لا الہ الا اللہ، چشتی رسول اللہ؟ | از قلم عبد مصطفی محمد صابر قادری |
| سفرنامہ بلاد خمسہ | از قلم عبد مصطفی محمد صابر قادری |
| منصور حلاج | از قلم عبد مصطفی محمد صابر قادری |
| فرضی قبریں | از قلم عبد مصطفی محمد صابر قادری |
| سنی کون؟ وہابی کون؟ | از قلم عبد مصطفی محمد صابر قادری |
| ہندستان دار الحرب یا دار الاسلام؟ | از قلم عبد مصطفی محمد صابر قادری |
| رَضا یا رِضا | از قلم عبد مصطفی محمد صابر قادری |
| 786/92 | از قلم عبد مصطفی محمد صابر قادری |
| فتنہ گوہر شاہی | از قلم عبد مصطفی محمد صابر قادری |
| سلاسل میں بٹے ہوئے سنی کب ایک ہوں گے؟ | از قلم عبد مصطفی محمد صابر قادری |

| | |
|---|---|
| کلام عبید رضا | پیشکش عبد مصطفی آفیشل |
| تحریرات لقمان | ازقلم علامہ قاری لقمان شاہد |
| بنت حوا (ایک سنجیدہ تحریر) | ازقلم کنیز اختر |
| عورت کا جنازہ | ازقلم جناب غزل صاحبہ |
| تحقیق عرفان فی تخریج شمول الاسلام | ازقلم عرفان برکاتی |
| اصلاح معاشرہ (منتخب احادیث کی روشنی میں) | ازقلم عرفان برکاتی |
| مسائل شریعت (جلد 1) | ازقلم سید محمد سکندر وارثی |
| اے گروہ علما کہہ دو میں نہیں جانتا | ازقلم مولانا حسن نوری گونڈوی |
| مقام صحابہ امام احمد بن حنبل کی نظر میں | ازقلم علامہ وقار رضا القادری المدنی |
| مفتی اعظم ہند اپنے فضل و کمال کے آئینے میں | ازقلم محمد ثقلین ترابی نوری |
| سفرنامہ عرب | ازقلم مفتی خالد ایوب مصباحی شیرانی |
| من سب نبیا فاقتلوہ کی تحقیق | ازقلم زبیر جمالوی |
| ڈاکٹر طاہر القادری کی 1700 تصانیف کی حقیقت | ازقلم مفتی خالد ایوب مصباحی شیرانی |
| علم نور ہے | ازقلم محمد شعیب جلالی عطاری |
| یہ بھی ضروری ہے | ازقلم محمد حاشر عطاری |
| مومن ہو نہیں سکتا | ازقلم فہیم جیلانی مصباحی |
| جہان حکمت | ازقلم محمد سلیم رضوی |
| ماہ صفر کی تحقیق | ازقلم مولانا محمد نیاز عطاری |

| | |
|---|---|
| فضائل و مناقب امام حسین | از قلم ڈاکٹر فیض احمد چشتی |
| شان صدیق اکبر بزبان محبوب اکبر | از قلم امام جلال الدین سیوطی رحمہ اللہ |
| تحریرات بلال | از قلم مولانا محمد بلال ناصر |
| معارف اعلی حضرت | از قلم مولانا سید بلال رضا عطاری مدنی |
| نگارشات ہاشمی | از قلم مولانا محمد بلال احمد شاہ ہاشمی |
| ماہنامہ التحقیقات (ربیع الاول 1444ھ) | پیشکش دار التحقیقات انٹرنیشنل |
| امیر معاویہ پہلی تین صدیوں کے اسلاف کی نظر میں | از قلم مبشر تنویر نقشبندی |
| زرخانۂ اشرف | از قلم محمد منیر احمد اشرفی |
| حضرت خضر علیہ السلام۔ایک تحقیقی جائزہ | از قلم محمود اشرف عطاری مرادآبادی |
| ایمان افروز تحاریر | از قلم محمد ساجد مدنی |
| انبیا کا ذکر عبادت۔ایک حدیث کی تحقیق | از قلم اسعد عطاری مدنی |
| رشحات ابن حجر | از قلم فرحان خان قادری (ابن حجر) |
| تجلیات احسن (جلد 1) | از قلم محمد فہیم جیلانی احسن مصباحی |
| درس ادب | از قلم غلام معین الدین قادری |
| تحریرات شعیب (الحنفی البریلوی) | از قلم محمد شعیب عطاری جلالی |
| حق پرستی اور نفس پرستی | از قلم علامہ طارق انور مصباحی |
| خوان حکمت | از قلم محمد سلیم رضوی |
| صحابہ یا طلَقاء؟ | از قلم مبشر تنویر نقشبندی |

| | |
|---|---|
| روشن تحریریں | از قلم ابو حاتم محمد عظیم |
| تحریرات ندیم | از قلم ابن جاوید ابو ادب محمد ندیم عطاری |
| امتحان میں کامیابی | از قلم ابن شعبان چشتی |
| اہمیتِ مطالعہ | از قلم دانیال سہیل عطاری |
| دعوت انصاف | از قلم علامہ ارشد القادری رحمہ اللہ |
| حسام الحرمین کی صداقت کے صد سالہ اثرات | از قلم محمد ساجد رضا قادری کٹیہاری |
| تحریرات ابن جمیل | از قلم ابن جمیل محمد خلیل |
| ماہنامہ التحقیقات (ربیع الآخر 1444ھ) | پیشکش دار التحقیقات انٹرنیشنل |
| مسئلۂ استمداد | از قلم حمد مبشر تنویر نقشبندی |
| حضرت امیر معاویہ اور مجدد الف ثانی | از قلم محمد مبشر تنویر نقشبندی |
| میرے قلم دان سے | از قلم احمد رضا مغل |
| عوامی باتیں (حصہ 1) | از قلم فیصل بن منظور |
| تحقیقات اویسیہ (جلد 1) | از قلم علامہ اویس رضوی عطاری |
| امیر المجاہدین کے آثار علمیہ | از قلم محمد آصف اقبال مدنی عطاری |
| رافضیوں کا رد | از قلم امام اہل سنت، اعلی حضرت رحمہ اللہ |
| چھوتی بیماریاں | از قلم علامہ مفتی فیض احمد اویسی |
| فتاوی کرامات غوثیہ | از قلم امام اہل سنت، اعلی حضرت رحمہ اللہ |
| غامدیت پر مکالمہ | از قلم ابو عمر غلام مجتبی مدنی |

| | |
|---|---|
| خودکشی | ازقلم علامہ مفتی فیض احمد اویسی |
| مقالاتِ بدر (جلد 1) | ازقلم علامہ بدر القادری رحمہ اللہ |
| ماہنامہ التحقیقات (جمادی الاولی 1444ھ) | پیشکش دار التّحقیقات انٹرنیشنل |
| سردی کا موسم اور ہم | ازقلم خالد تسنیم المدنی |
| ردناصر رامپوری | ازقلم میثم عباس قادری رضوی |
| چشمۂ حکمت | ازقلم محمد سلیم رضوی |
| کتابوں کے عاشق | ازقلم محمد ساجد مدنی |
| عبد السلام نامی علما و مشائخ | ازقلم (مفتی) غلام سبحانی نازؔش مدنی |
| التعقبات بنام فرقۂ باطلہ کا تعاقب | ازقلم شعیب عطاری جلالی |
| تحریر کی ضرورت و اہمیت | ازقلم عمران رضا عطاری مدنی |
| دشمن صدیق و عمر | ازقلم امام جلال الدین سیوطی |
| عرفان بخشش شرح حدائق بخشش | ازقلم اعظمی مصباحی، ذیشان رضا امجدی |
| وسائل بخشش کا فکری و فنی جائزہ | ازقلم شاعر عمران اشفاق |
| موسیقی فقہاے کرام کی عدالت میں | ازقلم محمد بلال ناصر |
| ماہنامہ التحقیقات (جمادی الآخرہ 1444ھ) | پیشکش دار التّحقیقات انٹرنیشنل |
| مختصر مگر مفید | ازقلم فیصل بن منظور |
| اللہ و رسول کے لیے لفظ عشق کا استعمال | ازقلم جلال الدین احمد امجدی رضوی |
| شرح فقہ اکبر (سوالاً جواباً) | ازقلم ابن شعبان چشتی |

| | |
|---|---|
| تلخیص نور المبین (سوالاً جواباً) | از قلم ابن شعبان چشتی |
| دینی تعلیم | از قلم علامہ سید شاہ تراب الحق قادری |
| سیرت صدیق اکبر | از قلم سید مفتی خادم حسین شاہ |
| فتاوی خادمیہ (جلد 1) | از قلم سید مفتی خادم حسین شاہ |
| ذکر اویس قرنی | از قلم ملا علی قاری حنفی |
| اذان سحر | از قلم خلیل احمد فیضانی |
| قرآن کریم اور گلہ بانی | از قلم ابو الفواد توحید احمد طرابلسی |
| سیرت مدار اعظم | از قلم علامہ مفتی فیض احمد اویسی |
| ایک گناہ سترہ گواہ | از قلم خالد تسنیم المدنی |
| بدعت اور ائمہ | از قلم حسان رضا راعینی |
| ایمان کی باتیں | از قلم محمد شاہ رخ قادری |
| بوقت رخصتی عمر عائشہ | از قلم ابو عمر غلام مجتبیٰ مدنی |
| مسائل صراط الجنان (حصہ 1) | از قلم خالد تسنیم المدنی |
| اصطلاحات فقہ | از قلم محمد ندیم عطاری المدنی |

AMO

SABIYA
VIRTUAL PUBLICATION

enikah

niiii

BOOKS r

PS graphics

# DONATE

## ABDE MUSTAFA OFFICIAL

**Abde Mustafa Official** is a team from Ahle Sunnat Wa Jama'at working since 2014 on the Aim to propagate Quraan and Sunnah through electronic and print media. We're working in various departments.

**Blogging :** We have a collection of Islamic articles on various topics. You can read hundreds of articles in multiple languages on our blog.

**amo.news/blog**

**Sabiya Virtual Publication**

This is our core department. We are publishing Islamic books in multiple languages. Have a look on our library **amo.news/books**

**E Nikah Matrimonial Service**

E Nikah Service is a Matrimonial Platform for Ahle Sunnat Wa Jama'at. If you're searching for a Sunni life partner then E Nikah is a right platform for you.

**www.enikah.in**

**E Nikah Again Service**

E Nikah Again Service is a movement to promote more than one marriage means a man can marry four women at once, By E Nikah Again Service, we want to promote this culture in our Muslim society.

**Roman Books**

Roman Books is our department for publishing Islamic literature in Roman Urdu Script which is very common on Social Media.

read more about us on **amo.news**

For futher inquiry: info@abdemustafa.com

**SCAN HERE**

PhonePe G Pay Paytm

**9102520764**

**BANK DETAILS**

Account Details :

**Airtel Payments Bank**

Account No.: 9102520764

(Sabir Ansari)

IFSC Code : AIRP0000001

or open this link | amo.news/donate



# اصطلاحات فقہ

A

**Abde Mustafa Official** is a team from Ahle Sunnat Wa Jama'at working since 2014 on the Aim to propagate Quraan and Sunnah through electronic and print media. We're working in various departments.

**Blogging :** We have a collection of Islamic articles on various topics. You can read hundreds of articles in multiple languages on our blog.

**blog.abdemustafa.com**

**Sabiya Virtual Publication**

This is our core department. We are publishing Islamic books in multiple languages. Have a look on our library **books.abdemustafa.com**

**E Nikah Matrimonial Service**

E Nikah Service is a Matrimonial Platform for Ahle Sunnat Wa Jama'at. If you're searching for a Sunni life partner then E Nikah is a right platform for you.**www.enikah.in**

**E Nikah Again Service**

E Nikah Again Service is a movement to promote more than one marriage means a man can marry four women at once, By E Nikah Again Service, we want to promote this culture in our Muslim society.

**Roman Books**

Roman Books is our department for publishing Islamic literature in Roman Urdu Script which is very common on Social Media.

read more about us on **www.abdemustafa.com**

For futher inquiry: info@abdemustafa.com

M O

AMO
ABDE MUSTAFA OFFICIAL

SABIYA
VIRTUAL PUBLICATION

ISBN (N/A)